ہرادے ورندی تنگ کن بلوچ جہد کار (نرینہ وزالبول) تے ریحان نا پارو کا کسر آ ہنوئی مریک انتئے کہ ریحان چائسکہ، او دور اندیشن ئس، اوراہشون ءِ کہ دا کسر دڑمن ودڑمن تون ہم کو پہ غا تے تو ننگ کیک۔ او جوان چائسکہ داوختا چِک وتاڑ آ تیان سرگڑ دان آ قوم ءِ حوصلہ بشخنگ کن، او فتے ٹوئنگ کن انداترندا توارنا خواست ءِ۔

اسیکہ پارہ غا ریحان راہشونی نا فرض ءِ ایسری تریسہ اولیکو گام ءِ تینٹ ارفے تو ایلو پارہ سنگت استاد اسلم بلوچ، لمہ یاسمین قومی فرض ئنا مونا، مارئنا راہشونی نا مونا ہڑ اند شاغتور کہ انداٹی بقاء ءِ۔

استاد اسلم دو دو روایت آتے پر غسہ فدائین تالڑ آن مارئناپن ءِ گچین کرے ولمہ یاسمین ''اِن کنا مارای نے وطن کن ندر کریٹ'' پاریسہ ہنینا مل ءِ دروت اس ہلیسہ رادہ کرے۔

بلوچ راج وبلوچ قومی تحریک تون اوار خلقت کن دا اسہ رڑ ناؤ کسرئسے کہ او فک راہشون نا

کلھو، اونا کڑ دار واونا صفت ءِ تینا کیر کہ سر سہی اندائی ءِ، قومی تشخص نا بچفنگ، قومی آزاتی تون اوار داتیوہ غا ویل، ہڑ وجنجال آ تا ایسری اندا ڑتون ءِ۔ داسہ ہم اگہ نن تینے وتینا کسر ءِ پہہ متون گڑا نن ہچبر سر سہب مفرون۔ اگہ نن گواچنی تینا قوم ووطن تون مخلص اُن گڑا ریحان ءِ پہہ مرین واونا کڑ د، اونا نظریہ ءِ تینائی کن کہ اوراہشون ءِ۔

☆☆☆

کنامارای نے وطن کہ ندر کریٹ

نودان بلوچ

ہراسہ عمل اسے کہ انتہائس ضروری ئے۔ انتہاء ہموعمل نا جنون پاننگک۔ ڈنکہ محبت نا انتہاء عشق ئے وعشق محبت نا جنون ئے۔ تینا مقصد کہ بندغ ہراتم انتہاء غا سرمس گڑا چاس کہ او ہموعمل تون جنون نا حداسکان محبت کیک۔

بلوچ تحریک تون ہر ہمو بلوچ سپاہی محبت کیک ہرا کہ ملاس بینکن لنگڑ شپاد بے نپاد و بے اُرا مَش تیٹ بیابان تیٹ تموک داعمل ٹی تینا ونڈے شاغسہ ہراسہ خوشی نا قربانی ئے تننگ ئے او تینا اُرا، زائیفہ، چنا، لمہ، باوہ، ایڑ، ایلم سیال قریب کل آتے ہنداعمل نا سرسوبی کہ ہلانے۔ تینا زندنا ہر خواہش ہر مراد ہر گل و بالی ئے ہنداعمل نا خاتر خیر خلکو نے سنگر کرینے تولوکے۔ کلان زیات دا کہ داعمل ٹی اوڑ کہ زاتی وڑاٹ فاہدہ مندی اف بلکہ اوراج اسے نا فاہدہ مندی کہ تینا سائے دلدستا تخانے۔ ہر وخت اومرک آتون ہمرائے۔

داکل اونا داعمل تو مہر و مابت نا نشا نیکو ولے داعمل ٹی ہرا انتہائی آعملی قربانی نا درشانی ئے ''شہید درویش بلوچ وشہید ریحان بلوچ'' کریر۔ دا فک بلوچ تحریک نا تاریخ نا اسہ باب ئس گوندنگرہ۔

زوتیٹ بہادر اجرات مندار یحان بلوچ نا چینی انجینئر تابس آڈالبندن ٹی فدائی حملہ (ہراٹی چندی چینی انجینئر و پاکستانی اہلکار کسکر چندیک ٹپی مسُر)

داگڑانا کلہوئے تینا دشمن ئے تس کہ نن تینا داتحریک تون عشق کینہ ہرا کہ محبت نا انتہائے۔

شہید ریحان بلوچ نا انتہائی درجہ غا بلوچ تحریک ٹی ہرفو کا داگام نہ بیرہ دشمن ریاست ٹی ہڑز ئس شاغا بلکہ دنیا جہان نا معاشی منڈی تے آ ایسٹ انڈیا کمپنی ناوڑ قوضہ گیر مروکا چین ئے ہم سُر فے، اوفک مجبور مسُر بلوچ گوریلا جنگ نا ذمہ وار آتون ہیت وگپ کننگ ئے شروع کریر کہ

ننے آن سی پیک نامَداٹ انتس خوارے ایتنہ نمے نا سی پیک نا پروجیکٹ ئے ڈسٹرب کپہ بو۔ بنگ ہندادے کہ بازا خواجہ غاک چین نا داسودا بازی نا جوفہ ٹی تمسہ کلٹی ہم مسنو۔

ریحان بلوچ نا باوہ جان وشیر زال آلمہ ہم داعمل ٹی تینا عشق نا ہرا درشانی ئے کرینوا ونا ہم مثیال تاریخ ٹی ملپک۔ ہراوڑ اسہ لمہ ئس تینا ورنا انگا

مارے رخصت کیک پائک کہ ''اللہ نا جولی ٹی اُس کنامارای نے وطن کہ ندر کریٹ'' دا اسہ جملہ ئس اف داٹی باز بھلو معانی ئس تخوکے۔ داعمل اسہ بھلو جغر ئس خوائک کہ لمہ و باوہ تینا مارے تینٹ خودکش کہ راہی کننگو او فتے خبرے ہم ننا چنا داٹی زندہ بچپک۔

ایلو پارہ غا داعمل بلوچ تحریک ٹی پوسکنو جوزہ و ولولہ ئس ہم ودی کرے۔ انتنے کہ دا نیامٹ اسُل چپ چپانی ئس تالان ئس، مخلوق ہندا پاریکہ کہ جنگ چٹّا ولے دا ''شہید یحان بلوچ'' نا فدائی حملہ اسہ پین تگ سُر اس ودی کرسہ اصل گوریلا جنگ ناوڑ وڈول، حکمت عملی تے شان تس کہ دا فک تینے خرماتاوڑ جوان سَر پیّرہ موقع ئے بربیر کرسہ حملہ ئس کیرہ۔

ولے ایلو پارہ غا دا فدائی حملہ وریحان بلوچ نا شہادت آن پدحیر بیارمری نا بروکار دعمل مخلوق نا زہن تیٹ بھلو سوال ئس بَش کرے۔

سوال ہندادے کہ اسہ پارہ غان ورناک تینا سائے دلدستہ تخسہ دا محبت نا انتہائی درجہ غا ہنسہ تینے قربان کننگو۔ ایلو پارہ غا داڈھیہ داجنگ نا میدان آن ہزار امیل مُر جوانگا بخملی آ کرسی تے آ تولوک اسہ ہندنو بندغ ئس داعمل ئے خراب پائک ہرا بندغ نا جند تینٹ وخت اسے ٹی دا تنظیم نا مُہکش مسونے۔ داوڑ نا گڑاک تحریک نا حوالہ ٹی خاص کر ہمو اُراتیٹ ہمو بندغا تیٹ اسہ نا اُمیدی ئس تالان کیرہ ہرافتا چناک داتحریک ٹی شہید ریحان بلوچ، شہید درویش بلوچ ناوڑ قربانی ترسہ شہید مسنو ہرافتا تعداد داسا ہزار آن گیش ئے۔ داوڑ نا ردعمل تے تورنگ کہ بائدے تنظیم نا ارٹی کمان مون مستی برسہ تینا لائحہ عمل ئے جوڑیر۔

☆☆☆

اردو مضامین

"چنبیلی" کی کوکھ میں پروان چڑھتا "نازبو"

برزکوہی

اس فلسفے کو میں نے پروان چڑھتے دیکھا بھی ہے اور سنا بھی ہے کہ پھول اپنی کوکھ سے خوشبو کی مہک کے ساتھ کانٹوں کو بھی جنم دیتی ہے لیکن کبھی یہ نہیں دیکھا، نہ سنا تھا کہ پھول اپنی کوکھ سے ایک اور مختلف رنگ وخوشبو کے پھول کو بھی جنم دی سکتی ہے لیکن ابھی یہ ناممکن سی سچائی ممکن بن گیا کہ پھول تو پھول کو جنم دیتا ہے۔

یہ پہلا تاریخی واقعہ ہے، اس کی نظیر نہ کتابوں میں اور نہ ہی تاریخ کے دریچوں میں ملے گی، اس لیے آج، اس تاریخی واقعے کے بعد تمام کتابیں اور میرے ذہن میں جتنا بھی مواد تھا، وہ سب کے سب اس تاریخی واقعے اور کرداروں کے سامنے بے بس اور لاچار ہوگئے، میرے ذہن میں ایسا کوئی واقعہ نہیں یا میرے دسترس کی کتابوں میں بھی نہیں کہ میں اس کا حوالہ دوں، بہت سے ایسے افسانوی، رومانوی، مبالغہ آرائی، تصوراتی یا غیر حقیقی قصے ضرور ذہن میں یا کتابوں میں موجود ہیں، لیکن سب کے سب اپنی نوعیت و حالت کی وجہ سے بہت مختلف ہیں۔ جن کا اس تاریخی کردار، واقعے یا کارنامے سے موزانہ کرنا، خود اس تاریخی واقعے اور کرداروں کے ساتھ سراسر ناانصافی ہوگی، اس لیے میں نے انتہائی سوچ وسمجھ، تجزیہ اور موازنہ کر کے تمام کتابی معلومات کے حوالہ جات سے گریز کیا، تاکہ میں اپنی بہن یاسمین بلوچ اور بھائی اسلم بلوچ اور ریحان بلوچ کے کردار، سوچ وافکار، نظریات اور قربانیوں کے بارے میں کچھ لکھ سکوں۔

قدرت کا بھی کمال ہے، فیصلے سے قبل ہی، دونوں عظیم انسانوں، ماں اور بیٹے کے نام اس وقت کیسے اور کس طرح مشترک اور معنی خیز رکھ دیا، ایک کو اسلم کا شریک حیات اور دوسرے کو بیٹا بنا کر اسلم کو ایک لیجنڈ اور تاریخ بنا دیا۔ میرے تجربے اور مشاہدے کے مطابق یہ سب کچھ انسان کو

اپنی نیک نیتی، خلوص، عمل اور محنت سے حاصل ہوتا ہے، جیسا نیت اور سوچ ہوگا ویسا ہی نتیجہ و عمل اور جو کردار آپ کے حصہ میں آئے گا، اسے کوئی بھی طاقت بدل نہیں سکتا ہے۔

اب یاسمین کا لفظی معنی چنبیلی کا پھول اور ریحان کا لفظی معنی ناز بو (سوئیٹ بیزل) کا پھول، یہ تو تاریخ بتاتی ہے کہ کچھ پھول کھلتے ہی مرجھا جاتے ہیں، اور کچھ ہمیشہ ہمیشہ کھلے رہنے کیلئے کھلتے ہیں۔

ریحان جان کو تو آج ویسے بھی معلوم نہیں ہوگا کہ تاریخ ساز دور میں ریحان ایک تاریخ بن کر کس مقام پر پہنچ چکا ہے، کیونکہ وہ تو خود کو مادر وطن کی مٹی میں تا ابد تحلیل کر چکا ہے، لیکن میری بہن یاسمین اور اسلم بلوچ کو بھی شاید خود اندازہ نہیں ہو رہا ہے کہ وہ آج مورخین اور بلوچ قوم کے دلوں اور ذہنوں میں کہاں پر اور کس حد تک اثر انداز ہو چکے اور ہو رہے ہیں۔ کیونکہ یہ دنیا کی اور انسانی تاریخ کی ایک مستند حقیقت ہے کہ انسان جب زوال کے دہانے پر ہو یا عروج کے دہانے پر، اس کو خود کبھی صحیح طریقے سے صحیح اندازہ نہیں ہوتا۔

ریحان جان کے ماں اور باپ کے ساتھ ان کے آپسی خونی رشتے سے زیادہ یہاں فکری رشتے نمایاں نظر آتے ہیں، میری رائے کو ایک دفعہ پھر تصدیق کا بہترین موقع ملا کہ جب بھی جہاں بھی قومی جہد و جہد کے ساتھ وابستہ ہوتے ہوئے، ذاتی، خونی، قبائلی، علاقائی، رشتوں کے ذرہ بھی آثار ظاہر ہوں، تو وہاں لازماً قومی فکر کی کمزوری اور مفلوج زدگی موجود ہوگا، پھر یہ ضرور سمجھنا قومی فکر خود انتہائی نگہداشت کے وارڈ میں زیر علاج پڑا ہے۔

اگر آج بہن یاسمین اور اسلم بلوچ میں ذرہ بھی ذاتی و خونی رشتوں کا اہمیت ہوتا، تو وہ ریحان کو راستہ فراہم نہیں کرتے اور اسلم بلوچ، مجید فدائین بریگیڈ کے فدائین لسٹ سے پہلے نمبر پر ریحان کو منتخب نہیں کرتا، تو یہ اس بات کی نشاندہی ہے کہ یاسمین اور اسلم بلوچ کی قومی فکر مفلوج اور کمزور نہیں ہے۔

باقی ہم جیسے انسانوں کی تمام کمزوری، لاچاری، مجبوری، الجھن، بہانے، جواز، غلط فیصلے اور غلط اقدامات ہم نام و شکل اور دلیل جو بھی دیں شاید کچھ ناسمجھ لوگوں کو مطمئن بھی کر لیں لیکن یہ ایک

تلخ حقیقت ہے، ہمیں اعتراف کرنا ہوگا کہ ہم خود ابھی تک فکر اور فکر کا دعویدار ہوتے ہوئے بھی، فکری حوالے سے بہت کمزور اور مفلوج ہیں۔

اس کے بعد ریحان کی عظیم قربانی اور فیصلے سے شاید میری ذہنی کیفیت فخر، خوشی، غم، افسردگی، پریشانی، جدائی، باقی دوستوں اور جہدکاروں سے ایک جیسا ہوتے ہوئے بھی کچھ مختلف ضرور ہے۔

میرے لیے شہید کی قربانی کے تسلسل کو جاری رکھتے ہوئے، شہید کے خون کا لاج رکھنا، ایک بہت بڑا کھٹن اور مشکل ترین امتحان ہے، صرف شہید کی قربانیوں پر سینہ تان کر فخر کرنا، افسردہ ہونا، جذباتی و جنونی ہونا، شہید کی روح کی تسکین ہرگز نہیں ہوگا۔

بلوچ قوم اور بلوچ جہدکاروں میں ریحان کی قربانی کے بعد پیدا ہونے والی mob جوش و حوصلہ اور امیدوں کو دائمی حوصلہ افزائی اور پرامیدی کا رخ دیکر، انہیں تحریکی و شعوری شکل دیکر تحریک کو موثر و منظّم اور عوامی تحریک کا پہچان دینا اور کامیابی سے ہمکنار کرنا ہوگا، یہ تمام جہدکاروں کی ذمہ داری اور فرض ہے۔

دنیا بھر میں، خاص طور پر بلوچ قومی تحریک میں، ماضی میں ایسے بہت سے تاریخی واقعات ہو چکے ہیں، جو تحریک کے لیئے سودمند ثابت ہوتے، لیکن تحریک دشمن قوتوں نے اپنے عزائم اور مقاصد کی خاطر، انہیں مختلف سازشوں، حربوں اور ہتھکنڈوں کے ذریعے زائل کر چکے ہیں، جس کی واضح مثال نواب اکبر خان بگٹی کی شہادت، اس کی قومی سطح پر جوش و جذبے کے اثرات کو آئی ایس آئی اور ایم آئی کی ایماء پر گرینڈ جرگے کے ذریعے، خان آف قلات دیگر نوابوں، سرداروں، میر اور معتبروں کے ذریعے سرد مہری کا شکار کرنا یا پھر شہید درویش، شہید صباء، شہید غلام محمد، شہید محمود خان اور دیگر ہزاروں شہداء کی قربانی اور قومی جنگ کی شدت اور بلوچ قوم میں امید اور حوصلوں کے اثرات کو سرد مہری اور زائل کرنے کے لیے بلوچ آزادی پسند قوتوں میں انتشار و خلفشار، آپسی لڑائی، پروپگنڈہ اور کردار کشی کا سلسلہ شروع کر دیا گیا، جس کے منفی اثرات پورے بلوچ قوم اور تحریک پر اثر انداز ہوئے، جو قومی تحریک اور بلوچ قوم میں مایوسی و بدظنی ثابت ہوئی۔

ریحان بلوچ نے اپنے لہو اور فیصلے سے تمام مایوسی، ناامیدی، الجھن، سطحیت، موقع پرستی، خود غرضی، لالچ، خوف اور تحریک سے ذاتی و خاندانی کام نکالو، والے رجحانات اور خیالات پر مٹی ڈال کر یہ ثابت کیا کہ تحریک اور جہد کی اصل اور حقیقی تقاضات اور ضروریات کیا ہیں؟ تحریک اور قومی پارٹی کوئی بزنس، کمپنی اور سرکاری محکمہ نہیں، جو جہد کاروں کو آسائش، مراعات، سہولت اور تنخواہ دے بلکہ تحریک اور انقلاب اپنے بچوں اور دوستوں کو خود نگل جانے کا نام ہے۔ ریحان کا یہ فلسفہ باضمیر اور احساس کے مالک لوگوں کی سوچ کو ضرور تبدیل کر دیگا، جب ضمیر اور احساس مر چکے ہوں اور موقع پرستی لالچ اور خوف، زندہ ہو، تو ایک ریحان نہیں ہزار ریحان کی قربانی مرے ہوئے احساسات اور ضمیروں کو زندہ نہیں کر سکتا اور تبدیل بھی نہیں کر سکتا، بس ان پر خدا ہی کا عذاب ہوگا۔

کسی صحابی نے حضور پاک سے پوچھا ''جی حضور پاک خدا کا عذاب اور مارنے کا طریقہ انسان پر کیسے اور کس طرح ہوگا؟'' تو حضور پاک نے فرمایا ''بس اور کچھ نہیں ہوگا، صرف خدا انسان کے عقل پر پردہ ڈال دیگا۔''

بلکل خدا کے ہاتھ میں کوئی لاٹھی، تلوار اور بندوق نہیں کسی کو مار دے، بس جب انسان کا عقل کام نہیں کریگا وہی خدا کا عذاب اور مارنے کا طریقہ ہوگا۔

ریحان کی قربانی کا احترام اور لاج کو ہمیشہ قائم و دائم رکھنے اور اسی تسلسل کو جاری رکھنے میں بلوچ قومی تحریک کی کامیابی اور کامرانی ہے اور دشمن قوتیں حتی الوسع کوشش کرینگے کہ اس ماحول mob حوصلہ، امید اور جذبات کو واپس مایوسی، بے چینی اور الجھن میں تبدیل کر دیں لیکن اب یہ ان مخلص آزادی پسند دوستوں کے صلاحیتوں، احساسات، شعور و علم اور قابلیت پر انحصار کرتی ہے کہ وہ کس طرح اور کیسے سنجیدگی سے ایسی تمام چیزوں کو سمجھ کر اپنے کام پر توجہ دینگے۔

خاص طور پر سوشل میڈیا میں بحث در بحث، کج بحثی اس وقت ریحان کی لہو کے ساتھ مذاق کے علاوہ اور کچھ نہیں، اس سے تمام مخلص دوست گریز کریں، جو شعوری، دانستگی و منصوبہ بندی کے تحت کر رہے ہیں، انہیں کرنے دیا جائے، ریحان نے اپنے خون سے سب سوالوں، پروپیگنڈوں، جھوٹ اور الزام تراشیوں کا جواب دے دیا، پھر اس کے بعد ہمارے جواب دینے

کی کوئی ضرورت نہیں ہے، تو اس حوالے سے میں تمام دوستوں سے ایک بار پھر دست بندی کرتا ہوں کہ وہ اب خدارا ان سطحی گند آلود غیر ضروری کوڑے دان کے لائق چیزوں پر بلکل توجہ نہ دیں بلکہ اپنے کام اور مقصد پر توجہ دیں، اگر ہم ان چیزوں پر توجہ دینگے، جذباتی ہونگے، یہ خود ہمارے فکر، سوچ اور شعور کی کمی کی نشاندہی ہوگی اور اپنے کردار پر بے یقینی کی علامت ہوگی۔

بس پہلے بھی اور آئندہ بھی ہمیں اپنے عمل اور کردار سے ثابت کرنا ہوگا کہ تو تو میں میں اور چو چو کا مربہ بنانے کی کوئی ضرورت نہیں۔

☆☆☆

بلوچ قوم کا جوانسال مورخ
شہید ریحان جان بلوچ

ڈاکٹر جلال بلوچ

پچھلے دنوں میں نے ایک کالم میں یہ لکھا تھا کہ کردار ہی مورخ ہے۔ وہ کالم لکھے ابھی تین دن نہیں گزرے تھے کہ تاریخ رقم کرنے والا ایک اور عظیم کردار شہید ریحان بلوچ کے نام سے ہمارے سامنے آ گیا۔ شہید ریحان بلوچ نے اپنے عمل اور کردار سے بلوچ سماج میں شہید مجید اول اور شہید درویش بلوچ کے نقشِ قدم پہ چلتے ہوئے تاریخ کا ایک اور باب رقم کیا جسے رہتی دنیا تک کوئی بھلا نہیں سکتا۔

جب ہم دنیا کی آزادی کی جنگوں میں فدائی حملوں کی تاریخ کا جائزہ لیتے ہیں تو اس حوالے سے نوآبادیاتی نظام میں پہلا فدائی ہمیں ہندوستان کی سرزمین پہ کمانڈر کھلی کی صورت میں نظر آتا ہے۔ یہ عظیم عورت کمانڈر کھلی جنوبی ہندوستان میں تامل قوم میں پیدا ہوئی۔ اپنی قوم کی آزادی کی جدوجہد کی کامیابی کے لیے اس عظیم کمانڈر نے برطانوی نوآبادیات کے بارودی مواد کو نشانہ بنایا جو ایک مندر میں چھپائے گئے تھے کیونکہ انہیں یہ جانکاری تھی کہ اگر برطانوی قبضہ گیر کو شکست دینا ہے تو اس کے لیے اس کے بارود اور ہتھیاروں کو نشانہ بنانا ہوگا۔ اس کے بعد ہوا بھی یہی جہاں ہتھیاروں کی عدم دستیابی اور کمی نے برطانوی فوج کو ہندوستانیوں کے ہاتھوں شکست سے دوچار کیا۔

دنیا میں اس سے قبل کتنے فدائی حملے ہو چکے ہیں میں نہیں جانتا ہاں البتہ تاریخ گواہ ہے کہ لوگ دیوانہ وار موت پہ بیعت کرتے نظر آتے ہیں لیکن بارود کی ایجاد کے بعد یہ پہلا فدائی حملہ تھا جس

میں کمانڈر کھلی نے برطانوی سرکار کو نشانہ بنایا جس پہ چل کے نہ صرف تامل نسلوں نے آنے والے دنوں میں سری لنکا کے خلاف اقدامات کیے بلکہ دنیا کے دیگر خطوں میں بھی آزادی پسندوں نے جنگ کے اس طریقہ کار کو دشمن کے خلاف موثر ہتھیار کے طور پہ استعمال کیا۔ جنگوں میں فدائی حملوں کا یہ تسلسل دراصل اسی اثرات کا نتیجہ ہیں جس نے برطانوی سرکار کو اٹھارویں صدی میں شکست سے دوچار کیا۔ جنگی حکمت عملی اور طریقہ کار کے اثرات کے حوالے سے دنیا میں یہ نظریہ خود کو ثابت کر چکا ہے کہ کوئی عمل جو کسی اجتماعی مقصد کے لیے ہو اس کے اثرات نہ صرف آنیوالوں پڑتے ہیں بلکہ اس سے دنیا کا ہر وہ معاشرہ جو اسی طرز کی جدوجہد کر رہے ہوں وہ بھی محفوظ نہیں رہ سکتے، چاہے ماضی میں انہوں نے اس طریقہ کار کی وجہ سے کامیابی سے منزل کی جانب سفر کیا ہو یا اس میں ناکامی کا منہ سامنا کرنا پڑا ہو لیکن اس کے اثرات سے کوئی انکار نہیں کر سکتا۔ کمانڈر کھلی کی جرات اور بہادری کے اثرات ہمیں اس کی قوم نہ صرف تاملوں میں نظر آتا ہے جہاں تامل ٹائیگرز کے فدائی حملہ آوروں نے فدائی طرز اپنا کے دشمن کو ایک بڑے عرصے تک مسائل سے دوچار کیے بلکہ اس کے اثرات دیگر انقلابی تحریکوں میں بھی دیکھنے کو ملتی ہیں۔

بلوچ جدوجہد آزادی میں شہید مجید بلوچ نے ستر (70) کی دہائی میں پہلا فدائی حملہ کیا جس میں ہدف اس وقت کے پاکستانی وزیراعظم ذولفقار علی بھٹو تھے۔ شہید مجید بلوچ کا بلوچ جدوجہد کو فدائی طرز دینا ایک عظیم کارنامہ ہے جسے بلوچ قوم قدر اور فخر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ شہید مجید بلوچ کے بعد اکیسوی صدی میں شہید درویش بلوچ نے ریاستی ڈیتھ سکواڈ کو فدائی حملہ کا نشانہ بنایا جس میں 70 سے زائد ریاستی ڈیتھ سکواڈ کے لوگ مارے گئے۔ شہید مجید بلوچ کے اس طرزِ جدوجہد کو جاری رکھتے ہوئے 11 اگست جو کہ بلوچستان کی برٹش سرکار سے آزادی کا دن بھی ہے آزادی کے اس دن میں ایک اور تاریخی واقعہ کو اضافہ کرتے ہوئے ریحان بلوچ نے پاکستان اور چین کے استحصالی منصوبوں پہ کام کرنے والے چینی اہلکاروں کو نشانہ بناتے ہوئے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا۔

ایسے کارنامے انسان کو عظمت کی بلندیوں تک لے جاتی ہے جہاں ان کی ہمسری کے دعویدار

کوئی اس وقت کرسکتا ہے جب وہ انہی کے نقش قدم پہ چل کر اجتماعی مفادت کی تکمیل کے لیے خود کو سپردِ گل زمین کردیں۔۔۔۔

جب شہید کے بارے میں میں نے معلومات حاصل کی تو مجھے یہ جانکاری حاصل ہوئی کہ شہید ریحان بلوچ 2012ء میں فدائی حملے کے لیے تیار تھے لیکن کم عمری کی وجہ سے انہیں اس کی اجازت نہیں ملی مزید یہ کہ وہ پچھلے چھ سالوں سے یہ کہتا چلا آرہا ہے کہ میں نے ہوش سنبھالتے ہی یہ فیصلہ کیا ہے اور اسی پہ قائم رہونگا کیونکہ میں (شہید ریحان) اس بات کا قائل ہوں کہ ہمیں اپنے طریقہ کار میں جدت لانی چاہیے اور اس کے لیے ضروری ہے کہ ہم جنگ کے ہر اس طریقے کو بروئے کار لائیں جس سے دشمن کی تکلیفیں زیادہ ہوں اور بلوچ قوم میں جذبہ آزادی پروان چڑھے۔

شہید ریحان بلوچ کے حوالے سے یہ معلومات بھی حاصل ہوئی کہ وہ ہر وقت جہد آزادی سے کافی پرامید دیکھائی دیتے تھے البتہ ان کا یہ کہنا تھا کہ یہ ضروری نہیں کہ آزادی کی وہ کرنیں دیکھنا مجھے بھی نصیب ہوں لیکن یہ قوم ضرور آزادی حاصل کریگی کیونکہ آج بلوچ جہد آزادی کو بلوچ سرمچاروں نے اپنی قربانیوں کی بدولت ایسی بنیاد فراہم کردی ہے جس میں مجھے دشمن کی شکست کے واضح آثار نظر آرہے ہیں۔

دشمن کی شکست کے لیے راہِ آزادی مسافروں نے دنیا میں جنگ کے نت نئے طریقے دریافت کیے جن پہ عمل پیرا ہو کے انہوں نے دشمن کی شکست یقینی بنایا۔ یہ ذکر ہو چکا ہے کہ نوآبادیاتی نظام کے خلاف جو پہلا فدائی حملہ آور تھا وہ بھی ایک قوم پرست عورت تھی جنہوں اپنی قوم کی بقاء اور آزادی کے لیے اپنی جان کی قربانی دیتے ہوئے دشمن کی شکست کو یقینی بنایا۔ قومی آزادی کی جنگ میں یہ صنعتی انقلاب کے دوران نئی دریافت تھی۔

دنیا کے نظریاتی جنگوں میں اس طرز کے حملوں کو جب ہم دیکھتے ہیں وہ چاہے دنیا کے کسی بھی حصے میں ہوں ان میں اور پرا کسی حملہ آوروں کے حملوں میں نمایاں فرق نظر آتا ہے۔ نظریاتی طور پہ فدائی حملوں میں نشانہ دشمن ہی ہوتا ہے اور اسی لیے ایسے حملوں میں عام شہریوں کی ہلاکتوں کی تعداد نہ ہونے کے برابر ہے۔ کیونکہ انہیں اپنے ہدف کو ہی نشانہ بنانا ہوتا ہے جہاں وہ اپنے

عوام اور عام لوگوں کو محفوظ رکھنے کی حتی الوسع کوشش کرتے ہیں۔ اسی لیے ان کے ان حملوں کو دنیا ہدفِ تنقید نہیں بناتی اور نہ ہی عالمی قوانین ان کے خلاف کچھ کہتا ہے۔ یہی وجوہات ہیں کہ دنیا کے انقلابی سوچ یا دنیا سے محکوموں پہ ظلم کو برداشت نہ کرنے والے انہیں قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

بلوچ جدوجہد میں شامل جہدکاروں نے اپنی کامیاب حکمت عملی کی وجہ سے آزادی کی جنگ کو ایسے رنگوں سے نوازہ ہیں جن کی وجہ سے دشمن کو ذلت و رسوائی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، وہ چاہے جہدکاروں کے سنیپرز ہوں، یا دیگر جنگ کے دیگر طریقہ کار۔ جن سے آج دشمن نفسیاتی طور پہ اس میں شکست کھا چکا ہے اسی لیے روز عام شہریوں خاص کر بلوچ خواتین اور بچوں کو لاپتہ کرکے جنسی زیادتی اور تشدد کا نشانہ بنا رہی ہے۔ دشمن کے اس ظلم و ستم کے باوجود بلوچ جہد آزادی کے مسافر خندہ پیشانی دھرتی ماں کا قرض ادا کرنے میدانِ عمل میں بخوبی اپنا کردار ادا کررہے ہیں۔

شہید ریحان بلوچ کے 11 اگست 2018ء کا فدائی حملہ جس میں نوآبادکاروں کے آقا سیندک استحصالی منصوبے کے چینی انجینیر وں کو نشانہ بنایا گیا تھا یہ چین، پاکستانی قبضہ گیر اور ان کے دیگر آقاؤں کے لیے واضح پیغام ہے کہ وہ بلوچستان میں بلوچ قوم کو ظلم، جبر، بربریت اور غلامی کے اندھیروں کی نظر کرکے استحصالی منصوبوں کو کبھی بھی پایہ تکمیل تک نہیں پہنچا سکتے اس لیے بیرونی دنیا کو اب یہ سمجھنا ہوگا کہ وہ اس غیر فطری ریاست کی پشت پناہی سے باز آجائیں نہیں تو وہ بھی اس جنگ کی لپیٹ میں آسکتے ہیں جس کی بھٹی انہیں ہی زوال پذیر کرسکتی ہے۔

شہید ریحان بلوچ کو یہ عظیم کارنامہ سرانجام دینے کے لیے جہاں انہوں نے مورخ بن کے اپنے لہو سے قومِ بلوچ کی تاریخ نوشتہ کی خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے فقط اتنا کہوں گا کہ

بلوچ قوم نے تاریخ میں آج کے دن آزادی کا سورج طلوع ہوتے دیکھا اور آج ہی کے دن شہید ریحان بلوچ نے ایک اور سورج طلوع کیا جو بلوچ قوم کے لیے یقیناً آزادی کی نوید ثابت ہوگی۔ شہید ریحان بلوچ کے جلائے ہوئے روشنی کے اس چراغ میں آنے والی نسلیں رات کی تاریکی میں اپنی راہوں کا صحیح سمت انتخاب کرتے ہوئے منزل کی جانب پیش قدمی کریں گے۔ جو ایک اور 11 اگست یعنی آزادی کی منزل پہ جا کہ ختم ہوگی جو شہیدوں کے خوابوں کی تعبیر بھی ہے اور قوم کی منزل بھی۔۔

☆☆☆

Rehan The Legend

برزکوہی

بلوچ قومی تاریخ میں بالاچ گورگیج ایک لیجنڈ ہے، بالاچ گورگیج قدیم گوریلا جنگ کا بانی کہلانے کا مستحق ہے، اپنی کمزور طاقت سے تن تنہاء اپنے مدمقابل انتہائی طاقتور دشمن سردار بیرگ بلیدی سے بلوچ روایات بلوچ کوڈ آف آنر کی خاطر آخری دم تک لڑتا ہے، بالاچ گورگیج کی ماں، بہن یاسمین کی طرح بالاچ گورگیج کو کہتا ہے

آمرد کہ میار جل انت

تہا نیمروچ ناوسپ انت

بالاچ گورگیج کی ماں کا بالاچ کو نصیحت یا شغان، بہن یاسمین کی اپنے بیٹے ریحان کو قومی بیرک سے لپیٹ کر یہ کہنا جا بیٹا میں نے آپ کو وطن کے لیئے قربان کردیا۔ دونوں تاریخی کردار اور واقعات اپنے تئیں وقت و حالات اور تقاضات کے مطابق مختلف ہوتے ہوئے ایک حد تک یکسانیت رکھتے ہیں، دونوں کی بنیادی اصول بلوچ قوم کوڈ آف آنر پر آکر رک جاتی ہے۔

بالاچ گورگیج اور اس کی ماں کا تاریخی کردار، آج تک بلوچ سماج میں بہادری کی وہ داستان بن چکی ہے کہ جسے اکثر مائیں اپنے بچوں کو سناتے ہوئے بہادری کا درس دیتے ہیں اور بالاچ گورگیج اور اس کی ماں کا بیان کردہ یہ تاریخی داستان بلوچوں کے ذہن پر اپنے نقوش چوڑ دیتا ہے۔

شہید نواب اکبر خان بگٹی بھی بالاچ گورگیج کو اپنا آئیڈیل مانتا تھا اور آخری عمر میں وہ بالاچ گورگیج کے فلسفہ پر کاربند ہوتا ہے۔

ریحان بھی صرف بلوچ قوم کا نہیں بلکہ تمام مظلوم قوموں کے لیئے ایک لیجنڈ بن گیا ہے، آج بلوچ قوم کے ساتھ ساتھ دیگر مظلوم اقوام بھی نسل در نسل اپنے بچوں کو اگر بہادری کی داستانیں سناتے

ہونگے یا ماں اپنے بچوں کو بہادری کی لوری سنائیں گے، تو ریحان اور بہن یاسمین ہی ان کا موضوع ہوگا۔

تمام مظلوم اقوام سمیت، بلوچ قوم کے شہداء اور ماؤں کی قربانی اور کردار اپنی جگہ انتہائی قابل قدر اور قابل فخر ضرور ہے لیکن ریحان اور اس کی ماں یاسمین کی قربانی اور تاریخی کردار سب سے الگ منفرد اور مثالی ہے، جس کا موازنہ اور برابری پوری انسانی تاریخ میں کسی جگہ ہمیں نہیں ملتی ہے۔

کوئی بھی ماں اپنے بیٹے کو بخوشی جنگ پر روانہ کرنا یا اس کی شہادت کے بعد اس پر فخر کرنا، ایک الگ سوچ اور کیفیت ہوتا ہے لیکن اپنے بیٹے کو کارِ فدائی پر روانہ کرنا وہ بھی مذہبی نظریئے یعنی خدا کی راہ میں قربانی کی سوچ سے مختلف، صرف وطن پر قربان کرنا، وہ بھی یہ سو فیصد جان کر میرا بیٹا ریحان واپس زندہ گھر نہیں لوٹے گا، یہ خود انوکھا واقعہ اور کیفیت ہے یعنی بالاچ گورگیج کی ماں کو پورا یقین تھا اس کا بیٹا لڑ کر ضرور واپس لوٹے گا لیکن ریحان کی ماں کو پورا یقین تھا کہ ریحان کبھی بھی گھر کے دروازے کی چوکھٹ پر واپس پلٹ کر قدم نہیں رکھے گا، پھر بھی خوشی سے ریحان کو شہادت کے لیئے روانہ کرنا، خود اپنے اندر عجیب ہم جیسوں کے لیئے نہ سمجھنے والی کیفیت ہے۔

صرف میں اتنا سمجھتا ہوں فکرِ وطن اور فکرِ قوم سب چیزوں سے بالاتر ہے، بشرطیکہ قومی فکر خود کمزوری تذبذب اور ڈگمگاتی ہوئی کیفیت کا شکار نہ ہو، بلکہ پختہ یقین ہو۔ یہ بلکل شعور اور قومی فکر کی پختگی اور انتہاء ہے۔ جب بھی قومی فکر، قومی شعور کی پختگی اور اس کی انتہا ہوگی، تو قومی جنگ برائے قومی آزادی کو پھر رد کرنا کسی بھی طاقت اور رکاوٹ کے بس کی بات نہیں ہوگا۔

قومی جنگ اور قومی شعور لازم و ملزوم ہیں، قومی نجات کیلئے صرف جنگ اور لڑنا بغیر قومی شعور کے بے فائدہ ہے اور قومی شعور بغیر قومی جنگ کے بھی بے فائدہ ہے، قومی شعور اگر ٹیبل ہے تو قومی جنگ ٹیبل کی چار ٹانگیں ہے، اگر قومی جنگ کسی مکان کی چھت ہوتا ہے تو قومی شعور مکان کے چاروں اطراف کے دیواریں ہوتی ہیں، قومی جنگ اگر ایک درخت ہوتا ہے تو پانی قومی شعور ہوتا ہے۔

قومی شعور قومی جنگ کو تخلیق کرتا ہے اور قومی جنگ قومی شعور کو تخلیق کرتا ہے، یعنی دونوں برابر،

لازم اور ملزوم ہیں ایک کے نا ہونے کی صورت میں، دوسرا نامکمل ہوگا جب نامکمل ہوگا تو ایک دن ضرور انسان تھکاوٹ، مایوسی، پشیمانی اور الجھن کا شکار ہوگا۔

جہاں اور جب بھی قومی شعور پختہ ہوگا، قومی جنگ تسلسل کے ساتھ جاری و ساری رہیگی، وہاں کامیابی ہی کامیابی قومی مقدر ہوگا۔ قومی جنگ کی منظّم، مضبوط اور موثر شکل قومی شعور میں پوشیدہ ہے، تو اسی طرح قومی جنگ کی شدت قومی شعور کی پرورش کرتا ہے۔

جذبہ اور احساسات جب بھی لاشعوری یا کم شعوری میں مبتلا ہوں، تو وقتی ہی صحیح لیکن مستقل طور پر قومی تحریک کے لیئے کارگر ثابت نہیں ہونگے، بہت جلد منہدم پڑ جائینگے۔ ذاتی تجربات اور مشاہدات کے پیش نظر، سینکڑوں واضح مثالیں ہمارے سامنے روز روشن کی طرح عیاں ہیں۔

لیجنڈ ریحان اور بہن یاسمین کے تاریخی کردار اور عمل اس کے بعد پوری بلوچ قوم، قومی تحریک اور دنیا پر پڑے مثبت و حوصلہ افزاء اثرات، احساسات اور جذبات قومی تحریک کے لیئے انتہائی سودمند ہیں اور مزید سودمند ثابت ہونگے، بشرطیکہ تمام جہدکاران ہی جذبات، احساسات اور مثبت اثرات کو قومی شعور کے رخ میں بدل کر قومی جنگ میں مزید شدت پیدا کریں۔

اس کوشش کے لیے ہر قدم ہر لمحہ انتہائی سوچ و بچار اور سنجیدگی کی اشد ضرورت ہے۔ چین سامراج اور پاکستان دشمن سمیت تمام ردانقلابی اور جنگ مخالف قوتیں حتیٰ الوسع کوشش کرینگے کہ بطور ردعمل ایسا عمل کریں تاکہ یہ اثرات زائل ہوں۔

ان کے تمام چھوٹے بڑے عزائم، سازشوں اور اقدامات کو باریک بینی سے جاننا، سمجھنا اور حکمت عملی ترتیب دینا، اس وقت سب مخلص اور ہم خیال جہدکاروں کا قومی فرض ہے۔ اس مقصد کے لیے انتہائی سنجیدگی، سوچ سمجھ اور غور و خوض کی ضرورت ہے اور ساتھ ساتھ علم ہنر اور صلاحیت درکار ہوتا ہے، نہیں تو جذبات کا ماحول جیسا بھی ہو، جس طرح بھی ہو، جس مقام اور سطح اور عروج پر ہو، وہ جذبات ہی ہوتے ہیں، جو ہرگز دیرپا نہیں بلکہ وقتی کیفیت ہوتے ہیں اور کیفیت خود ہی ہمیشہ آخر کار سرد پڑ جاتی ہے۔

تو بجائے تمام مخلص اور ہم خیال جہدکاروں کی سطحی، محدود اور غیر ضروری چیزوں پر اٹکے رہنے

کا، اپنی تمام تر توانائی توجہ اور دلچسپی اہم اور ضروری چیزوں پر مبذول کر کے ریحان کو بطور لیجنڈ سمجھ کر ریحان کے افکار، نظریات اور خیالات کو آگے بڑھاتے ہوئے قومی شعور کو اجاگر کریں اور ساتھ ساتھ قومی جنگ پر توجہ دیکر، قومی جنگ کو تیز کردیں، اسی میں بلوچ قومی تحریک کی کامیابی اور کامرانی پوشیدہ ہے۔

☆☆☆

مادرِوطن اور قربانی

علی کچکول

الٰہیاتی فلسفی کہتے ہیں کہ ''اگر مذہب کو زندگی سے خارج کی جائے، تو قومی ریاست خدا کی جگہ لے لیگی۔''

جس طرح کے بلوچ شاعر جی۔آر ملا کہتا ہے: ''مبارک ہو تمہیں ملا، تمہارا حج اور کعبہ۔۔۔ لیکن مجھے اپنے وطن سے، اپنی بینائی سے زیادہ محبت ہے۔'' (مبارک بیت ترا ملا ئی حج تئ کعبہ۔۔۔مناچو دیدگا دوست ءِ منی ماتیں وطن ملا)۔

مزید سمجھنے کیلئے، ہمیں قربانی کا تصور ''اسخلیئر ماخیر'' کی تحریروں میں بھی ملتا ہے، جو لکھتا ہے: ''میں چاہتا ہوں کے میرے آزادی کا مقصد، مجھے ضرورت سے قریب تر کردے۔ میں چاہتا ہوں کہ میرا مقصدِ عظیم، مرنے کی چاہت کرنے کے قابل ہونا ہو۔''

ایک ازبک شاعر ازبکستان کے بارے میں کہتا ہے: ''میری نسل اس سرزمین کی قدر سمجھیں، ظاہراً، لوگ ہمیشہ خاک میں بدلتے ہیں۔ یہ سرزمین ہمارے آباؤ اجداد کی باقیات ہیں، ہم اس قیمتی مٹی کیلئے خاک میں بدلتے رہے ہیں۔''

ریحان اور اسکے والد اسلم بلوچ کی قربانی، ابراہیم اور اسماعیل کی قربانی کی نشاطِ ثانیہ ہے۔ لیکن ابراہیم اور اسکے بیٹے اور اسلم بلوچ و اسکے بیٹے میں ایک بنیادی فرق ہے، ابراہیم اور اسماعیل مذہب کے نام پر قربانی پر تیار تھے لیکن اسلم اور اسکے بیٹے نے قربانی ایک عظیم مقصد اپنے مادر وطن کی خاطر دی۔

بلوچ اپنے پہاڑی جغرافیہ اور اپنے خون میں اس سرزمین کے حفاظت کیلئے مزاحمت کو لیئے، ایک نادر الوجود قوم ہے، جس کی وجہ سے بلوچوں میں قربانی کی ایک شدید روایت ابھر رہی ہے۔

قوم پرستی کبھی کبھار ہم سے یہ تقاضہ کرتی ہے کہ ہم اجتماعی مفادات کیلئے خود کو قربان کردیں، یہ قربانی عموماً رضا کارانہ طور پر اپنے وطن کی آزادی یا اپنے قوم کے دفاع کیلئے دی جاتی ہے۔ ریحان یا دوسرے تمام شہیدوں کی قربانی جنہوں نے اپنی جانیں قربان کردیں اور ان عورتوں و بچوں کی قربانی جو اذیت گاہوں میں تشدد سہہ رہے ہیں، بلوچوں کے پختہ عزم کا اظہار کرتی ہے۔ یہ ظاہر کرتی ہے کہ بلوچ کس حد تک اپنی قوم کیلئے جانے کو تیار ہیں۔

میری ذاتی رائے میں، مزاحمت کا چاہے جو بھی طریقہ کار ہو، بلوچ کو کسی صورت مزاحمت کے اس تسلسل کو آزادی تک ٹوٹنے نہیں دینا چاہیئے۔ بدقسمتی سے ہماری سینئر بلوچ قیادت نے ناکام پاکستانی پارلیمانی سیاست کو چن کر ہمیں بے تحاشہ نقصانات سے دوچار کیا۔ گذشتہ دن غوث بخش بزنجو کے برسی کے دن ریحان کے قربانی کے بعد، میں نے سوچا کاش کہ محترم بزنجو صاحب اور دوسرے سینئر رہنما قوم پرستی کو اس کے حقیقی روح کے مطابق جاری رکھتے، جو کہ خالص مزاحمت ہے۔ لیکن نواب خیر بخش مری کے علاوہ ہماری اعلیٰ قیادت مزاحمتی تحریک سے دستبردار ہوگئی۔

میں قوم کے سامنے یہ واضح الفظ میں رکھنا چاہتا ہوں کہ ایک قومی ریاست کیلئے جدوجہد کے بنا کوئی قوم پرستی نہیں، باقی نام نہاد قوم پرست حقیقی معنوں میں قوم پرست نہیں کہلاتے، کیونکہ قوم پرستی کا معنی ہی قومی ریاست کیلئے قربانی دینا ہے۔ یہ بنیادی اصول ان تمام جماعتوں میں غائب ہے، جو خود کو قوم پرست کہتے ہیں لیکن پاکستان کی پارلیمانی سیاست کرتے ہیں، جو خود ہی فوجی تھانہ شاہی اور بدعنوانی کی وجہ سے ناکام ہو چکا ہے۔

ہمارے مادر وطن کو پاکستان اور چین اسکے وسائل اور جغرافیائی اہمیت کی وجہ سے بلوچوں کے منشاء و مرضی کے بغیر لوٹ رہے ہیں۔ بلوچوں کے قیمتی وسائل جیسے کے قدرتی گیس، کوئلہ اور سونا لوٹا جارہا ہے، حتیٰ کہ اب عام بلوچوں کی ملکیتیں تک سی پیک کی تعمیر کیلئے قبضہ کی جارہی ہیں۔ بلوچوں کو انکے آبائی گھروں سے نکالا جارہا ہے۔

بلوچ ان مظالم کے خلاف اپنی آواز ہمیشہ سے بلند کرتا رہا ہے اور مغربی قوتوں کو کئی سالوں سے ان ناانصافیوں سے آگاہ کرتا رہا ہے، لیکن اب تک ہمیں نظر انداز کیا گیا ہے۔ عالمی برداری کا

یہ فرض بنتا ہے کہ وہ اقوام متحدہ کے 1960 کے اعلامیے کے رو سے ہماری مدد کرے، جو تمام مقبوضہ قوموں کی آزادی تسلیم کرتی ہے۔

اس اعلامیے کے ایک شق کے مطابق ''لوگوں پر بیرونی جارحیت، محکومیت، استحصال بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔ یہ اقوامِ متحدہ کے چارٹر کے خلاف ہے اور یہ امنِ عالم اور عالمی تعاون کے سامنے ایک رکاوٹ ہے۔''

ہماری تحریک اقوام متحدہ کے چارٹر کے مطابق ہے لیکن پاکستان اس چارٹر کی خلاف ورزی کرتا رہا ہے۔ پاکستان اور چین قومی سلامتی اور اور انسدادِ دہشتگردی کے نام پر ''لمبرگ پرنسپل'' کی خلاف ورزی کر رہے ہیں۔ لمبرگ پرنسپل کی آرٹیکل 64 اور 65 کا یہاں واضح طور پر خلاف ورزی ہو رہا ہے۔

بلوچ تواتر کے ساتھ تمام عالمی اور علاقائی اداروں بشمولِ اقوام متحدہ کو بتاتے رہے ہیں کہ پاکستان نسل کشی، انسانیت کے خلاف جرائم اور جنگی جرائم کا مرتکب ہو رہا ہے، جسے سی پیک کے مد میں چین کی پشت پناہی بھی حاصل ہے۔ اور یہ تمام جرائم قومی سلامتی اور انسدادِ دہشتگردی کے نام پر کیئے جا رہے ہیں۔

اسی مد میں ایک ممتاز عالمی قانون دان ہیوگو گریوٹز کہتا ہے کہ ''اگر ظلم اس قدر نا قابلِ برداشت ہو جائے کہ ایک قوم اسکے خلاف اٹھ کھڑا ہو جائے، پھر کسی بھی عالمی قوت کا یہ فرض بنتا ہے کہ وہ اس مظلوم قوم کا مدد کرے، جو مدد کیلئے پکار رہا ہے'' عالمی برداری تک رسائی حاصل کرنے کی ہماری ساری جدوجہد کا مقصد انہیں بلوچستان سے آگاہ کرنا ہے تاکہ وہ ان مظالم کے سامنے بند باندھ سکیں لیکن اب تک مغرب کی طرف سے کوئی ردعمل سامنے نہیں آیا ہے بلکہ وہ اپنے اس ذمہ داری سے نظریں چراتے رہے ہیں۔

اب جبکہ عالمی ادارے ہماری فریاد نہیں سن رہے ہیں، پھر ہمارے پاس اور کوئی چارہ نہیں رہ جاتا کہ بلوچ قربانی کا راستہ اختیار کریں۔

☆☆☆

تاریخ کا انمول باب

لمہ بی بی یاسمین بلوچ

ڈاکٹر جلال بلوچ

تاریخ کے موضوع میں سنہرے رنگ بکھرنے والے بہت سی ہستیاں گزرے ہیں جن کے کردار کی وجہ سے یہ موضوع ہمیشہ نہ صرف قارئین کو دلچسپی کا سامان مہیاء کرتا رہا ہے بلکہ ان کرداروں کے کارناموں کی وجہ سے اس میں موضوع میں نئے ابواب کا اضافہ بھی ہوا ہے۔ ایسے ابواب جو انسانیت کے لیے باعث فخر ہوں، ایسے ابواب جن پہ عمل کرنا کامیابی کا زینہ ہوں، ایسے ابواب جن کی بلندی آسمان کو چھو جائے اور ایسے ابواب جو منفرد مقام عطاء کرنے کا موجب ہوں۔

تاریخ عالم میں ایسے ابواب کا اضافہ کرنے میں عورت ایک منفرد مقام رکھتی ہے۔ عورت کی عظمت کا مقام کتنا بلند ہے اس حوالے سے محققین کی اب تک کی تحقیق یہ ثابت کرتی ہے کہ عورت خالقِ تہذیب، عورت بانی معیشت، عورت انقلاب کا بانی، (دنیا میں پہلا انقلاب زرعی انقلاب کہلاتا ہے، عورت زراعت کا بانی ہونے کی وجہ سے اس عظیم کارنامے کی پہچان ہے) عورت معلم اول، عورت پہلا فدائی حملہ آور (جنوبی ہندوستان میں کمانڈر کُھلی نے 1780ء میں مندر میں گھس کر انگریزی سرکار کے زخیرہ کیے گئے اسلحہ کے زخیرے کو تباہ کرنے کے لیے خود کو آگ لگا دی جس سے انگریزی سرکار کا پورا عسکری اسلحے کا زخیرہ تباہ ہو گیا) اور عورت (ماں) ہی کے قدموں تلے جنت۔ الغرض عورت کے عظیم کارناموں کی توصیف کی فہرست اتنی لمبی ہے کہ بیان کرنا ممکن ہی نہیں۔

اپنی اس شان اور اس ورثے کو برقرار رکھنے کے لیے عورت نے انسانی تاریخ کو ہر دور میں

ایک نیا موڑ دیا ہے۔جس کی وجہ سے تاریخ کا موضوع مزید دلچسپ اور توجہ کا مرکز بن گیا ہے۔

انمول کارنامے سرانجام دینے کے حوالے سے جب ہم ان عظیم کرداروں کے کارناموں پہ روشنی ڈالنے کی کوشش کرتے ہیں تو ہمارے پاس زخیرہ الفاظ کی قحط پڑ جاتی ہے کیونکہ ان کی عظمت کے لیے وہ الفاظ ہی وجود نہیں رکھتے جو ان کی شایانِ شان ہوں یا یہ کہنا بے جا نہیں ہوگا کہ ان عظیم ہستیوں کا کردار بیان کرنے کے لیے مورخِ وقت کا ابھی ظہور ہی نہیں ہوا ہے جو اپنی علم اور تحقیق سے ان کی عظمت بیان کر سکے۔

اپنی کم مائیگی اور کم علمی کے باوجود میں ذکر کرنا چاہونگا ہوں ایک ایسے انمول باب کا جو صفت انسانی سے بلند ہے، ایک ایسے موضوع کا جو آئینہ ہے کامیابی کی، جو پیغام ہے منزل پہ پہنچنے کی، جو زندگی کی علامت ہے اور جو خود اپنی مثال آپ ہے۔تاریخ کے موضوع میں انمٹ نقش چھوڑنے والا یہ باب نہ صرف تاریخ بلوچ میں ایک نمایاں مقام حاصل کر چکا ہے بلکہ تاریخ عالم میں اس کی نظیر ملنا ممکن نہیں۔تاریخ کو انمول رنگ سے نوازنے والی یہ عظیم ہستی شہید ریحان بلوچ کی والدہ اور بلوچ گوریلہ لیڈر استاد اسلم بلوچ کی شریک حیات بی بی یاسمین بلوچ ہے۔۔۔

اے لمہ جان مجھے معاف کرنا کیونکہ میرے پاس قلم کی وہ طاقت نہیں جو آپ کی صفت وثناء کے قابل ہو، نہ ہی میں مالا مال ہوں الفاظ کے زخیرے سے جو آپ کی شایانِ شان ہو اور نہ ہی میرا عمل اور کردار ایسا ہے جو شہید ریحان جان کے نقشِ پاء کو چُھونے کے قابل ہو۔لیکن پھر بھی قلم کو جنبش دینے کی جسارت کرنا چاہتا ہوں۔کوشش ہو یہی ہوگی کہ قلم ایسی موتیاں بکھر دیں جو میری لمہ جان کی شان اور عظمت کی ترجمانی کرتے ہوں۔

لمہ جان تاریخ آپ کے اس عظیم کارنامے کو کیا نام دیتی ہے یہ تو بیان کرنے کی ضرورت ہی نہیں کیونکہ تاریخ محتاج ہوتی ہے کردار کی اور آپ نے کردار اور عمل سے وہ کام کر دکھایا جو انسانی تاریخ میں اپنی مثال آپ ایک انمول کارنامہ ہے، ایک ایسا کارنامہ جسے دنیا کا کوئی محقق چاہے وہ جتنی تحقیق کریں تاریخ عالم میں تلاش کرنے سے قاصر ہی رہیگا۔آپ کا یہ بھائی یا بیٹا اس سوچ میں مبتلاء ہے کہ آپ کو کیا نام دے، "مادرِ ریحان جان" تو یہ حقِ انصاف نہیں ہوگی آپ کے کردار کے

ساتھ، "بلوچ جہدکاروں کی ماں" آپ کے کردار کے سامنے یہ حقیر سی شئے ہوگی، "مادرِ بلوچ" تو دل نہیں مانتا، اور "مادرِ بلوچستان" ہاں مادر بلوچستان۔۔۔ماں تو مادرِ گلزمین ہے وہ گلزمین جس کی آزادی کے لیے قومِ بلوچ صدیوں سے اپنا لہو بہا رہے ہیں، ہاں ماں تو مادرِ بلوچستان، مادرِ گلزمین ہے۔یہ میں اس لیے کہہ رہا ہوں کہ وہ ماں جو اپنے عظیم فرزندوں کو یہ درس دیتی ہے کہ میرے لال مجھے اغیار نے یرغمال بنا رکھا ہے، جا مجھے آجوء (آزاد) کر ان بدتہذیبوں سے جنہوں نے مجھے لہولہان کر دیا ہے، جا میرے لال خود کو مجھ پہ جان قربان کر دے کیونکہ تیری اس قربانی سے نہ صرف تیری شان بڑھے گی بلکہ تیری ہی اس قربانی سے اس قوم کو دنیا عزت و وقار دیگی، تیری اس قربانی سے تیرے لوگوں کو مستقبل میں آسودگی ملے گی، میرے لال تیری اس قربانی سے ہی قوم کا سر فخر سے بلند ہوگا۔۔۔قربانی کا یہ درس بلوچستان، ہماری گلزمین دیتی ہے۔اے عظیم ماں اگر آپ کو میں تشبیہ دیتا ہوں بلوچستان سے تو آپ نے اپنے عمل اور کردار سے یہ ثابت کر دیا کہ آپ ہی مادر گلزمین ہو اور آپ ہی مادر بلوچستان۔۔۔

اے مادر گلزمین آپ مادر بلوچستان ہو میں آپ کو کسی انسان سے تشبیہ نہیں دے سکتا کیونکہ تاریخ عالم میں آج تک میری نظر سے کوئی اتنی بڑی ہستی نہیں گزری جو اتنی انمول ہو، جس نے اتنا عظیم کارنامہ سرانجام دیا ہو جس کے انمٹ نقوش مٹانے سے نہ مٹ پائیں۔آپ مادر گلزمین ہو اور ایسا عظیم کارنامہ فقط کوئی مقدس سرزمین ہی انجام دے سکتی ہے جو آپ نے کر دکھایا۔اے مادر وطن آپ نے اس بے مثال کارنامے سے تاریخ عالم میں ایک انمول باب کا اضافہ کر دیا، ایک ایسا انمول باب جسے تاریخ عالم میں آپ کے اس عظیم کارنامے سے قبل کوئی رقم نہ کر سکا اور ایک ایسا انمول باب جس کے بغیر تاریخ عالم نامکمل تصور کی جائیگی، ایک ایسا انمول باب جس کی اونچائی عرش کو چھو جائے، ایک ایسا انمول باب جسکی عظمت ماپنے کے لیے کوئی پیمانا ایجاد ہی نہیں ہوا۔۔۔

☆☆☆

تاریخ کے کرشماتی اور منفرد کردار

ایوب اسرار

اس کو اگر میں بلوچ تاریخ تک محدود رکھوں تو خود لفظ تاریخ ہی کی توہین ہوگی کیونکہ یہ دنیا کی پہلی اور انوکھی تاریخ ہے ویسے تو بلوچ تاریخ میں بہادری اور قربانیوں کی بے شمار و لازوال داستانیں ہیں بلوچ سماج اور اُس کے قریبی اقوام میں بلوچ قوم کے بارے میں ایک بات مشہور ہے کہ بلوچ مائیں اپنے بیٹوں کی ابتدائی ذہنی پرورش بہادری کی لوریوں سے کیا کرتی ہیں جس کا ایک تاریخی تسلسل ہمیشہ سے برقرار ہے دودا و بالاچ کی داستانیں ہوں یا حمل وقمبر سے لیکر ماضی قریب کا دادشاہ ہو جنہیں کہیں نہ کہیں یا تو پھر مجموعی حوالے سے بلوچ تاریخ میں بطور ہیرو پیش کیا جاتا ہے۔

لیکن اِن سبھی کا موازنہ ریحان بلوچ، اُس کے والد محترم اُستاد اسلم بلوچ، اُسکی والدہ محترمہ سے کیا جائے تو سب ہی زندہ داستانیں اِن کرداروں کے مقابلے میں آج کمزور پڑ جاتی ہیں کیونکہ یہ بین الاقوامی سطح پر شاید اپنی نوعیت کا پہلا واقعہ ہوگا اہم ترین بات یہ کہ یہاں ایک مصمم ارادہ اور پختہ نظریہ سب پر حاوی نظر آتا ہے۔

اگرچہ دودا نے ماں کی للکار کو لیکر سمی نامی خاتون جو اُن کی میار تھیں اُن کے مال مویشیوں کو واپس دلوانے یا سر سے گزرنے کی عہد کی اور میار کیلئے سر سے گزر گیا۔

اِسی طرح دودا کے چھوٹے بھائی بالاچ جسے غالباً بلوچ تاریخ کی پہلا اور حقیقی گوریلہ کردار کے نام سے مانا اور جانا جاتا ہے جس نے کم سنی میں اپنے بھائی کا بدلہ لینے کا عہد کیا تھا وہ بھی عہد کو وفا کرنے میں کامیاب رہا لیکن یہ سب داستانیں ہمیں شعراء کے اشعار کی صورت میں نظر آتے ہیں جو کہ خالصتاً بلوچ سماج کے عمومی مزاج کے آئینہ دار ہیں اِن میں کوئی شک نہیں۔

لیکن آج کے منفرد کردار جن میں شہید ریحان جان اُس کے والد اُستاد اسلم بلوچ اور والدہ محترمہ ہمیں مختلف نظر آتے ہیں جن کے سامنے قدرت بھی یقیناً بے بس ہوگی کیونکہ صدیوں پُرانی مذہبی تاریخ جو کہ حضرت ابراہیمؑ، حضرت اسماعیلؑ، اور بی بی حاجرہ سے ماخوذ ہے یوں تو اپنے خُدا کے حکم کی تعمیل پر تینوں رضامند ہوئے جنہیں خُدا نے امتحان سے گزارا لیکن بالآخر اسماعیل کی قربانی نمونیاتی بن گیا کیونکہ عملاً قربانی کی تعمیل اس سے نفی کردی گئی دوسری اہم بات کہ اس میں رضا الٰہی، خوف خُدا اور بدلے میں جنت پانے کی لالچ بھی تو شامل تھی

پھر بھی آج تک یہ رضا الٰہی کیلئے قربانی کا اعلیٰ ترین معیار مانا اور جانا جاتا ہے اور مسلمانوں کی ایک سب سے بڑی تہوار بھی سُنّت ابراہیمی کے نام سے منسوب ہے۔

لیکن ریحان بلوچ اور انکے والدین کا اپنے سرزمین سے پیار نے دُنیا میں پہلی تاریخ رقم کی جو کہ سرزمین پر مر مٹنے کا اعلیٰ ترین معیار ہے جس نے ماقبل معیار کو ماند کردیا۔

جہاں سقراط نے زہر کا پیالہ پی کر امر ہونے کا تاریخی کارنامہ سرتو انجام دیا وہ زہر بھی کیا؟ ویسے طبّی طور پر زہر کو مہلک قرار دیا گیا ہے معاشرتی اعتبار سے زہر سے دور رہنے کو کہا جاتا ہے لیکن سقراط نے زہر کو ایک منفرد مقام دلایا کہ اِسی سے زندہ رہا جاسکتا ہے جبکہ بلوچ تاریخ کے عُشاقِ وطن نے وطن کی محبت کی تشنگی میں کسی نے لخت جگر کی محبت سے جدائی کا زہر پی لیا تو کسی نے گود اُجڑنے کی اور کسی نے جان اور جہان سے گزرنے کی ٹھان لی لیکن اغیار کو اپنے وطن پر قابض رہنے سے متنبہ کیا اِن کرشماتی کرداروں کے بارے میں آج کے مؤرخ بھی انگشت بدندان ہیں کہ لکھیں تو کیا لکھیں کہاں سے شروع اور کہاں پہ ختم کریں۔

ہم نے سُنا تھا کہ ہر کامیاب مرد کی کامیابی کے پیچھے عورت کا ہاتھ ہوتا ہے چاہے وہ کوئی ماں ہو بیوی، بہن یا محبوبہ۔ یہاں تو ایک ماں نے عورت ہو کر اک نئی تاریخ کی بنیاد رکھ دی کیونکہ اِس سے پہلے کی تاریخ حوا کی ہے جو اس کی منفی ہے آدم کی جنّت سے بے دخلی کی مؤجب حوا بتائی جاتی ہے جس نے شوہر کے حکم اور رب کی انتباہ کی لاج نہیں رکھی لیکن یہاں نہ حکم ہے نہ انتباہ گر ہے تو وطن سے محبت کی انتہا بس انتہا اور قومی وجود کو لاحق خطرات کے شعور کو اُجاگر کرنے میں

سب کچھ لٹانے کی لگن، حرمتِ وطن، قومی تقدیر کو بدلنے کی اخلاص

ویسے تو ارشاد خداوندی بھی ہے کہ " اُن اقوام کی تقدیریں کبھی بدلی نہیں جاتیں جو اپنی تقدیر کو بدلنے کی سعی نہیں کرتے"

لیکن آج کے اسلامی نام نہاد مبلغ تو قومیت کے تصور کو ماننے سے انکاری ہیں اور اسے اسلامی روح کے منافی قرار دیتے ہیں خُدا ہی کے فرمودات کو متضاد بنا رکھے ہوئے ہیں لیکن بلوچ تاریخ کے اِن کرماشماتی کرداروں نے اپنے قول و فعل سے ایسا کچھ دکھایا جن کی رہتی دنیا تک کوئی نظیر ملنا ممکن نہیں۔

☆☆☆

ریحان جان کی سوچ

عائشہ بلوچ

میں قربان ریحان جان کی سوچ پر، ہمیشہ ہنسنے مسکرانے والا ریحان جان ہمارے گھر کا رونق و نور تھا، وہ مہر و محبت کا پیکر تھا۔ ناراضگی کا جواب بھی مسکرا کر دیتا، کبھی لڑائی ہوتی تو وہ تب بھی مسکرا کر مجھے مناتا وہ بھائی کے روپ میں ایک مہربان دوست جیسا تھا۔ مجھے ہمیشہ کہتا: ''عاشی تم بہت جذباتی ہو جاتی ہو، یہ بہت بری عادت ہے ہمیشہ صبر سے کام لیا کرو۔'' میں پوچھتی ۔۔۔ کیا واقعی اس ماحول میں صبر کرنا چاہیئے ۔؟

تو وہ مجھے سے کہتا'' پاگل ان سب سے ہمیں کوئی فرق نہیں پڑنیوالا، ہمارا جو فرض ہے ہمیں وہ ادا کرنا چاہیئے، جب ہم غلط نہیں تو صفائی کس بات کی دیں، ہمارا مقصد دشمن کی شکست ہے اور ہمارے پاس ابھی بہت سے ایسے نوجوان ہیں جو دشمن کو شکست دینے کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں۔ اپنی جوانیاں اپنا قیمتی وقت اپنی قوم کی آزادی کے لیے صرف کر رہے ہیں۔ اپنے گھر، ماں، باپ، بہن، بھائی، خاندان سے دور کئی کئی سال پہاڑوں میں سخت اور کٹھن حالات میں اپنا قومی فرض ادا کر رہے ہیں ہمارے قوم کے لیے کتنے نوجوانوں نے اپنا خون کا نذرانہ دیا ہے، ان سب کے باوجود تم ان جیسے لوگوں کی باتوں سے مایوس ہو جاتی ہو، ہمارا مقصد یہ نہیں ہے۔

"میری بہن ان سب سے ہمیں کوئی فرق نہیں پڑتا، اگر ہم مایوس ہوئے تو ہم بہت پیچھے رہ جائیں گے، حوصلہ مضبوط رکھو، ان نوجوانوں کے بارے میں سوچو، جو آج میدان جنگ میں ہیں، شہیدوں کو یاد کرو، کیا وہ مایوس تھے؟ کیا انہوں نے جنگ لڑنا بند کر دیا؟ کیا وہ اپنے مقصد سے پیچھے ہٹ گئے ہیں؟ نہیں نا، تو پھر میں اور تم کیوں مایوس ہوں۔"

کچھ وقت بعد مجھے پتہ چلا کہ ریحان جان نے یہ فیصلہ لیا ہے، میں حیران ہوئی ایسا کیسے؟

میری ریحان جان سے آخری مرتبہ ہونے والی بات چیت: ریحان اتنا بڑا فیصلہ لینے سے پہلے ہمارے بارے میں نہیں سوچا؟

ریحان جان: ''نہیں میں نے پوری قوم کے بارے میں سوچا ہے۔''

بھائی اتنا بڑا فیصلہ مت لو تم اور بہت سے کام کر سکتے ہو، ہم تمہیں نہیں روکیں گے۔

ریحان جان: ''تم مجھے کیسے روک سکتی ہو، مجھے منع کرنے کے بعد تم کیسے ان شہیدوں کی ماؤں بہنوں سے نظر ملا پاؤ گی، جنہوں نے اپنا لہو اس قوم کو دیا ہے۔''

بھائی تمہاری منگنی بھی ہوگئی ہے، زرا سوچو!۔

ریحان جان: ''شہید نثار کی بھی منگنی ہوئی تھی اور بھی بہت سارے ایسے نوجوان ہیں، جن کی منگنی یا شادی ہو چکی تھی انہوں نے بھی اپنا لہو قوم و وطن کو دیا، کیا تم ان میں اور مجھ میں فرق کر رہی ہو؟''

میں فرق نہیں کر رہی ہوں، ہم سب کا درد ایک ہے۔

ریحان جان: "تو پھر میرے لیے بالکل مت رونا۔"

میں تمہارے بغیر کیسے رہونگی۔؟

ریحان جان: ''شہید دلجان کی بہن کو دیکھا تھا، وہ بھی تمہاری بہن ہے، اسے بھی اپنا بھائی اتنا ہی عزیز تھا، جتنا تمہیں میں اور بھی کئی ایسی بہنیں ہیں، اپنا دل بڑا کرو اور قوم کے بارے میں سوچو۔''

اللہ تمہیں کامیاب کرے ریحان جان۔

ریحان جان: ''امی، ابو، بہن اور بھائی کا خیال رکھنا، خدا حافظ میری پیاری بہن دل چھوٹا مت کرنا۔''

مجھے فخر ہے اپنے بھائی کی سوچ اور کردار پر، ریحان جان آپ زندہ ہو ہماری سوچ میں ہمارے دلوں میں۔

☆☆☆

وطن کا ریحان

سالار بلوچ

بلوچ جہد آزادی میں کئی نوجوانوں نے اپنے سروں کو مادرِ وطن کے حوالے کر کے جس دلیری سے ریاست اور قبضہ گیر کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کیے، وہ بلوچ ماؤں کی وہ لوریاں ہیں، جو بچپن سے وہ سنتے گئے تھے۔

ریحان بلوچ نے ایک ایسے ہی گھر میں آنکھ کھولا، جو بلوچ قوم کے لیے ہر دور میں ایک چمکتے ستارے اور روشن کرن کی امید ہے، جس گھر پر بلوچ ہر دور میں فخر سے نازاں ہوگا۔

ریحان فدائی کیسے بنا؟

ریحان کو فدائی بنایا وطن کی چاہت نے، مظلوم قوم کی سسکیوں نے، ماؤں کی آہوں نے، اجڑتے گھروں نے، بہنوں کی رخسار سے گرتے آنسوؤں نے، اجتماعی قبروں نے، مسخ شدہ لاشوں نے، ریاستی ٹارچر سیلوں سے آتے ہوئے دردناک آوازوں نے، وطن کے سینے پر موجود غیر فطری ریاست کی چالاکیوں نے ریحان کو فدائی بنایا۔

کیونکہ ریحان کے دل میں قوم کے لیے درد تھا، وطن کی افسردگی کو محسوس کر سکتا تھا، وطن کی مٹی کا حلالی فرزند تھا اور جب وطن سختی میں رہے اور ریحان جیسا فرزند اپنی ذات، اپنی جوانی میں مگن ہو بھلا ممکن ہے؟

ریحان وہ محسوس کر سکتا تھا جو میں اور آپ نہیں کر سکتے، تصور بھی نہیں کر سکتے، شاید ریحان ہمارے بیچ رہ کر ہمارے گُمان سے بھی آگے کا سوچ چلا ہمیں دکھانے کے لیے ہمارے حوصلوں میں شدت بخشنے کے لیے وہ ہمیں راستہ دکھا کر چلا، جب دھرتی مشکل میں ہو اسے بچایا کیسے جا سکتا ہے، ریاست کی نیندیں کیسے اڑائی جا سکتی ہیں، تاریخ میں کیسے امر ہوا جا سکتا ہے۔

ریحان بلوچ نے تاریخ میں ایک باب رقم کر کے اپنی یادیں اس دنیا کے سپرد کر کے آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ بن گیا آزادی کے اس راستے پر جوانمردی سے فیصلہ کر کے اور ازمائش سے گزر کر آپ ہیرو قرار پائے جانثارانہ انداز میں مادر وطن کی دفاع میں شہادت کا تاج پہن کر ہمیشہ ہمیشہ کے لیے زندہ و جاویداں رہے۔

ریحان ہر شہید کے روح کو تسکین بخشنے کے لیے اپنی سانسوں کو وطن کے لیے قربان کر گیا، اور ''رخصت اف اوارون سنگت'' کے اس جملے کو عملی جامہ پہنا کر شہیدوں کے پاس پہنچ گیا۔

ریحان ہر سرمچار کے دکھ درد و خوشی کو شہید دوستوں کے درمیان محو گفتگو ہو کر بیان کرتا ہوگا کہ میرے بعد بھی ہمارے اس کاروان کو منزل تک پہنچانے والے اور وطن کے لیے سر کٹانے والے بھی محاذ پر دشمن کی گندی نگاہوں کو شکست دینے کیلئے برسرِ پیکار کھڑے ہیں۔

امیر جان نے جس فلسفے کی بنیاد رکھی اُسی پہ گامزن شہید دلجان و ریحان نے اس فلسفے کو خوشی سے گلے لگا کر ہمارا سر فخر سے بلند کر دیا۔

دلجان، امیر جان و ریحان کے دوست و غمخوار ہونے پر آج دل سینے میں جگہ نہیں پا رہا ہے کہ ایسی ہستیوں کے درمیان میری زندگی کے خوبصورت لمحے گزرے ہیں، جنہوں نے اپنے خون سے اس دھرتی کو سیراب کر کے دنیا کو پیغام دیا کہ ہم جھکنے والے نہیں ہیں، نہ کہ شکست تسلیم کرنے والے ہیں، ہمارے جسموں سے زیادہ ہمیں وطن کی ہر شاخِ گُل عزیز ہے اور اس شاخ کی حفاظت کے لیے ہمارے جسموں کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔ بس وطن سلامت رہے، دوست (سرمچار، سنگت) سلامت رہیں، ایک دن آزادی ہمارے قوم کا مقدر بن جائے گی۔

جب بھی وطن کو خون کی ضرورت پڑی ریحان جیسے ورناؤں نے وطن کی آواز پہ لبیک کہہ کر زمین پر اپنا خون بہا کر وطن کی پیاس بجھا دی۔ وہ زمین کسی قحط و پیاس کا شکار ہو ہی نہیں سکتی جس زمین پر ریحان جیسے بہادر نڈر سرمچار پیدا ہوتے ہوں۔ جس زمین پر لمہ یاسمین جیسی بہادر مائیں پائی جاتی ہوں وہ زمین بھلا کیسے کسی قحط کا شکار ہو سکتا ہے، جس زمین پر دلیر والد استاد اسلم جیسے فرزند وطن میسر ہوں۔ وہ زمین ہر ظلمت و جابرانہ دور سے نکلنے کا راستہ ضرور ڈھونڈتا ہے اور دشمن

کے تمام عزائم کو شکست میں تبدیل کرنے کا ہنر رکھتا ہے...!

ریحان کی جس قربانی نے ہمیں جو پیغام دیا، وہ مختصر شعر کی صورت میں قلم بند کرنا چاہتا ہوں۔۔۔

نہ گُل اور نہ گلبدن چاہتا ہوں
نہ میں چاند جیسا للن چاہتا ہوں
نہ میں روشنی کی کرن چاہتا ہوں
نہ بستی نہ صحرا نہ بَن چاہتا ہوں
نہ میں عالی شانِ بَھوَن چاہتا ہوں
نہ میں قیمتی پیرہن چاہتا ہوں
نہ میں پیسہ کوڑی نہ دَھن چاہتا ہوں
نہ ہیرے نہ لالِ چمن چاہتا ہوں
نہ گلشن نہ صحنِ چاہتا ہوں
نہ کلیوں کا میں بانکپن چاہتا ہوں
خدا! میں تو یہی چمن چاہتا ہوں
مروں تو میں خاکِ وطن چاہتا ہوں

☆☆☆

مادرِ بلوچستان بی بی یاسمین کو سلام

حکیم واڈیلہ

دنیا میں شاید ہی ایسا کوئی رشتہ ہو جو ماں اور بچوں کے رشتے سے زیادہ گہرا، شفاف، پاک اور مضبوط ہو۔ ایک ماں، بچے کی پیدائش سے لیکر اس کی پرورش اور اس کیلئے بنیادی درس گاہ کا کردار ادا کرتی ہے۔ کیونکہ عموماً باپ گھر سے باہر کام، کاج، نوکری یا پھر اپنے مقصد کو حاصل کرنے میں مگن ہوتا ہے تاکہ وہ اپنے خاندان کی خاطر کچھ کر سکے اور انہیں ایک بہتر زندگی فراہم کر سکے۔ مگر ماں کی ذمہ داریاں اور کردار بالکل ہی مختلف اور دلچسپ ہوتی ہیں، دنیا میں کوئی بھی اولاد کتنا ہی برا، نالائق اور بے کار ہی کیوں نہ ہو، ماں ہمیشہ اسے اپنا لاڈلا سمجھ کر سینے سے لگا کر ماتھا چوم کر پیار سے بوسہ دیتی ہے اور اس کی کامیابی اور لمبی عمر کی دعا کرتی ہے۔

اگر ماں کبھی غصے سے ڈانٹ بھی دیتی تو کچھ ہی لمحوں بعد وہ اپنے لخت جگر کو پھر سے اپنے سینے سے لگا کر اس کو پیار کرتی ہے۔ مذہب اسلام کے مطابق اگر خدا کے بعد کوئی بھی انسان آپ کو سب سے محبت کرتا ہے تو وہ آپ کی ماں ہے۔ اور اگر دنیا میں کوئی ایسا کردار جو سجدے کا مستحق ہو وہ ماں ہی ہو سکتی ہے۔ جو انسان اپنی پوری زندگی صرف بچوں کی خوشیوں پر نچھاور کر دے، پیدا کر کے، پرورش دیکر، علم و شعور سے لیس کر کے، ایک بہترین انسان بنا کر، دنیا سے مقابلے کے لائق بنا کر اور بس بدلے میں ایک مسکراہٹ اور محبت طلب کرنے والی ماں سے عظیم کوئی اور شخصیت ہو ہی نہیں سکتا۔

ماں کا کردار عام حالات اور دوران اِنقلاب بہت مختلف ہوتے ہیں، عام حالات میں جہاں ماں بچوں کو صرف یہ پرورش دیتی ہے کہ زندگی کیسے گزارنی ہے۔ تو انقلابی ادوار میں ماؤں کا کردار انقلابی اور انکی تعلیمات بھی اجتماعی مفادات کی سوچ کا مالک ہوتی ہیں۔ جس طرح آج بلوچستان

کی مائیں اپنی اولادوں کو انقلاب اور آزادی کے کاروان کا حصہ بنا کر وطن مادر پر قربان ہونے کا درس دے رہی ہیں۔ جس کی تازہ مثال بلوچ سرزمین پر ہونے والے ایک ایسے عہد ساز واقعے کا ہے کہ جس نے بلوچ قومی غیرت، بلوچ قومی جرات اور بلوچ قومی سوچ کو ایک بار پھر زندگی بخشی ہے اور دشمن ریاست اور اسکے حواریوں کو بلوچستان میں قدم رکھنے سے قبل سوچنے پر مجبور کر دیا ہے۔ یہ واقعہ ایک ایسا انمول اور نایاب واقعہ ہے، جسکی مثال موجودہ انسانی تاریخ میں تلاش کرنا کم از کم میرے لیے ناممکن ہے۔

میں جب بھی قربانی اور وطن پر خود کو نثار کرنے کے اس عظیم واقعے کے بارے میں سوچتا ہوں تو مجھے سب سے بڑھ کر فخر اور خوشی اس بات کو محسوس کر کے ہوتی ہے کہ بلوچستان میں آج بھی امی یاسمین جیسی مائیں موجود ہیں، جو اپنے لخت جگر کو یہ کہہ کر رخصت کرتی ہے کہ ''جاؤ میرے جگر کے ٹکڑے میں نے تمہیں سرزمین پر قربان کر دیا ہے۔'' اور بعد ازاں اپنے فرزند کے شہادت کیلئے دعا گو ہوتی ہے۔

انسانی سماج میں ایسی مثالیں بہت ہی کم یا نہ ہونے کے برابر ہیں، جہاں ماں اور باپ نے اپنے لخت جگر کی اس طرح کی عظیم قربانی دی ہو۔ شہید ریحان جان کے واقعے سے قبل اگر ایسا کوئی واقعہ سننے کو ملا ہے تو واقعہ حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل کی قربانی کا واقعہ ہے۔ جہاں خدا کے پیغمبر نے خدا کے حکم کی تعمیل کی خاطر اپنے بیٹے کو قربان کرنے کی خاطر پیش کیا۔ لیکن اس کے بعد سے ابتک ایسا کوئی واقعہ دیکھنے یا سننے کو نہیں ملتا کہ ماں اپنے فرزند کے سر پر ہاتھ رکھ کر وطن پر قربان ہونے کی خاطر روانہ کر دے اور باپ بوسہ دیکر سر فخر سے بلند کر کے اپنی اولاد کو وطن کی خاطر اس طرح قربان کر دے کہ آسمان سے زمین تک انکی ایمانداری، جذبہ قربانی، وطن دوستی، اور شعور کے پیمانوں کی گواہی دے۔

بلوچ قومی تحریک کی موجودہ صورتحال میں جہاں سیاسی کارکنان بے چینی اور بے یقینی کی ایسی کیفیت میں مبتلا ہو رہے تھے کہ وہ یہ بھی سمجھ رہے تھے کہ موجودہ تحریک بھی گذشتہ ادوار کی تحریکوں کی طرح دشمن کے ظلم و بربریت سمیت کچھ لوگوں کی ضد، انا، لالچ اور بغض کی وجہ سے ناکامی سے

دوچار ہونے والی ہے۔ اور شہیدوں کے خون سے روگردانی ہونے والی ہے اور بہت سے ایسے خیالات ذہنوں میں گھر کر رہے تھے، جو صرف اور صرف منفی تھے اور مایوسی کی جانب راغب کر رہے تھے۔ مگر ان حالات میں بی بی یاسمین نے اپنے زندہ فرزند کو کفن (بلوچستان کے بیرک) میں لپیٹ کر کچھ اس ادا سے وطن پر قربان کر دیا کہ اب بلوچ تحریک کو مٹانا کسی سردار، سرکار اور سرمایہ کار کے بھی بس میں نہیں۔

اب ایماندار بلوچ سیاسی و عسکری ساتھی اس سچائی سے واقفیت رکھتے ہیں، کون ہیں وہ کوہسار جو وطن مادر کی خاطر کسی بھی طرح کی قربانی دینے سے دریغ نہیں کرتے۔ امی یاسمین اور استاد کی قربانی اور شہید ریحان جان کے عظیم کردار کو بلوچ تاریخ اور دنیا میں برپا ہونے والی تمام انقلابی و آزادی کی تحریکوں میں ایک مثالی کردار کے طور میں یاد رکھا جائیگا۔

☆☆☆

تاریخ، علامتیں، والدین اور فدائین ریحان جان

کوہ دل بلوچ

تاریخ زندہ کیسے رہ سکتا ہے؟ اس سوال کا جواب مجھے اپنی زندگی میں تب ملا جب ریحان اپنے ماں باپ سے رخصت کر کے وطن مادر کے دفاع کیلئے دشمن پر فدائین حملہ کرنے کا راستہ چُن لیا. مجھے تو اتنا معلوم تھا کہ بلوچستان میں پہلا فدائی حملہ شہید مجید بلوچ نے کیا تھا، مگر یہ بالکل بھی معلوم نہیں تھا کہ شہید مجید بلوچ نے فدائی حملہ کب کیسے اور کہاں کیا تھا، مجھے تو یہ بھی معلوم نہیں تھا کہ تامل تحریک میں بھی فدائی حملہ کرنے والوں کی بڑی تعداد تھی، حتیٰ کہ یہ بھی میرے علم میں نہیں تھا کہ ایسے حملے کُرد آزادی پسند جنگجوؤں نے بھی کیے تھے۔ لیکن جب حقیقی کردار آنکھوں کی نظروں سے اندھیرا ہٹا کر اپنی کارکردگی دکھا کر سامنے سے گذر جاتے ہیں تو تاریخ پر اُٹھے ہوئے سوالات کے جوابات بھی مل جاتے ہیں اور سچائی جشن منا کر اپنے ہونے کا ثبوت دیتا ہے۔

میرے اس سوال کا جواب ریحان کے عملی کردار نے دے دیا کہ تاریخ کیسے زندہ رہ سکتا ہے؟ ریحان سے پہلے درویش اور مجید کی رقم کی ہوئی تاریخ کے سوا دنیا کا کوئی بھی فدائین حملہ کرنے والوں کا تاریخ نظروں سے نہیں گذرا تھا، لیکن ریحان نے وطن اور قوم کی آزادی کیلئے فدائی حملہ کر کے نہ صرف سامراج قوتوں کو للکارا ہے، بلکہ دنیاء کے تمام فدائی حملے کرنے والوں کی تاریخ کو بھی زندہ کر دیا ہے۔ ریحان کی بہتے لہو نے مظلوموں کے حق میں جان کا نذرانہ پیش کرنے والوں کی تاریخ کو قارئین اور محققین کے سامنے لے آیا اور مجھ جیسے ادنیٰ طالب علموں کو بھی تاریخ سے شناسہ کر دیا، اور آج میں سمجھتا ہوں کہ دنیا میں صدیوں پُرانی تاریخیں اگر زندہ ہیں تو ان تاریخوں کو

ریحان جیسے جانثاروں نے کٹھن راہوں سے گذر کر ناختم ہونے والی زندگی دی ہے۔

تاریخ اور قومی وجود کو ہمیشہ زندہ رکھنے کی علامتی پہچان سرفروشوں کے سینے میں جنم لیتے ہیں، فکر اور پُختہ نظریہ اس کی بیج بو کر اسے سینچتے ہیں، حُب الوطنی اس کی آبیاری کرتا ہے اور جس کے سینے میں یہ آبپاشی ہوتی ہے، وہ صداء زرخیز و سیراب رہتا ہے۔ اسی طرح ریحان حقیقی علامتوں کو سمجھ چکا تھا، وہ سچائی سے واقف ہو چکا تھا اور ایک جذبے کو ورثے میں پالیا تھا۔

مثبت علامتیں انسان میں قومی جذبہ پیدا کرتے ہیں، جو حب الوطنی پر مر مٹنے کا راہ دکھاتے ہیں، یہ شعور ہی ہے جو انسان کے اندر علامتی پہچان کو سوچنے اور سمجھنے کی صلاحیت پیدا کرتا ہے اور یہ صلاحیتیں کسی درس گاہ سے حاصل ہوتے ہیں۔

کہتے ہیں کہ انسان کا پہلا درسگاہ ماں کی گود ہے اور ریحان وہ خوش قسمت نوجوان تھا جس کو یاسمین جیسی بہادر ماں کی گود یعنی درسگاہ نصیب ہوا، اور انسان کو زندگی کا مقصد اور دنیا کے پہچان کا ہنر اُس کے گھر میں ماں باپ کی تربیت سے حاصل ہو جاتا ہے جبکہ ریحان وہ خوش نصیب بیٹا تھا جو اسلم جیسے نظریاتی انسان کے گھر میں پیدا ہوا، اُستاد اسلم اور شیر زال یاسمین کی تربیت نے اُسے تاریخ سے نہیں جوڑا بلکہ ایک نئی تاریخ کو جنم دے دیا۔

ظاہر ہے بہادر مائیں تو بیٹے اسی لیئے جنم دیتے ہیں کہ قربانی کا مسلسل چلتا ہوا یہ سلسلہ کبھی ختم نہ ہو اور بانجھ پن جیسی لفظوں کو لُغات کی کتابوں سے ہمیشہ ہمیشہ کیلیئے نکال دیا جائے۔

وطن، قوم، آزادی، مساوات اور حق رائے دہی یہ بھی اُن علامتوں میں شمار ہوتے ہیں، جو انسان کی حقیقت کو بروئے کار لا کر سامنے لے آتے ہیں۔ انسان فطرت کو سمجھے بنا ادھورا ہے اور ان علامتوں کا زندگی میں نہ ہونا انسان کی وجود کو ہی مٹا دیتے ہیں۔

ریحان بلوچ کو جب فدائی حملے کیلیئے تیار کرنے کے دوران اس کی بہادر ماں بلوچستان کے پرچم کاندھوں پر ڈال دیتی ہے وہ بھی ایک علامت ہے، مجھ جیسے نااہل انسانوں کیلیئے وہ محض تین رنگوں کا ایک کپڑا ہے لیکن جسے ان رنگوں نے قومی جذبہ، حوصلہ اور بہادری کا فن سکھایا تھا وہ ریحان تھا، کیونکہ وطن کے ہر سپاہی کی قربانی میں یہ پیغام اعلانیہ ہوتا ہے کہ اے مادرِ وطن جب تک ہم

زندہ ہیں اس پرچم کو کبھی گرنے نہیں دیں گے اور وطن کے نڈر سپاہی ریحان نے جاتے جاتے مجھے تاریخ اور علامتی پہچان کے معنی سے خوب آشنا کر دیا اور اس پرچم کے رنگوں کی علامت بھی ماں، باپ اور بیٹے نے واضح کر دیا کہ ان رنگوں میں ہمارے لیئے کیا پیغام ہے۔

سلام ہے اُستاد اسلم اور بہادر ماں یاسمین بلوچ کو جو اپنے لخت جگر کو خود اپنے ہاتھوں سے سجا کر وطن کی خاطر قربان کرنے کیلیئے بھیج دیتے ہیں اور ماں کے ہونٹوں پہ ذرا سی بھی جنبش اور آنکھوں نمی دکھائی نہیں دیتی ہے۔

ریحان:

''دل چھوٹا نہیں کرو ماں''

اور

ماں:

''جا بیٹا میں نے تجھے وطن کیلیئے قربان کر دیا''

جب جب بلوچ تاریخ کو دہرایا جائیگا، اس عظیم ماں اور بیٹے کے ان الفاظ کو بڑے فخر سے یاد کیا جائیگا۔ مجھے اُس بوڑھی ماں کی وہ بات ابھی تک یاد ہے، جس نے سب کے سامنے فخریہ انداز میں کہہ دیا تھا کہ رضا جہانگیر میرا نہیں مادر وطن بلوچستان کا بیٹا تھا جو اُس پر نذر ہوا لیکن ماؤں کی اس جرأت کو یاسمین نے پروان چڑھایا اور ایک نئی مثال قائم کر دی۔

کچھ روایتی لوگ یہی کہتے ہوئے نظر آتے ہیں کہ لوگ کس قدر بے حس ہو چکے ہیں، اپنے ہی لخت جگر کو خود موت کے منہ میں دھکیل دیتے ہے مگر درحقیقت بے حسی کا لبادہ خود اوڑھے ہوئے ہیں۔ مانتا ہوں اولاد کے درد کو صرف والدین ہی سمجھ سکتے ہیں اس کا مجھے احساس بھی ہے۔

مجھے یاد ہے ہمارے علاقے میں قبائلی جنگوں کا عروج تھا اور انہی فرسودہ جنگوں میں ہمارے چند ہمسائے بھی سرداروں کی مہربانیوں سے شامل کیے جا چکے تھے۔ ایک دن اُن میں سے ایک بزرگ کو راستے پہ بیٹھے بیٹے کے انتظار میں دیکھا، اُس بوڑھے باپ کو اولاد کیلیئے تڑپتے دیکھا اور اُسی درد سے محسوس کیا کہ اولاد کس قدر عزیز ہوتا ہے۔

اور آج میں بیٹھ کر سوچتا ہوں تو وہ علامتیں میرے ذہن میں گردش کرنے لگ جاتے ہیں، جسے وطن کے عاشقان اپنے کندھوں پر ماں کے ہاتھوں اوڑھ کر دشمن کے ٹھکانوں کا رُخ کرتے ہیں۔ اگر استاد اسلم اور یاسمین جیسی عظیم ماں نے یہ اقدام اُٹھائی ہے، یہ درد وطن کی ہے جو اولاد کے بچھڑنے سے بھی زیادہ تکلیف دیتی ہے جب غیروں کا اُس مادر وطن پر قبضہ جما ہوتا ہے۔

یہ بے حسی نہیں یہ عشق کا تقاضا ہے، یہ مادر وطن کے قرض اُتارنے کا ایک عظیم عمل کہلاتا ہے جو ہر ماں باپ اور بیٹے کو نصیب نہیں ہوتا۔

☆☆☆

ریحان! جنگ جاری رہیگی

نُغر ابلوچ

ریحان تم تو جانتے ہو مدتوں سے یہ غلام قوم خوشیوں کو ترستی ہے، خوشیوں کی خفیف سی مقدار بھی انہیں جشن منانے کو ملتی ہے تو منا لیتے ہیں، آج غلام قوم ہو کر بھی ہم 11 اگست کو بطور یوم آزادی مناتے ہیں، تاکہ ہمیں اُس لطف کا اندازہ ہو جو ہمیں آزادی کے بعد ملے گی اور ہم اپنے دشمن کو یاد دلائیں کہ ہم اس کے بننے سے پہلے بھی غلام تھے، مگر آزاد ہو گئے ایک دن پھر تیرے ستم سے بھی اُبھر آئینگے۔

آج بھی 11 اگست کا دن تھا ریحان، جشن منانے کا دن۔۔۔ ہم نے تیاری کی ہوئی تھی کہ ہم جشن منائینگے، مگر پھر تمہارے بچھڑنے کی خبر آئی، دل شکستہ ہو گیا، دماغ پہ سکتہ چھا گیا، ہم جشن کیسے مناتے آج کے دن؟ ہم نے ارادہ ترک کر دیا مگر، تھوڑی دیر کہ بعد یہ فیصلہ کیا گیا کہ ہم جشن منائینگے، اس قوم کی خاطر جس میں تم جیسے جوان جنم لیتے ہیں، اُس قوم کا حق ہے کہ وہ جشن منائے، جس کے لیئے تم نے یہ تاریخی فیصلہ لیا۔

ریحان جب تمہاری پہلی تصویر شائع ہوئی، ''ایک معصوم نوجوان جس کی آنکھوں میں موت کا خوف نہیں بس ایک تجسس دِکھ رہا تھا کہ میرے اس فیصلے کہ بعد میرے قوم میں کتنے سوئی اُمیدیں جاگ جائینگے؟ کتنے جوانوں کی تھکن اُتر جائے گی؟ میرا دشمن کتنا خوف زدہ ہو جائیگا؟

ریحان اس قوم کی بزگی، اس قوم پر دشمن کا اُرش، اس قوم کی گھٹن میں گذرتے ہر سانس سے تم واقف تھے، تبھی شائد تُم نے صرف 12 سال کی عمر میں فیصلہ کر لیا تھا کہ تم فدائن بن رہے ہو۔ کامریڈ آج تم نے وہ تمام زبانیں خاموش کر دیئے جو بلوچ قوم کے لیڈرشپ پر سوال اُٹھاتے تھے، تم نے اُن سب کو چُپ کرا دیا جو ان تحاریک کی پختگی کو پرکھتے تھے۔ آج وہ سب چُپ ہیں

بالکل چُپ، شائد وہ حیران ہیں یا پھر پریشان، مگر وہ سب چُپ ہیں۔

جب تُمہارے دوستوں سے تُمہارے متعلق پوچھا، تو وہ فخریہ انداز میں تُمہارا ذکر کر رہے تھے کہ ہاں ہم ریحان کے دوست ہیں، ہم اُس شخصیت کے دوست ہیں، جو نہایت کم عمری میں ہی اپنے تمام تنظیمی ذمہ داریوں کو بخوبی انجام دے رہا تھا، ایک عظیم رہنما کے گھر میں پیدا ہونا، تمہارے اس مقام تک آنے کا باعث نہ بنا بلکہ وطن سے محبت اور جذبہ تمہیں یہاں تک لے آیا۔ ریحان تُم نے اس معاشرے میں قائم کردہ روایات کا گلا گھونٹ ڈالا، یہ وہ معاشرہ تھا جہاں پدری نام پہ لوگ راج کے خواہاں ہوتے ہیں، مگر اس کے برعکس تم انے اپنی تقدیر اپنے دم پہ لکھنا چاہا، تم نے اپنے فیصلے اپنی محبت کے حق میں کیے۔

جنگ یقیناً ایک مُشکل چیز ہے، معاشرے کا ہر فرد اسے سہنے کی سکت نہیں رکھتا اسے چلائے رکھنے کی ہمت نہیں رکھتا، جنگ زدہ علاقوں میں ہر گزرتا دن کئی امیدیں توڑ دیتا ہے، دشمن کا ہر ضرب ایک گہرا نشان چھوڑ دیتا ہے، ہمارے ساتھ بھی یہی چل رہا ہے، یہاں بھی کئی اُمیدیں بنتے ہیں تو کہیں ٹوٹتے ہیں، مایوسیاں یہاں بھی ڈیرہ جمائے بیٹھے ہیں، مگر تمہارے آج کی قربانی نے پھر سے کہیں اُمیدیں زندہ کردیں، ہاں کہیں امنگیں پھر سے جاگ اُٹھیں ہیں کہ اس قوم میں اب تک تم جیسے لوگ موجود ہیں، جو جنگ کی ابتداء پھر سے اسطرح کر سکتے ہیں کہ دشمن کانپ اُٹھیں، اور تم نے ایسا ہی کیا، ایک ایسی جنگ کی ابتدا کی کہ دشمن جسکے تاک میں بھی نہ تھا۔

ریحان تم نے صحیح کہا ہے کہ ''میرے دوست اس مایوسی کو توڑنے کے لیے ہمیں اپنے سروں کی قربانی دینی ہوگی'' ہاں کامریڈ یہی مایوسی آج ہمارے لوگوں کے تھکنے کا سبب بن رہا ہے، اس مایوسی کا ٹوٹنا اشد ضروری ہے اور اس کے لیے تمہارا یہ قدم بلوچستان کی رہتی تاریخ تک یاد رکھا جائے گا۔

ایک اور عکس تمہارا سامنے آیا ایک ایسی تصویر جو میں آنکھیں بند کر کے بھی اپنے سامنے پا رہی ہوں، ایک شخص تمہارے سر پہ بوسہ دیا رہا ہے، آہ! میں کون سمجھوں اُس شخص کو؟ ایک لیڈر جو اپنے سپائی کو جنگ پہ بھیج رہا ہو اور دُعائیں دے رہا ہے کہ تمہیں فتح نصیب ہو۔ یا ایک باپ جو اپنے وطن کی آجوئی کے لیے دعا گو ہو جس کے لیے انکا لخت جگر قربان ہونے جا رہا ہو؟ میں نے اس تصویر میں ایک داستان دیکھ لی، جسکا عنوان اور اختتام ایک ہی تھا'' مادر وطن کی محبت کے آگے کسی محبت کا

وجود نہیں''۔ اس جنگ آزادی میں ہر کردار ایک سبق لکھ کر جا رہا ہے، تُم نے بھی اس روایت کو برقرار رکھا، ایک ایسا سبق سکھایا کہ اب زندگی کوئی امتحان لے لے ہم یہ نہ کہیں گے کہ یہ زیادتی ہے۔

بقول شہید غلام محمد بلوچ کہ "ہم نے خود اس جنگ کی ابتداء کی ہے، یہ جنگ ہم پر دشمن نے مسلط نہیں کیا، ہم خود اس جنگ کو جاری رکھنے کے خواہاں ہے'' واقعی یہ جنگ لازمی ہے کیونکہ ہم غلامی کے اُس جنگ کو نہیں سہہ سکتے، جو یکطرفہ خاموش جنگ ہے۔ جہاں صرف آقائی فریق غلاموں کو اس طرح ختم کر دیتے ہیں کہ انکی تاریخ تک مٹ جاتے ہیں، اس لیئے اس جنگ کی ضرورت ہے، جو دو بدو ہو۔ جہاں چپ کر کے زندہ رہنے سے بہتر ہے، مزاحمت کر کے موت کو قبول کیا جائے،" یہ وہی جنگ ہے ریحان، یہاں مزاحمت کا دوسرا نام آزادی ہے، اپنی غلامانہ سوچ سے آزادی اور اس جنگ کی آگ کو بجھنے نہ دینا ہی کامیابی ہے، آج پھر سے تم نے اُس ہوا کا کام کیا ہے، جو آگ کے شعلوں کو روح بخشتی ہے، جو اسے پھیلنے کی قوت دیتی ہے، تم نے بھی وہی کیا۔

وہ ویڈیو پیغام بھی ایک للکار تھی دشمن کے لیے، کہ دیکھ لو تم سے تمہارے گمان کے آگے لڑنے والے لوگ موجود ہیں، وہ موت جس سے ڈراتے ہو، ہم تم پر خود قہر بن کر برسنے والے ہیں۔ اُس ماں کے لیے میرے الفاظ کبھی کافی نہ ہونگے میں لکھ بھی نہ پاؤنگی اُس جذبے کی قدر جس جذبے سے وہ تُمہیں میں بیرک میں اوڑھتی ہے، تُم ان سے کہتے ہو ماں دل چھوٹا نہ کرنا۔۔۔ دل کیسے چھوٹا ہوسکتا ہے اُس ماں کا، آخر اُسی کوکھ نے تم جیسے لال کو جنم دیا ہے، وہ دل ہرگز چھوٹا نہ ہوگا بلکہ اُسکے سامنے آج مُجھ جیسے خود کو چھوٹا محسوس کر رہے ہیں کہ ہم نے کبھی ایسا سوچنے کی بھی سکت نہ رکھی۔

یہ جنگ جاری رہیگا، ریحان، جب تک یہاں یہ سوچ زندہ ہے، جب تک یہاں غلامی سے بیزاریت زندہ ہے، جب تک یہاں مادر وطن سے محبت زندہ ہے، جب تک یہاں ایسے اولاد زندہ ہیں، جب تک یہاں ایسی مائیں زندہ ہیں، جب تک یہاں ایسے قائد زندہ ہیں، جب تک یہاں آخری بلوچ زندہ ہے، یہ جنگ جاری رہیگا، آزادی کے حصول تک۔

☆☆☆

فرق

سلال بلوچ

یوں زمانے میں میرا جسم بکھر جائے گا
میرے انجام سے ہر پھول نکھر جائے گا

ریحان ایک خوبرو، بے پناہ صلاحیتوں کا مالک، ایک مکمل انسان کا نام تھا، جس کے دل میں مادر وطن کے درد کو میرا قلم بیان کرنے کی نہ ہمت رکھتا ہے نہ کہ میرے روح میں وہ طاقت ہے کہ میں ریحان کی تعریف بیان کرنے کا اپنے قلم کو قابل سمجھوں۔ ریحان نے بلوچ انقلاب میں ایک ایسے عمل کا انتخاب کیا کہ تاریخ کے اوراق ہی بدل گئے، مورخین کے قلم کو کچھ نیا اور منفرد لکھنے پر مجبور کر دیا۔

ریحان پُھل معاف کرنا شاید میرا قلم آپ کے عظیم کردار کو سراہنے میں خیانت کرے یا میرے کم علم ہونے پر آپ کے کردار کی عظمت و بلندی کے حق کو بیان نہ کرسکوں، یا میں بے ہمت ہو کر آپ کی بہادری و دلیری کو الفاظ کی خوشبو میں سمیٹ نہ سکوں، لیکن میرا قلم لکھنے کی کوشش ضرور کریگا، اس فرق کو بیان کرنے کی ہمت پیدا کریگا، جس فرق (عام بلوچ اور انقلابی سرمچار) کو آپ نے اپنے خون سے ہم بلوچ قوم پر واضح کر کے ایک قرض چھوڑ دیا۔

قربانی ایسی کے ہر بلوچ فرزند ہر انقلابی سرمچار بلکہ ہر انقلابی تحریک جس پر رشک کرے۔ قربانی ایسی کے آپ کے والد (اسلم بلوچ) آپ کے خاندان کا ہر فرد فخر سے سینہ بلند کر کے دشمن کے لیے مزید تیرے جیسے ریحان پیدا کر کے دشمن کو شکست دینے کا عزم رکھتے ہوں۔ قربانی ایسی کہ دشمن کی جڑوں کو اپنے پاک وطن سے نکلنے پر مجبور کرتا ہو۔ قربانی ایسی کہ دشمن بوکھلاہٹ کا شکار ہو کر شکست کو تسلیم کرنے پر مجبور ہو۔

کردار ہی انسان کو عظمت کی چوٹیوں پر پہنچا دیتا ہے، کردار کو عظیم بنانے کا فیصلہ انسان کے خود کے اختیار میں ہوتا ہے کہ میں کون سا راستہ اختیار کر کے خود کو عظیم ثابت کرسکتا ہوں اور امر ہو کر اپنے ہم خیالوں کے درمیان میں رہتی دنیا تک جی سکتا ہوں۔

ریحان نے بھی کچھ اس طرح یہ انقلابی راستہ چُن کر خود کو ہمارے درمیان ہمیشہ کے لیے چھوڑ گیا، حالات و واقعات یا ظلم و ستم انسان کو یہ راستہ اختیار کرنے پر مجبور نہیں کرتے، بلکہ جس روح میں، جس ضمیر میں کسی سامراج کے سامنے جھکنے سے انکار کا جذبہ ہوتا ہے، وہی اپنی سانسوں کو داؤ پہ لگا کر قومی پہچان کو دنیا کے سامنے زندہ رکھنے کے لیے شہادت کے اعلیٰ مقام پر فائز ہو جاتے ہیں۔ قومی شناخت کو زندہ کرنے کے لیے، اپنی جان کی بازی لگا کر خود کو قربان کرنا کسی باشعور و غیرت مند کے شریر میں پایا جاتا ہے۔

ریحان کون تھا؟ ریحان عظیم کردار کا مالک کیسے بنا؟

ریحان ایک دردمند، غیرت مند بلوچ فرزند تھا، جو ہمارے درمیان ایک قومی جذبہ اور فکر لے کر پلا بڑھا تھا، ہمارا ہم عمر تھا لیکن فرض ایسا نبھا کر الوداع کر گیا کہ رہتی دنیا تک نہ ہم یہ قرض اتار سکیں گے اور نہ ہی اس کی کمی کو پورا کرسکیں گے، اپنی کم عمری کا احساس کیے بغیر مظلوم قوم کے درد میں کمی کرنے اُن کی زخموں پہ مرہم لگانے کو ترجیح دے کر ہمارے کردار و قومی فریضہ پورا کرنے پر ایک سوالیہ نشان لگا کر امر ہو گیا۔

ریحان نے یہ خیال و خواہش دل میں ضرور رکھا ہوگا کہ شاید میری اس قربانی سے غلام قوم بیدار ہو جائے، میرا خون زمین پر گرنے سے بلوچ نوجوانوں میں ایک آزادی کا جذبہ پیدا ہو جائے اور میرے کاروان کا حصہ بن کر قوم کی آسودگی کو یقینی بنائیں۔

لیکن ہم تو نام نہاد دشمن کے عزائم کو تقویت دے کر کسی سیاسی پارٹی کی جیت کے لیے جھنڈے لگانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑتے، کسی سیاسی ممبر کی جیت پر ڈھول کے تھاپ پر ناچ کر سینہ فخر سے بلند کرنے کو ہی ترجیح دے رہے ہیں۔ کسی قاتل کو منتخب کرنے کے میں مصروفِ عمل رہ کر اپنے قومی فریضے سے منہ موڑ رہے ہیں۔ کسی پکنک میں کلاشنکوف اٹھا کر شوبازی کے لیے تصویر کھینچ رہے

ہیں، اپنے نرم بستر پہ لیٹ کر فیس بک استعمال کر کے اپنی جھوٹی تعریفیں سننے اور دیکھنے میں وقت ضائع کرنے کا ٹھیکہ اٹھا رکھے ہیں۔ جشنِ آزادی منانے میں محبّ وطن پاکستانیوں کو پیچھے چھوڑ رکھا ہے، اپنے سینے پر ناپاک دشمن کا جھنڈا لگا کر اپنی قوم کو شکست دینے پر خوشی کا اظہار کر رہے ہیں۔ پکنک، پارٹی منانے سیر و تفریح کرنے، ہُنڈا موٹر سائیکل پہ جھنڈا لگا کر دشمن کے کام کو آسان کر کے فکر مند بلوچ پرست کا مخبری کر کے خود کو جہالت، لاشعوری، منافقت کی گہری کھائیوں میں پھینکتے جا رہے ہیں۔

ریحان کے کردار کا اپنے کردار سے موازنہ کر کے دیکھ لیں، کیا ہم واقعی جینے کا حق ادا کر رہے ہیں؟ واقعی ہم مظلوم، بے سہارا، لاچار و غریب قوم کے لیے دل میں درد رکھتے ہیں؟ ہماری جہاں ضرورت ہے، اس ضرورت کو پورا کرنے کے لیے فکر مند ہیں؟ یا تو پھر ہم زندہ لاش بن کر محض سانسیں لینے کی ذمہ داریاں پوری کر رہے ہیں؟

ہمیں ریحان کے کلاشنکوف کو تھامنا ہوگا، دشمن کے برے عزائم کو شکست سے دوچار کرنے کی ذمہ داری اب بلوچ نوجوانوں پر فرض بن گیا ہے، ریحان کے کردار کو اپنے کردار میں جگہ دینا ہوگا، مزاحمت کر کے خود کو اسی قوم کے لئے قربان کرنے کا عہد کرنا ہوگا۔

ہر نوجوان کے لیے اس جہد کا حصہ بننے کا جواز ریحان نے اپنے خون سے عظیم قربانی سے دیا کہ راستہ یہی ہے (آ سکو تو ساتھ دو)۔۔۔ ہمارے پاس کوئی بے بنیاد دلیل رہا ہی نہیں کہ ہم ریحان کے مشن کو پورا کرنے کا حصہ نہ بنیں، اگر پھر بھی ہم نے اپنی زندگی کو عزیز چاہا، اپنی خواہشوں کے گرفت سے نکل نہ سکے، اگر پھر بھی ہم نے والدین کی رکاوٹ کو سامنے رکھا، تو اپنے گریبان میں ضرور جھانک کے دیکھنا ہوگا کہ ہم کتنے بے حس و ذاتی زندگی میں پھنسے ہوئے ہیں، جو کہ مکمل طور پر بے معنی و بے مقصد زندگی کی سانسیں لے کر رسمً ادا کر کے لیے جی رہے ہیں۔

ریحان کی زندگی کے آخری لمحات کی ویڈیو کو مدنظر رکھ کر اپنی بے معنی زندگی پر نظر دوڑانا کہ کس طرح ہم اس قوم کی مظلومیت اور ظالم کی جابرانہ عمل سے نظر چُرا رہے ہیں، وہ دن دور نہیں کہ ریحان کے گھر کی طرح میرا اور آپ کا گھر کسی محاصرے کا شکار ہو جائے اور ہم اپنی آنکھوں سے

اپنی ماں بہنوں کی عزتوں کو تار تار ہوتے ہوئے دیکھ لیں_ انتظار سے بہتر عمل ہے___ عمل میں کردار خوبصورت بن جاتا ہے، جس کا ثبوت ریحان نے دے کر ہمارے قوم کا سر فخر سے بلند کر کے ہمیں دنیا میں نئی پہچان عطا کی۔

میں سرخ سلام پیش کرتا ہوں، اُس عظیم ماں کو جس نے مادر وطن کی حفاظت کے لیے اپنے لخت جگر کو پیش کیا، قربان جاؤں اُس ہستی (والد) پر جس نے اپنے بیٹے کو دشمن کی شکست کا ذریعہ بنا کر سر پہ بوسہ دے کر الوداع کہہ دیا۔

☆☆☆

آہ۔۔۔سرفروش ریحان

جلال بلوچ

وہ دل جس کے بارے یہ کہا جاتا ہے کہ "وہ یہ کہتا ہے، وہ دماغ کا وہی حصہ ہے، جو بطور دل محسوس ہوتا ہے۔" دل ٹرانسپلانٹ ہوتے ہیں، مگر انسانی دل جو سوچتا ہے وہ نہیں بدلتا۔ لہٰذا سخن روی میں جسے دل کہا جاتا ہے، وہ دماغ کا ہی حصہ ہے اور خون پمپ کرنے والا عضو دراصل دل نہیں کہ جسے ادب وحساسیات کی دنیا میں دل کہا جاتا ہے۔ عقل کیا ہے؟ شعور کیا ہے؟ یہ جو میں ہوں، یہ کیا ہوں؟ یہ جو میں خود کو محسوس کرتا ہوں، یہ میں جسم کو محسوس کرتا ہوں یا روح کو.. اگر روح کو محسوس کرتا ہوں، تو جسم کس شے کے تابع ہے؟ اگر جسم کو محسوس کرتا ہوں تو روح کس شے کے تابع ہے؟

یہ سب سوچنے کیلئے سب سے پہلے خود کو جاننا ہوتا ہے، آخر میں خود کیا ہوں؟ سب سے پہلے جب سے ہر کسی نے ہوش سنبھالا ہے بلوچ قوم کا خطاب دیا گیا ہے، اس کے بعد آہستہ آہستہ آہستہ شعور اجاگر ہوتا گیا، کچھ غلط سوچ وفہم، دماغ کے اندر ڈالے گئے کہ پتہ نہیں کیا ہوں، کس قبیلے سے ہوں۔ ایسے گندے رجحانات دماغ کے اندر ٹھونس دیئے گئے، یقیناً یہ صرف میرے ساتھ نہیں ہوا ہے، یہ سب بلوچوں کے ساتھ ہوا ہے۔

مگر جب شعوری طور پر خود سوچنے کی اہلیت رکھا، تو حقیقت میں پتہ چلا میری کوئی حیثیت کوئی وجود نہیں، میں صرف اور صرف ایک غلام قوم سے تعلق رکھتا ہوں۔ جسے بلوچ کہا جاتا ہے ایک بلوچ اور ایک غلام کی حیثیت سے زندگی بسر کر رہا ہوں۔ مجھے بذات خود لفظ فدائی سے انتہائی نفرت رہا ہے کہ کیسے اپنے ساتھ لوگوں کو اڑایا جاتا ہے، میں اسے ایک جہالت سمجھتا تھا۔ کیونکہ میں نے اکثر مذہبی شدت پسندی کے بارے میں سنا تھا اور اکثر ایسی کتابوں سے پالا پڑا ہے کہ وہ لفظ

فدا کی تشریح تو کر چکے ہیں، مگر اس فدائین حملہ آوروں کہ بارے میں نہیں لکھا یا کہا گیا ہے، جو اپنی جان کو فنا کرتے ہیں۔ بس اتنا بتا کر مطمئن کرنے کی کوشش کی ہے کہ یہ دہشت گرد ہیں، یہ عام لوگوں کو مار دیتے ہیں۔ میں مذہب یا مذہبی شدت پسندی کے حق میں بالکل نہیں ہوں نا کہ ہونا چاہتا ہوں۔

جیسے کہ ہم اپنے خطے کہ بارے میں بات کریں، یقیناً ایسے ہی رجحانات ہم کو دیکھنے میں ملتے ہیں، تو اس معاشرے میں سوچ، عقل اور شعور کی سطح بلکل اسی طرح ہی ہوگا، جیسے ہمیں بتایا گیا ہے۔

لیکن اگر دنیا کی تاریخ پر غور کیا جائے، تو یقیناً فدائین حملہ آور اکثر و بیشتر مثبت عمل کیلئے خود کو فنا کرتے ہیں۔ جیسا کہ جاپان میں اپنے وطن کی دفاع کیلئے جاپانیوں نے ہزاروں کی تعداد میں اپنے دشمن پر فدائین حملے کر کے دشمن کو کافی نقصان پہنچائے۔ اسی طرح تامل تحریک میں سینکڑوں کی تعداد میں نوجوان مردوں اور عورتوں نے اپنے دشمن پر فدائین حملے کیے۔

لفظ فدائین فدا سے نکلا ہے، جس کے معنی ہیں، کسی خاص مقصد کیلئے جان قربان کرنا۔ تو خاص مقصد ہے اس سے میں آپ اور ہر باشعور بلوچ سمیت دنیا بخوبی آگاہ ہے کہ یہ جنگ ایک آزادی کی جنگ ہے، اس سے بڑا مقصد دنیا میں اور کوئی نہیں ہوتا۔ غلامی سے آزاد ہونے کیلئے ہر انسان ہر جانور، چرند، پرند دوڑ دھوپ کرتے ہوئے زمین پر کثرت سے پائے جاتے ہیں۔

اس وقت جب بلوچ نوجوان میں سے پہلا فدائی حملہ 70 کی دہائی میں ہوا تھا، شاہد مجھ سمت کئی بلوچ نوجوان اس دنیا میں وجود نہیں رکھتے تھے۔ کچھ پتہ نہیں کیا کیفیت ہوتا ہے اس جنون میں کہ بلوچ نوجوان اب اس کیلئے کثرت سے تیار ہیں۔

لیکن 2011۔30 دسمبر کو جب کالج پڑھنے کیلئے موجود تھا اور شام کو ہاسٹل کی چھت پر بیٹھ کر اپنے مجلس میں مگن تھے، تو اچانک ایک ذوردار دھماکے سے پورا ہاسٹل لرز اٹھا۔ جس سے خوف کے مارے سب اپنے کمروں میں چلے گئے۔ کمرے میں جاتے وقت موبائل پر میسج رسیو ہوا۔ جس پر لکھا تھا ارباب کرم روڈ پر واقع شفیق مینگل کے گھر پر دھماکہ ہوا ہے، جس میں 15 افراد ہلاک

ہوئے تھے۔اور کچھ دیر بعد میسج آیا کہ اس حملے کو بی ایل اے کے مجید برگیڈ فدائی حملہ آور ''باز خان'' عرف درویش بلوچ نے کیا ہے۔ یہ خبر سن کر میں بہت پریشانی کے ساتھ غصے میں رہا یہ کیا ہو رہا ہے، بلوچ مزاحمت کار بھی مذہبی شدت پسندوں کی طرح خودکش حملہ کرتے ہیں۔مگر کمرے میں ساتھ والے روم میٹ نے اس معاملے کی تشریح کر کے مجھے بتایا کہ وہ خودکش تھے،انہیں کچھ خاص مقصد نہیں ہوتا یہ فدائین ہیں یہ خاص مقصد رکھتے ہیں۔تو عقل ٹھکانے آ گیا کہ واقعی عشق وطن اسی کو کہتے ہیں جو موت کی پرواہ کیے بغیر دشمن پر ٹوٹ پڑتے ہیں۔

شہید درویش کے بعد سنگت شہید ہو رہے تھے، کچھ سنگت اغوا ہو چکے تھے،شہیدوں کی شہادت حوصلوں کو ایندھن فراہم کرتا رہا، مایوسیاں دور ہوتے گئے، دشمن کے خلاف جنگ میں شدت لانے کی کوشش کی۔امیر جان،صدام،علی سلیمان، جاوید، میرل، دلجان و بارگ جیسے انمول ہیرے گنوائے بلوچستان بھر میں دشمن فوج کو بری طرح شکست سے دوچار کیا گیا۔مگر نیوز صرف بلوچستان اور دشمن پاکستان کے نیوز کمروں تک کا نیوز تھا۔ہم تو سوچ چکے تھے کہ درویش کے بعد اور کوئی نہیں ہے جو خود کو فنا کرے مادر وطن کیلئے، سب ہمارے جیسے ڈرپوک ہیں۔مگر ہمارے اندازے غلط نکلے بلوچستان کی سرزمین میں درویش کل بھی تھا اور آج بھی بہت سے ریحان موجود ہیں۔جو دشمن کو تباہ و برباد کرنے کیلئے سرفروش بن کر بیٹھے ہیں۔

درویش کے بعد بلوچ تاریخ میں 11 اگست 2018 آخری بلوچ تک کو یاد رہے گا،اس میں ایک ایسے نوجوان ریحان بلوچ نے دشمن کے اقتصادی نظام کو ہلا کر رکھ دیا، جو خود بلوچ لبریشن آرمی کے سینئیر کمانڈر کے بڑے بیٹے تھے۔

اگر کوئی کہے یہ جنگ ذاتی آسائش کی وجہ سے لڑی جا رہی ہے،تو یہ ایک واضح مثال ہے، جو باپ اپنے بیٹے کے سر کو چوم کر خود فدائی حملے کیلئے روانہ کر رہا ہے۔میرے نزدیک کوئی ایسا ماں، باپ نہیں جو اپنے بچے کو خود گلے لگا کر فدائی کیلئے روانہ کریں۔یہ صرف اور صرف شعوری،فکری و نظریاتی لوگ کر سکتے ہیں، ایسی قربانی دے سکتے ہیں۔کیونکہ سب کو پتہ ہے یہ کوئی آسان کام نہیں۔

ریحان بھی آسائش کی زندگی بسر کر سکتا تھا، اچھے سکول، کالج اور یونیورسٹی میں پڑھ سکتا تھا، مگر ایک شعوری فیصلے نے اسے تمام کتابوں سے اونچا درجہ دے دیا۔یقیناً وہ بھی اسی فلسفے پر قائم ہوگا کہ میں تو ایسے ہی فنا ہو جاونگا مگر میں اپنے آنے والی نسلوں کیلئے ضرور ایک روشن صبح کی کرن ثابت ہوں گا۔ریحان آپ تو امر ہوئے اور ساتھ ہی ساتھ مجھ جیسے نکموں کو گہری نیند سے جگا کر فنا ہوئے۔

☆☆☆

فلسفہِ قربانی شہید ریحان بلوچ

لطیف بلوچ

ریحان کے عظیم کارنامے وشہادت کا سُن کر اور اُنکے عظیم ماں و باپ کو اُنھیں اُنکے مشن پر رخصت کرنے کے مناظر دیکھ کر مجھ پر سکتہ طاری ہوگیا، میں غموں کے سمندر کی گہرائی میں غوطہ زن ہوا، دل و دماغ ایک عجیب کیفیت کا شکار ہوگئے اُن کے عمل کے سامنے ہم جیسے بے عمل انسان اپنے آپ کو انتہائی کمزور اور چھوٹا محسوس کرتے ہونگے، میں نے اُن کی عظیم قربانی پر کچھ لکھنا چاہا، بہت کوشش کی لیکن دل و دماغ اور قلم نے ساتھ نہیں دیا میں کچھ نہیں لکھ سکا، بہت کوشش کیا لیکن اُنکے عمل کے سامنے میرے الفاظ چھوٹے پڑ گئے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ ریحان ہمارے لفاظی تعریف اور ٹوٹے پھوٹے چند بے ربط اور بے عمل الفاظ کا محتاج نہیں کیونکہ وہ اپنے عمل سے ایک عظیم رتبے پر فائز ہوگئے ہیں۔

عظیم ماں کی ہمت اور اُس کی عظمت کو لاکھوں سلام جو اپنے لخت جگر کو گلے سے لگا کر رخصت کر کے کہہ رہی ہے، جاؤ میرے لال میں نے آپ کو وطن کے لیے قربان کر دیا، پنجابی قبضہ گیر کو یہ سمجھ لینا چاہیے کہ بلوچ ماؤں کی یہ ہمت اور بلوچ فرزندوں کے وطن کے لیے قربانی کا یہ جذبہ اُن کے ناپاک عزائم کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دے گی، 71 سالہ ظلم و جبر اور مادر وطن، اور بلوچ ماں و بہنوں کی حرمت روز روز تار تار کرنے، اغوا کر کے کیمپوں میں جنسی تشدد کا نشانہ بنانے کی دل دہلا دینے والے واقعات نے بلوچ نوجوانوں کے خیالات بدل دیئے ہیں، وہ کم ظرف، بزدل قبضہ گیروں اپنے وطن سے نکالنے اور اپنی آزادی کو حاصل کرنے کے لیے اپنے جسموں پر بم باندھ کر اپنی جان فدا کر رہے ہیں، ایک ماں اور باپ کی قربانی کا یہ فلسفہ آزادی کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو زمین بوس کر دینگے، ریحان کی ماں نے اُنہیں سپرد وطن کیا، وہ سمجھتی تھی کہ

ریحان دھرتی ماں کی بیٹا ہے۔

ریحان نے اپنے خوشبو سے سرزمین بلوچستان کی فضاء کو معطر کر دیا، اُنکے لہو کے رنگ نے تحریک آزادی کو ایک نئی جہت اور سُرخی بخشا ہے، ریحان نے اپنی جان اپنے مقصد کے لیے قربان کر کے تحریکی ساتھیوں اور جہد کاروں کے کندھوں پر ایک بھاری ذمہ داری ڈال دی ہے، اب اُنکے مقصد کو آگے بڑھانا، اُن کی سوچ وفکر اور نظریہ کو مضبوطی سے تھام لینا ہر ایک بلوچ جہد کار کا قومی فرض اور ذمہ داری بن چکا ہے، ریحان نے اپنے مقصد پر جان قربان کر کے یہ ثابت کر دیا کہ جب مقصد عظیم اور منزل حسین ہو پھر جان کی قربانی کوئی اہمیت نہیں رکھتی۔ میں ذاتی طور پر ریحان کو نہیں جانتا، اُن سے کبھی ملاقات نہیں ہوئی لیکن جب سے میں نے اُن کی تصویر دیکھی ہے میں ہر پل یوں محسوس کرتا ہوں کہ وہ میرے ساتھ تھا، میں نے اپنے وجود سے کوئی چیز کھویا ہے، اس بات پر میں نے بہت سوچا کہ ایسا کیوں ہوتا ہے، اپنا کوئی قریبی خونی رشتہ دار چھوڑ کر چلا جائے اتنا درد محسوس نہیں ہوتا لیکن ایک نظریاتی وفکری ساتھی کے الگ ہونے سے انسان اندر سے ٹوٹتا ہے، کیونکہ نظریاتی رشتے اور فکری ہمسفری تمام رشتوں اور ناطوں سے عظیم ہوتے ہیں۔

بالاچ کی شہادت پر نواب خیر بخش مری نے کہا تھا" بالاچ زندہ رہتا، تکلیف میں رہتا، بھوکا رہتا، کام کرتا رہتا۔ شاید یہ باپ کی حیثیت سے میرے احساسات ہیں، قومی غرض کی لیے اُس کا مزید رہنا شاید اچھا ہوتا۔ ایک بالاچ نہیں ہزاروں کی تعداد میں باپوں کے بیٹے اور بیٹوں کے باپ مارے گئے۔ بلوچوں میں ایک کہاوت ہے، میں اُس کی ماں کا شوہر نہیں لیکن وہ میری اولاد ہے۔ میری ان اولادوں کا دکھ اگر ایک منٹ مجھے ستائے گا، تو یہ شاید پانچ منٹ ستائے گا۔ دونوں کا دُکھ برابر کہوں تو شاید جھوٹ ہوگا۔ لیکن یہ میرے شعور کی کمی ہے، جذباتیت نہیں ہے، لیکن حقیقت تو یہ ہے کہ میرا بیٹا اگر چھت ہے تو دیواریں یہ دوسرے بلوچ ہیں، رسم ہے کہ گاؤں میں کوئی مرجائے تو روٹی نہیں پکاتے، لیکن اگر اپنا کوئی مرجائے تو روٹی پکانے کو دل چاہتا ہی نہیں، بالاچ کا مرنا دکھ کی بات، لیکن ضرورت تھی قوم کو اُس کی، کام آگیا۔ زندہ رہتا مزید کام کرتا تو مجھے بہت خوشی ہوتی۔ تھوڑی روٹی ملتی، مشقت میں رہتا تو کندن ہوتا جاتا، دمکتا جاتا۔"

میں سمجھتا ہوں اگر ریحان مزید زندہ رہتا اور زیادہ کام کرتا تحریک کو آگے بڑھاتا، اُن کی اب تک تحریک کو ضرورت تھی کیونکہ ایک ایسا پُرعزم نوجوان جو اپنے مادر وطن سے بے پناہ محبت کرتا ہو اور اپنی جان کو سرزمین کی امانت سمجھتا ہو تو ایسے نوجوان تحریکوں کی کامیابی کی ضمانت ہوتے ہیں، جو اپنے نظریہ اور فکر سے قوم و تحریک کی رہنمائی کرتے ہیں۔ نوجوانوں کو راستہ دکھاتے ہیں، اگر آج اس عمر میں ریحان کا یہ جذبہ تھا وہ آگے بڑھ کر مزید وسعت اور پختگی حاصل کرتا، یہ میری سوچ ہے لیکن اُنہوں نے اپنے راستے کا تعین، موت کا انتخاب خود کیا تھا، اُس میں پختگی تھی اُنہوں نے جذباتیت کے بجائے ایک شعوری فیصلہ کیا، وہ شاید یہ سمجھتا تھا کہ دشمن پہ ضرب لگانے کے لئے اگر میں اپنی جان سے گزر جاؤں تو یہ کوئی گھاٹے کا سودا نہیں، اُنکی تحریک سے وابستگی خالصتاً ایک نظریاتی وابستگی تھی جس میں کوئی نمود و نمائش، لالچ، حرص اور صرف باتوں کی حد تک ہیروازم کا عنصر شامل نہیں تھا، وہ ایک باعمل نوجوان تھا جس نے شہداء کی فکر اور شہید مجید و شہید درویش کی سُنت پر عمل کیا اور بلوچ تاریخ میں ہمشہ کے لئے امر ہو گئے۔

ریحان نے اپنا قومی فرض نبھا کر تحریک کو مضبوط بنیاد فراہم کر کے ایک نئے موڑ پر لا کھڑا کیا اب ہم سب ان کے قرض دار ہیں ریحان نے بچپن سے جو سوچا تھا جس مقصد کے لئے وہ ذہنی و فکری طور پر ہمہ وقت تیار تھا اُنہوں نے اپنا وہ مشن پورا کیا، ریحان کے خلوص اور ایثار قربانی و وطن پر مر مٹنے کا فلسفہ قابل تحسین اور قابل فخر اور آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہے۔

☆☆☆

انقلاب خود اپنے بچوں کو نگلتا ہے

لیاقت بلوچ

دنیا میں قومی تحریکوں نے جب اپنی قد میں ترقی کی طرف بڑھائیں، تو انہیں اپنے کارواں میں مخلص اور ایماندار اور جانباز ساتھی ملے ہیں، دنیا کی ترقی میں قربانی اور محنت ضروری ہے۔ آج اگر ایک شخص اپنی زندگی کے مفادات کو آگ میں جھونک کر قومی مفادات کو اہمیت دیتا ہے، تو وہی ایک مخلص اور جانباز بنتا ہے، انسان اپنی فطرت میں ہر طرح کے سوچ اور راز رکھتا ہے، لیکن انسان بعد میں اپنی سوچ کو اپنے طور طریقے سے استعمال کرتا ہے اور اپنی ذات اور زندگی کے بارے میں خود سوچتا ہے، کیونکہ وہ ان چیزوں میں آزاد ہے۔

بلوچ قومی تحریک میں بہت سی ایسی مثالیں ملتی ہیں، جو دنیا کے عظیم شخصیتوں سے جڑی ہیں، بلوچ قومی جنگ کی جڑیں وہاں سے جڑی ہیں، جہاں سے آزادی کی خوشبو آتی ہے، کئی قابلِ قدر قربانیوں کی وجہ سے آج بلوچ قوم اپنے پیروں پر کھڑا ہونے کی اہلیت رکھتا ہے، یہی بے پناہ قربانیوں کو وجہ سے، دنیا کو بلوچ قوم ایک مظبوط قوم نظر آتی ہے، یہ انہی عظیم قربانیوں کی برکت ہے کہ آج ہم اس اسٹیج پر ہیں، ہماری جنگ ایک مجموعی جنگ ہے، جہاں قبیلہ سرداریت کے کچھ لوگ نہیں یہاں خوار غریب اور گلزمین کے پکارے ہوے لوگ ہیں۔ اس جنگ کو امیر اور سردار کے بیٹے کبھی برداشت نہیں کر سکتے کیونکہ انکو قوم کیلئے درد نہیں ہوتا، درد کا احساس رکھنے کیلئے درد سہنا پڑتا ہے، لیکن آج انہوں نے اپنی مالیت یا انکے گرے ہوئے کاموں نے ہمارے کاروان کو تکلیف دی ہے، انہوں نے کچھ ایسے کام کیئے نہیں ہیں، جن سے ہمارے قومی قبضے پر گہرے اثر پڑے ہوں۔

جب کبھی ایک ساتھی شہید ہوتا ہے، تو مجھے نہیں لگتا کہ وہ شہید ہو گیا ہے، مجھے یہ محسوس ہوتا ہیکہ وہ مجھ سے دور ہے لیکن اس نے ہمارے دلوں میں ایسی جگہ بنائی ہے، جہاں اسکے جانے سے

ایک کونہ خالی ہوگیا ہے، لیکن کچھ ایسے ہوتے ہیں وہ کبھی نہ بھلائے جاتے ہیں، کچھ ایسے کام کرتے ہیں وہ ہماری زندگی کا ہمسفر بن کر ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔ آج وہ ہمارے درمیان میں انسان کی طرح نہیں بستے، وہ ایک نام اور نظریے، ایک سوچ کی طرح ہوتے ہیں، اسکو بھول جانا ایک جرم ہوتا ہے۔

آج ایک ایسی خبر نے میرے ہوش اڑا لیے کہ موت کا سامنا ایک محبت کرنے والے سے ہو رہا تھا، اس نے خندہ پیشانی سے اپنے قومی فرض کو سرانجام دیتے ہوئے ہمارے بیچ سے جسمانی حوالے سے جدا ہوکر، ہمارے اندر ہمیشہ بس گیا۔ میں مانتا ہوں کہ اس نے خودکشی کر لی ہے لیکن پاکستانی اجرت دار طالبان کے پالے ہوئے بمباروں کی طرح نہیں، اس کو ایک درد اور ایک بھری آہ! نے خودکش کروالیا۔ جو ہماری نسل کے ارتقاء وجود اور بقا کیلئے تھا۔ وہ اس خواب کو بچپن سے دیکھ رہا تھا۔

اس کی مہر و محبت کبھی ہمارے دل سے نہیں نکلے گا، وہ مجھے جب نظر آتا، تو مجھے لگتا تھا کہ میرے سامنے ہر وقت ایک پھول کھڑا ہے، چہرے پہ ہر وقت مسکراہٹ اور میٹھی میٹھی باتیں اور اخلاق اور ایک ایسے رویے کا مالک، جس نے ہر طرف اپنے مہر بکھیرے۔ وہ ہمیشہ ہر کام سرانجام دیتا رہتا، جب اس کو گلزمین سے نکلتی ہوئی چیخوں اور یتیم بچوں کی آہیں سنائی دیتی، تو وہ اپنے کام میں اور مخلص ہوتا۔

ریحان جان کی اس عمر میں اس عظیم قربانی نے بلوچ قوم کے نوجوانوں کی جہد میں اور انکی منزل کیلئے ایک مشعلِ راہ ثابت ہوا۔ جس سے وہ اپنی منزل تک آسانی سے پہنچ سکتے ہیں۔

اسکی شہادت کی خبر میں نے پڑھا، تو میں اسکی یادوں کے سمندر کی گہری لہروں میں ڈوب گیا، میں اس کو یاد کرنے کیلئے خود کو بھول چکا تھا، اس نے دشمن کو توڑنے کیلئے کبھی خود کو نہیں توڑا، اپنی سوچ کو مضبوط کرتا رہا، اسکی قربانی نے ہزاروں کو مضبوط کرلیا، وہ دشمن سے کبھی بھی نہیں ڈرتا تھا، وہ ان سے ہمیشہ مقابلہ کرنے کیلئے نکلتا تھا، اسکی قربانیوں نے آج کئی لیڈروں کو بہت متاثر کیا ہے کہ وہ جھک کر اسکو سلام پیش کرتے ہیں، اگر کل مورخ لکھے گا تو اسکا قلم ضرور اس نوجوان شہید کو یاد

کریگا، جس نے اپنی ذاتی زندگی سے بہتر قومی زندگی کو سمجھا۔

شہید ریحان جان مجید برگیڈ کا ایک جانباز ممبر تھا، جس نے سب کچھ کر دکھا دیا، جیسے اسکے ٹیم کے ممبروں نے کیا تھا۔

2 اگست 1974 کو شہید مجید بلوچ نے کوئٹہ میں پاکستان کے وزیر اعظم ذولفقار علی بھٹو پر حملہ کیا۔ 11 اگست 2018 کو شہید ریحان نے پاکستان اور چین کے استحصالی کمپنی کے انجنیئر وں پر حملہ کیا، جب وہ سیندک پروجیکٹ کیلئے جا رہے تھے تو دالبندین کے مقام پر اس جانباز نے ان پر حملہ کیا۔

پاکستان اور چین کیلئے پیغام چھوڑا کہ ہمیں یہ منصوبے منظور نہیں ہیں، ہم انکو پہلے بھی تنبیہہ کر چکے ہیں، لیکن وہ ان سے کبھی باز نہیں آئے لیکن ہم ان پر کاروائی کرتے رہے ہیں اور بھی کریں گے یہاں ایک قوم کے وجود کا مسئلہ ہے، ان کو پھر تنبیہہ کرتے ہیں کہ وہ یہاں سے باز آجائیں، ورنہ انجام وہی ہوگا، جو ایک دشمن، دوسرے دشمن سے کریگا۔ سرخ سلام شہید ریحان بلوچ کو جس نے تاریخ میں اپنے لیے ایک نام چھوڑا۔

☆☆☆

کاش میں بھی ریحان ہوتا

میرین بلوچ

دالبندین سیندک پروجیکٹ کی وجہ سے دنیا بھر میں مشہور ہے، جہاں سے کاپر اور سونے کے ہزاروں ٹن نکالے جا چکے ہیں، یہ سلسلہ ابھی تک جاری ہے، یہ پروجیکٹ چائنیز کمپنی کے ہاتھ میں ہے، جہاں تمام انجنیئرز سے لیکر ٹیکنیشن تک چائنیز ہیں، ہاں البتہ بلوچ اور سیندک کے لوگوں کے لیے ڈرائیور اور خاکروب کی آسامیاں آتے ہیں، کیونکہ چائنیز کو سیندک سے باہر آنے جانے میں بلوچ سرمچاروں کی وجہ سے دشواری ہے، ورنہ یہ کام چائنیز خود کرتے اور سیکورٹی پاکستانی فوج کا ذیلی ادارہ ایف سی کے پاس ہے، جو سیکورٹی کے مد میں کروڑوں روپے روزانہ کے حساب سے بٹورتا ہے، سیندک پروجیکٹ کی وجہ سے جو پرسنٹ (فیصد) پاکستان کو ملتی ہے، وہ وفاق اور پنجاب پر خرچ ہوتی ہے. دالبندین سیندک کے لوگوں کے مقدر میں بے روزگاری، جہالت، بیماریوں کے علاوہ کچھ بھی نہیں. جہاں تعلیمی ادارے، اسپتال غیر فعال ہیں، بیروزگاری کی وجہ سے یہاں کے لوگ نان شبینہ کے محتاج ہیں، تعلیمی اداروں کا یہ حال ہے کہ نوکنڈی میں ایک کالج ہے جس کے دو لیکچرار ہیں اور پرنسپل برائے نام بھی نہیں۔

11 اگست کی صبح دس بجے کے قریب وٹس آپ پہ میسج آیا کہ دالبندین میں دھماکے کی آواز سنی گئی ہے اور دوسرا میسج آیا کہ سیندک سے چائنیز انجینئرز پر دالبندین ایئرپورٹ کی طرف جا رہے تھے ان پر حملہ ہوا ہے. جب میں نے دیکھا تو خوشی ہوئی کہ ضرور یہ کارروائی بلوچ جہدکاروں نے کی ہے، کیونکہ آج کا دن تو مبارک دن بھی ہے آج کا دن ہی تو انگریز سامراج سے بلوچ قوم کو آزادی ملی تھی، بلوچ جہدکار پھر سے اپنی آزادی لینے کے لئے برسرے پیکار ہیں اور دشمن کو بتانا چاہتے ہیں کہ آپ نے ہماری آزادی سلب کی ہے اور ہمیں یہ غلامی قبول نہیں، اپنی قومی آزادی

ایک دن ضرور لے کے رہینگے، انہی سوچوں میں گم تھا کہ ایک اور میسج آیا، جس میں لکھا تھا کہ دھماکہ خودکش تھا، میری خوشی غائب ہوئی کہ یہ تو ریاست کی چال ہوگی. طالبان کے نام پر دھماکا کرنا اور چائنا سے اپنے ڈیمانڈ پورے کرانا ہے اور کچھ نہیں۔ ایک دو منٹ گزرنے کے بعد بعد میسج آیا کہ آج کا خودکش حملہ بلوچ لیبریشن آرمی (بی ایل اے) نے قبول کرلیا ہے اور ساتھ ہی مادر وطن کی جانثار کی تصویر بھی شائع کی ہے کہ ہمارے سرمچار مجید برگیڈ کا فدائی ریحان بلوچ نے کیا ہے، میں تصویر دیکھ کر حیران رہ گیا کہ اس نے تو ابھی ابھی جوانی میں قدم رکھا ہے، اتنی چھوٹی سی عمر میں اتنا بڑا کارنامہ؟ اتنی بڑی قربانی، اتنی بڑی ذمہ داری؟ عقل حیران رہ جاتی ہے۔۔۔ یقیناً یہ قومی جذبہ ہے پھلیں ریحان جان کو اتنی بڑی قربانی کے لیئے تیار کیا ہوگا۔ یقیناً بلوچ شہدا کی قربانی، ماں بہنوں کی عظمتوں، بلوچ اسیران کی گمشدگی، بلوچ قوم کی غلامی، لاچاری کو سامنے رکھ کر انفرادی زندگی کو اجتماعی لوگوں کی خوشحالی اور آزادی جیسی خوبصورت نعمت کے لیے قربان کیا ہوگا۔

دشمن سے لڑائی میں بلوچ نوجوانوں کے سینکڑوں نام آتے ہیں، جنہوں نے جام شہادت نوش کی ہے اور سینکڑوں اسیروں کی لسٹ میں شامل ہیں اور سینکڑوں دشمن سے برسرِ پیکار ہیں لیکن فدائی (خودکش) حملہ کرنے والوں میں ایک دو نام ہی سامنے آتے ہیں، شہید مجید اور شہید درویش. اور ایسا لگتا تھا کہ یہ سلسلہ رک گیا ہے۔ نہیں، نہیں۔۔۔ ہم غلط تھے، جب تک ریحان جیسے جانباز موجود ہیں، یہ سلسلہ رک نہیں سکتا۔

شہید پھلیں ریحان جان نے چھوٹی سی عمر میں ایک بڑا کارنامہ انجام دے کر شہید مجید، درویش جان کے قافلے میں شامل ہوگیا، جو قسمت والوں کو نصیب ہوتی ہے۔

اتنے میں عظیم گوریلا کمانڈر ڈاکٹر اللہ نظر بلوچ کا سوشل میڈیا کی ویب سائٹ ٹوئیٹر پہ پیغام آیا جس میں لکھا تھا کہ ریحان جان کی شہادت اور اس کے والد بلوچ لبریشن آرمی (بی ایل اے) کے مشہور و معروف کمانڈر استاد اسلم بلوچ کو خراج تحسین پیش کی کہ اس نے اپنے بیٹے کی رہنمائی کی ایک عظیم مقصد کے لیے کیا۔

میں حیران رہ گیا کہ یہ کیسا فلسفہ، کیسا شعور، کیسی فکر، اور کس جذبے کے تحت ایک باپ اپنے

بیٹے کو قوم کے آنے والے دنوں کے لیے بارود کے ڈھیر پر بٹھا دیتا ہے اور مرنے کی دعا دیتا ہے؟ یقیناً یہ جذبہِ آزادی ہے اور غلامی سے نفرت ہے۔ جس کے لیے استاد کی خود کی زندگی اجتماعی لوگوں کی زندگی کے لیے وقف ہے اور کہیں سالوں سے ظالم کے خلاف لڑ رہا ہے اور کئی بار زخمی بھی ہوا ہے، موت اور تکلیف کو روزانہ قریب سے دیکھتا ہے۔ باوجود اس کے اپنے لخت جگر کو قومی کاز، قوم کی بقا، قوم کی آزادی کے لیے بارود کے ڈھیر پر بٹھاتا ہے۔ وہ کیسا لمحہ ہوگا کہ استاد اور ریحان کی ماں نے اپنے بچے کو گلے سے لگایا ہوگا اور رخصت کیا ہوگا اور مقصد میں کامیاب ہونے کی یعنی مرے کی دعا دی ہوگی۔ پھلین ریحان جان خندہ پیشانی، مسکراتے چہرے کے ساتھ ماں باپ کی نصیحت سنی ہوگی، اور دل میں قومی فکر، قومی درد لیے گھر سے رخصت ہوا ہوگا، منزل کی طرف روانہ ہوا ہوگا۔

ایک دفعہ بھی جینے کی امید، زندگی کے لیے فکرمند نہیں ہو ہوگا، غلامی کی زندگی کو موت پہ ترجیح دیتے ہوئے، منزل کی طرف روادواں ہوا ہوگا، ادھر ماں باپ مقصد میں کامیابی (مرنے) کا انتظار کر رہے ہونگے۔

اوخدایا! یہ کیسا جذبہ ہے، اس احساس کو لکھنا، بیان کرنا دور کی بات ہے۔ محسوس تک نہیں کر سکتے۔ یقیناً آج ریحان نے بلوچ تحریک میں ایک بڑا نام پیدا کیا ہے اور تحریک کو میری نظر میں ایک نیا رخ دیا ہے اور نوجوانوں کو ایک پیغام کہ موت کو آنا ہی ہے کیوں نہ اسے خود ایک عظیم مقصد کے لیے چنا جائے۔ میں پھلیں ریحان کے جذبے کو سرخ سلام پیش کرتا ہوں جس نے چھوٹی سی عمر میں بڑا کارنامہ سرانجام دیا اور بلوچ تاریخ میں بڑا نام پیدا کیا۔

محترم استاد اسلم بلوچ کو سلام پیش کرتا ہوں جس نے اپنے جگر گوشے کو گلے لگا کر عظیم مقصد کے لیے زندگی قربان کرنے کے لیے روانہ کیا۔ پھر نہ کبھی اسطرح کا والد پیدا ہوگا اور نا ہی ریحان جیسا بہادر بیٹا پیدا ہوگا، نہ ہی ریحان جیسے بہادر شعور یافتہ بیٹے۔ کاش ہر بلوچ باپ استاد اسلم ہوتا، کاش ہر ماں کا بیٹا ریحان ہوتا، کاش میں بھی استاد کا بیٹا ہوتا، کاش میں بھی ریحان ہوتا۔

☆☆☆

عشق

شیراک بلوچ

میں نے عشق کرنے والے بہت دیکھیں، مگر حقیقی عاشق وہ ہوتا ہے جو اپنے محبوب کو جنون کی انتہاء سے بھی زیادہ عشق کرے۔ اب عشق خدا سے ہو، محبوب سے یا مادرِ وطن سے۔۔۔ عشق عشق ہی ہوتا ہے۔ ویسے تو یہ اگست کا مہینہ بلوچ قوم کیلئے بڑا ہی بے رحم ثابت ہوا ہے، اور اگر دوسری طرف دیکھا جائے، تو اسی اگست کے مہینے نے ہمارا سر فخر سے اونچا کیا ہے، 11 اگست بلوچ اور بلوچستان کی آزادی کا دن مانا جاتا ہے اور اسی دن ہمارے سنگت اپنے وطن بلوچستان کے عشق میں فدا ہوئے ہیں۔ 11 اگست 2018 صبح کے تقریباً گیارہ بجے کے وقت ایک سنگت نے اپنے فیس بک پر پوسٹ کیا تھا کہ رخصت اف اوار اُن سنگت میں کچھ الجھن میں پڑ گیا کہ سنگت نے آج شہید امیر الملک کے یہ الفاظ کیوں لکھے ہیں اور فیلنگ پر اوڈ بھی مینشن کیا ہوا تھا۔

اسی کشمکش میں تھا کہ ایک خبر چلنے لگی کہ بلوچستان کے شہر دالبندین میں دھماکا ہوا ہے، کچھ آگے خبر کی حقیقت میں جانے کی کوشش کی پتہ چلا کہ کہ سیندک پروجیکٹ پر کام کرنے والے انجینئرز کی بس پر دالبندین میں ایک خودکش حملہ ہوا ہے. اب آنجہانی کیفیت میں مبتلا ہوا دماغ کی دوڑیں لگ گئیں، کچھ دوستوں کے پوسٹ ملے جن پر (لمہ نا قرض اے ادا کریس) مادر وطن کا قرض ادا کیا لکھا ہوا تھا، آخر کار سنگت شاہ دوست کا پوسٹ سمجھ میں آیا کہ سنگت نے ایسا کیوں لکھا تھا یہ پوسٹ بس 6 سے 7 منٹ پہلے کیا ہوا تھا جس پر لکھا ہوا تھا (رخصت اف اوارن سنگتاک)۔

اکثر خودکش حملوں کی خبریں سن کر یہی کہتے ہیں کہ یہ طالبان نے کیا ہے یا کسی اور شدت پسند تنظیم نے لیکن آج ریحان نے مادر وطن کے عشق کی انتہا کر دی، یہ عشق ہی ہے جس نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ کا فرمان کی ادائیگی کے لیئے خوشی خوشی تیار کیا، وہ بھی قربانی تھی اور یہ

بھی، حضرت اسماعیل علیہ السلام خواب کی تعبیر کے لیے قربان ہونے کیلئے تیار ہوئے اور شہید ریحان مادر وطن کیلئے، اسے بھی باپ کی تربیت نے عشقِ مولا سکھایا اور ریحان کو بھی باپ کی تربیت نے عشقِ مادر سکھایا، اسے بھی ماں نے رخصت ہونے پر فخر محسوس کیا، اور ریحان کی ماں نے بھی فخر سے الوداع کیا ہوگا یہ عشق ہی ہے، جو قربانی کے جنون میں شدت لاتی ہے۔

جب سے اس کام کو سرانجام دینے کیلئے تیار ہوا ہوگا، اسی دن سے شہید درویش بھی انتظار میں ہوگا کہ میرا چھوٹا دوست آرہا ہے، جانے کیا تیاریاں کی ہوں گی اپنے چھوٹے ہم سفر کیلئے، درویش بھی 11 اگست کے انتظار میں ہونگے اور ریحان بھی درویش سے ملنے کیلئے بیتاب ہونگے۔ اس دن درویش دالبندین کے گرم ریگستان میں اپنے دوست کیلئے خود آیا ہوگا۔ کیا کیفیت ہوگی، دو درویشوں کے ملن کا، کیسا ہوگا وہ سما۔ میں آرہا ہوں دنیا کو یہ باور کرانے کیلئے کہ غلامی سے نجات حاصل کرو، اپنی ماں، بہنوں کو سامراجیت کے چنگل سے نجات دلانے جوان کے زندانوں میں ان کی عصمت دری کی جارہی ہے۔ ریحان نے راہ دکھایا کہ غلامی سے نجات حاصل کرنے کے لیے چھوٹا

بڑا ہونا ضروری نہیں، اپنے مقصد کو پانا ہوتا ہے مقصد کو پانا ہی عشق ہوتا ہے اور اس عشق کو پانے کے لیے اور اس میں شدت لانا ہم سب پر فرض ہے۔

☆☆☆

شہید ریحان جان کا عظیم کام

کمال بلوچ

کچھ واقعات ایسے ہوتے ہیں جہاں انسان کا ذہن کچھ مدت کیلئے کام کرنا چھوڑ دیتا ہے، اگر یہ کہیں انسان ہکا بکا رہ جاتا ہے یا ایک کیفیت سی طاری ہوجاتی ہے اور چند ساعت کیلئے خاموش رہ جاتا ہے، شاید کچھ سوچ سکیں یا کچھ اور شہید ریحان جان ایک ایسے وقت میں وہ کام کر گئے جو سب کو حیران کر گیا۔ بہت سے سوالات بھی باقی چھوڑ گیا، اب ہر ایک اسی سوچ میں گم ہے کہ کیا ہو گیا؟ کیسے ہوگیا؟ لیکن جو ہوا، وہ حوصلہ مند کام کر گئے، وطن کا قرض اتار کر خود امر ہوگئے، میں ذاتی طور پر ایسے کاموں کو حوصلہ مند سمجھتا ہوں، جس سے بہروں کو سنائی دے، یہ حقیقت ہے جنگ میں نقصانات اور فائدے کے بارے میں زیادہ سوچا جاتا ہے، جنگ اس لئے لڑی جاتی ہے تاکہ دشمن کو کمزور کر کے فتح حاصل کی جاسکے، لیکن کبھی جنگ میں زیر بھی ہوسکتے ہیں، لیکن اسے ناکامی نہیں سمجھتے ہیں، ناکامی اُسے مانا جاتا جہاں مایوسی پھیل جائے، کسی مقصد کو حاصل کرنے کیلئے لانگ ٹرم پالیسی کا ہونا لازمی ہے۔ کیفیتی بنیادوں پر سیاست کرنے والے سیاسی ورکر اپنا مقصد حاصل نہیں کرسکتے ہیں، امید سے جنگ جیتی نہیں جاتی بلکہ امید کے ساتھ جنگی لڑی جاتی ہے، مضبوط پالیسی اور مضبوط حکمت عملی کے بنیاد پر اپنے مقصد کو حاصل کی جاتی ہے۔

بلوچ قومی تحریک آزادی اس وقت کونسے مقام پر ہے، اس کے بارے میں کچھ نہیں کہہ سکتا ہوں۔ یہاں سمجھتا ہوں، یہی کہنا مناسب ہوگا اس جدوجہد میں انا کو قتل کرنا ہوگا اور اصولی سیاست کے بارے میں پرچار کرنا چاہیئے کیونکہ اصول ہی لوگوں کو راہ راست پر لانے کا بہترین ذریعہ ہے، لیکن اپنے اور غیر دونوں سوال کرتے ہیں، انکی نوعیت کیا ہے؟ یہ اپنی جگہ، مگر عمل کے بعد ضرور یہ سوال کیا جاتا ہے، کیوں اس طرح کیا گیا؟ خود کو نقصان دے رہے ہیں؟ وغیرہ وغیرہ اب جو

کارنامہ شہید ریحان جان نے ادا کی ہے، وہ قابل داد ہے لیکن مجھے یقین ہے سوالات کی کمی آج بھی نہیں اور کچھ اس طرح کے سوال کر رہے کہ کم عمری میں کیوں یہ کر گئے؟ زندہ رہتا مزید کچھ کرسکتا تھا۔ یہ کارنامہ کسی بڑے کام سے کم نہیں، انہوں نے ایک عظیم رتبہ حاصل کیا اور میرے خیال میں انقلاب لانے میں عمر کا نہیں شعور کا پیمانہ لیا جاتا ہے، جو حقیقی اور علمی بنیادوں پر پورا اترتا ہے، جب کوئی کم عمری میں کوئی اور کام کرے تو قابل داد، لیکن اگر کوئی ریڈیکل انقلابی فیصلہ کرے تو سوال؟

جس طرح 22 سال کے انڈین نوجوان ہیرو بھگت سنگھ اپنے ساتھوں کے ہمراہ انڈین پارلیمنٹ میں بم گراتا ہے، تاکہ ہم انقلاب زندہ باد کے نعرے کو اپنے عوام تک پہنچا سکیں، اُسے بھی یہی کہا گیا کہ جذباتی تھا، یہ کام کم عمری میں کیا گیا، لیکن انہوں نے یہی کہا تھا کہ میں شعوری طور پر یہ سب کچھ کر رہا ہوں، اس سے پشیماں نہیں ہوں، بھری عدالت میں ایک دفعہ پھر انقلاب زندہ باد کا صدا بلند کیا، یہی صدا قومی بقا ہوگئی، وہی کامیابی کی طرف گامزن ہوئے تھے۔

کچھ ایسے سوال ہمارے سامنے مختلف سرکلوں کی جانب سے سننے کو ملتے ہیں، وہی سب کچھ، وہی سوالات جو بھگت سنگھ اور انکے ساتھیوں پر کئے جاتے رہے، یہاں بھی وہی سوال جنم لے رہے ہیں کہ ہر نئے واقعے کے ساتھ سوال پیدا کیئے جاتے ہیں، اس سے مراد نہیں وہ حقیقت پر مبنی رہے لیکن ہمیں اپنے سوچوں کو وسیع کرنا ہوگا کہ دشمن کو بھاگنے کیلئے سب سے پہلے تو اپنے اندر انقلابی اور شعوری سوچ پیدا کرنا چاہیئے، پیدا کردہ سوال کے بدلے میں کام نوعیت اور اہمیت کو سمجھیں تاکہ حل کی طرف گامزن رہیں۔

11 اگست کو چینی انجنیئر وں پر نوجوان، باشعور ریحان جان وہ کام کر گئے کہ ہر طرف صرف اُسی کا چرچہ ہو رہا ہے، خود کو قربان کر گئے ایک عظیم مقصد کو سرانجام دینے کیلئے، لیکن دوسری طرف بھی سوالات کی کمی نہیں کہ کیوں بلوچ خودکش کر رہیہیں، دنیا بلوچ تنظیموں کو دہشت گرد کہیں گے، ایک بات ہمیں ذہن نیشن کرنا چاہیئے، جب تک ہم کمزور ہیں، ہمیں جو بھی نام دیں کچھ فرق نہیں پڑتا، مگر طاقت کے سرچشمے کو کوئی کچھ نہیں کرسکتا ہے، اس بات کا بھی خیال رکھنا چاہیئے کہ

انسانی حقوق کے تنظیم ہمارے لیئے کچھ الفاظ بول سکتے ہیں، لیکن آزادی دلا نہیں سکتے، جب ہم طاقتور ہونگے، عوامی حمایت کے ساتھ اپنے دشمن کو اپنے سرزمین سے بے دخل کریں گے، تو یہ تمام انسانی حقوق کے ادارے کام دیتے ہیں۔

یہ قطعاً میرا مقصد نہیں کہ انسانی حقوق کے ادارے کچھ نہیں کہیں، مگر حقیقت یہی ہے دشمن کو اپنی سرزمین میں کمزور کریں تو ہر طاقت متوجہ ہوگا، دنیا مجبور ہوگا کہ وہ اس سرزمین میں بسنے والے مظلوم عوام کے لیئے کچھ بولیں، لیکن اس حقیقت کو بھولنا نہیں چاہیئے کہ دنیا کے اپنے مفادات ہیں، اُس وقت تک مفادات نہیں رہے، تو وہ متوجہ نہیں رہے گا، انسانیت کے دعویدار تو بہت ہیں، یہ انسانی حقوق کے تنظیم دراصل ریاست کے کیئے ہوئے بہت سے چیزوں کو چھپانے کے لئے استعمال ہو رہے ہیں۔

1948، 1973، 2000 کے بعد بلوچستان میں کیا کچھ نہیں ہوا ہے، پاکستانی فوج کی درندگی کی کمی نہیں رہی ہے، انسانی حقوق کے خلاف ورزی سرعام ہو رہی ہے، اِس حوالے سے کسی انسانی حقوق کے تنظیم کو کچھ فرق پڑا ہے، ضرور انکے دفتری ریکارڈ میں ہونگے، اس لیے یہ کہنا مناسب ہوگا یہ ادارے گناہوں کو چھپانے کیلئے استعمال ہوتے ہیں، حقیقت اسی پر مبنی ہے، ہمیں اپنے جدوجہد میں مزید تیزی لانا ہوگا، ورنہ یہ استحصالی ممالک ہمارا خون چوسنے میں پیش پیش رہینگے۔

چائنا کا مثال ہمارے سامنے ہے، بلوچستان میں جس طرح سرمایہ کاری کر رہا ہے اور پاکستانی فوج کو ہر طرح کی جنگی مدد کر رہا ہے، اور بلوچ انسرجنسی کو کاونٹر کرنے کیلئے چائنا ہر طرح کی مدد پاکستان کو دے رہا ہے، اور مشترکہ بلوچ نسل کشی میں ایک ساتھ ہیں، لیکن کسی انسانی حقوق کے تنظیم نے کچھ کہا ہے؟ پاکستان اور چائنا انسانی حقوق کے خلاف ورزی کر رہے ہیں، سی پیک بنانے کیلیئے لاکھوں لوگ ہجرت کرنے پر مجبور ہوگئے ہیں، جو در پدری کی زندگی بسر کرنے پر مجبور ہیں، کیا کسی کو معلوم نہیں ہے کہ بلوچ کس طرح بدحالی کی زندگی بسر کر رہے ہیں؟ میرے خیال میں سب کچھ جان کر بھی سب انجان ہیں۔

ریحان جان وہ کام کر گئے جو وقت کی ضرورت تھی، جو ہر اس ماں کا صدا ہے، جس کے لخت جگر، انکی سرمایہ کاری کی وجہ سے دشمن کے بلیک ہول میں غائب ہوئے ہیں، انکی مسخ شدہ لاشیں ملی ہیں۔

اب بحث پر چلے جائیں اور دیکھیں کہ دنیا میں کتنے ایسے خودکش ہوئے ہیں، جو قومی جدوجہد کے لئے ہوئے ہیں؟ معلومات کے لئے اچھی بات ہے، تاملوں نے کتنے خودکش کیئے اور کرد جنگجوؤں نے کتنے خودکش کیں ہیں، لیکن میں اپنے بامساروں کا ذکر کرتا ہوں جو اس وقت اپنے وطن کیلئے عظیم کام کر گئے ہر جوان جو اپنی سرزمین کے دفاع میں مثبت کردار ادا کرتا ہے، ہر نوجوان پر فرض ہوگا، جو یہ سمجھتے ہیں، ہم اپنی سرزمین کے مالک خود ہیں، تو اپنی سوچوں میں تبدیلی لائیں، جدوجہد کے حقیقی مقصد کو سمجھیں، شہید مجید بلوچ، شہید حمید بلوچ، شہید درویش جان اور شہید ریحان جان کا انتخاب کیا ہوا راستہ دشمن کے استحصالی ٹولی کو کمزور کرسکتا ہے، موت کو ایک نام دیں، اپنے نام کو تاریخ کے سنہری الفاظ میں لکھ ڈالیں، اس کیلئے کوئی بڑے فلسفے کی ضرورت نہیں، اپنے اندر کا احساس اور شعور کو بیدار کریں اور یہ بھی کہ ہمارے تنظیموں میں جو کچھ ہو رہا ہے، اُس پر مزید غور کریں کہ ہمیں کامیابی کا سہرا کس طرح نصیب ہوگا۔ قومی جدوجہد برائے قومی آزادی کا کامیاب ہونا انسانیت کی سربلندی ہوگی۔

☆☆☆

فدائینِ بلوچستان

عبدالواجد بلوچ

گو آبلے ہیں پاؤں میں پھر بھی اے رہرو
منزل کی جستجو ہے تو جاری رہے سفر

دنیا میں پہلا خودکش حملہ 13 مارچ 1881 کو روسی سلطنت میں ونٹر پیلس کے باہر ہوا، جب اگنیٹی گرینوسکی نامی شخص نے الیگزینڈر دوئم کے قافلے پر بم پھینکا لیکن اسکی گاڑی بلٹ پروف تھی، جو اسے نپولیئن نے تحفے میں دی تھی، جسکی وجہ سے وہ محفوظ رہا، جب الیگزینڈر باہر آیا گرینوسکی نے دیکھا تو وہ تیزی سے اسکی طرف بھاگا اور اسکے قدموں میں بم پھینکا، جس سے وہ دونوں موقع پر ہلاک ہوگئے، گرینوسکی بائیں بازوں کے تنظیم کا نوجوان رکن تھا، ایک رات پہلے اس نے لکھا تھا کہ ''میں ہماری فتح کے شاندار دور میں ایک دن یا ایک گھنٹہ بھی زندہ نہیں رہوں گا لیکن مجھے یقین ہے کہ میں اپنے موت کیساتھ اپنی ذمہ داری پوری کردونگا جو مجھے کرنی چاہیئے''۔

اس عمل سے گرینوسکی تاریخ میں دنیا کا پہلا ریکارڈ شدہ خودکش حملہ آور تصور کیا جاتا ہے، اسکے بعد پچھلے 130 سال سے دنیا کے مختلف ممالک میں خودکش حملے جاری ہیں، جن میں افغانستان و پاکستان کے بیشتر حصے اور عراق زیادہ تر ان حملوں کا نشانہ رہے ہیں۔ گذشتہ 30 سال میں یہ خودکش حملے 40 مختلف ممالک پر کیئے گئے، دوسری جنگ عظیم میں اکتوبر 1944 کو جاپان نے پہلی بار ٹوکوٹائی تعینات کی جس میں فوجیوں نے دشمن کے بحری جہازوں پر خودکش حملے کیئے، اس میں نہ صرف فوجی بلکہ رضاکارانہ طور پر یونیورسٹیوں کے طالبعلموں نے بھی شرکت کی اور یہ لوگ جہاز اور کشتیاں بارود سے بھر کر لے جاتے اور اپنے مطلوبہ حدف پر حملہ کرتے، دوسری جنگ عظیم کے اختتام تک جاپان نے 3860 خودکش حملے کیئے اور دشمن کے تقریباً 50 بحری جہاز تباہ کیئے جو کہ

شاید بہت بڑا نقصان نہیں تھا لیکن اسکا دشمن پر نفسیاتی اثر بہت زیادہ تھا۔ امریکن کمانڈر ایڈ مائرل ہالسے کا کہنا تھا کہ ''یہ واحد ہتھیار تھا، جس سے میں جنگ میں خوفزدہ تھا۔''

دوسری جنگ عظیم کے بعد 1980 تک خودکش حملوں کے واقعات پیش نہیں آئے حالانکہ انہیں افغانستان، ویتنام انگولا اور ناردرن آئرلینڈ میں بڑی افواج کا سامنا رہا ہے لیکن پھر بھی خود کش حملے نہیں کئے گئے اسی دوران برطانیہ اور امریکہ نے بھی مڈل ایسٹ میں اسلامی جہادی تنظیموں کو مضبوط اور طاقتور کرنا شروع کیا تاکہ سویت یونین کے خلاف استعمال کیا جا سکے اور 1970 کی دہائی میں سعودی عرب نے بھی وہابی فرقے کو پروان چڑھانے کیلئے کروڑوں ڈالر خرچ کیے۔

اسرائیل نے 1980 میں جب لبنان پر قبضہ کر رکھا تھا، تو دوسری عالمی جنگ کے بعد پہلا خودکش حملہ ہوا، اس وقت سب سے بڑا حملہ 23 اکتوبر 1983 کو امریکن فوجی بیس پر ہوا، جب ایک بارود سے بھری ٹرک سے فوجی بیس پر حملہ کیا گیا جس میں تقریباً 20 ہزار پاونڈز بارود بھرا تھا، اس خودکش حملے میں 241 فوجی مارے گئے پھر ایک اور حملہ فرانسیسی فوجیوں پر کیا گیا، جس میں 58 فوجی مارے گئے اور اس کا ذمہ دار شیعہ فرقہ کے عسکری ونگ کو ٹھہرایا گیا۔ جن پر ایران کی پشت پناہی کا الزام تھا اور بعد میں یہ حزب اللہ کے نام سے جہادی عسکری گروپ سامنے آیا، انہوں نے 1980 کی دہائی میں 20 حملوں کی ذمہ داری قبول کی، لبنان میں اس وقت کار بم دھماکے پہلے سے کئے جاتے تھے لیکن خودکش حملہ آوروں نے نہ صرف میڈیا بلکہ پوری دنیا کو ایک دم اپنی طرف متوجہ کیا۔

سری لنکا میں جب جنگ جاری تھی، تو وہاں سب گروپ ایسے نہیں تھے جو خودکش حملے کرتے تھے بلکہ لبریشن ٹائیگر آف تامل ایلام (ایل ٹی ٹی ای) جو کہ ایک سیکولر گوریلا تحریک تھی، انہوں نے خودکش حملہ آور تیار کیئے جو کہ 1980 کی دہائی کے آخر پر اس تحریک کا حصہ بنے، جو تامل لوگوں کے لئے علیحدہ ریاست کا مطالبہ کر رہے تھے، اس گروپ کے لیڈر ویلو پلائی پرابھا کرن نے اس ضمن میں فرقہ پرست لوگ اپنے اردگرد جمع کئے اور خودکش حملہ آور تیار کرنے میں بڑا اہم کردار ادا کیا اور انہیں بلیک ٹائیگرز کا نام دیا۔

سری لنکا میں پہلا خودکش حملہ 5 جولائی 1987 کو ہوا جب بارود سے بھرے ٹرک سے سری لنکن آرمی بیرکس پر دھماکہ کیا گیا جس سے 55 فوجی ہلاک ہو گئے اور یہ حملہ 1983 میں بیروت میں ہونے والے کامیاب حملوں سے مشابہت رکھتا تھا جس سے یہ یقین کر لیا گیا کہ ایل ٹی ٹی ای کے ممبرز کی ٹریننگ بھی حزب اللہ نے کی ہے اور اس حملہ آور کا تامل اکثریتی علاقے جافنا میں جسمہ بھی بنایا گیا، اس گروپ میں شامل ہونے کے لئے باقائدہ درخواست لکھنی پڑتی تھی اور لیڈر فیصلہ کرتا تھا کہ کسے شامل کرنا ہے، درخواستوں کی تعداد اتنی زیادہ تھی کہ شہیدوں کی لاٹری نکالی جاتی یہاں تک کہ جن لوگوں نے خود کو حملے کے لیئے پیش کیا، انہیں بھی شہادت کا درجہ دیا گیا۔

1980 سے لیکر 2003 تک بلیک ٹائیگرز خودکش حملوں میں عالمی لیڈر تھے، ٹائم میگزین نے ایل ٹی ٹی ای کو دنیا کی سب سے کامیاب دہشت گرد تنظیم قرار دیا، جنہوں نے دو انتہائی ہائی پروفائل حملے کئے جن میں ایک سری لنکن وزیراعظم رنا سنگھ پریتمداسا اور دوسرے بھارتی وزیر اعظم راجیو گاندھی کا قتل شامل ہے اور مزید پانچ سری لنکن کابینہ کے ممبرز بھی مارے گئے، بلیک ٹائیگرز نے خودکش بیلٹ بھی ایجاد کی جو بعد میں عراق، افغانستان اور پاکستان میں باقائدگی سے استعمال ہوتی رہی ہے. خودکش حملہ آوروں میں عورتوں کو بھی استعمال کیا گیا۔

یونیورسٹی آف شکاگو کے مطابق 1981 سے 2010 تک 125 عورتوں نے خودکش حملے کئے، ان میں زیادہ مشہور وہ عورتیں رہیں، جو چیچنیا میں آزادی کی جنگ لڑ رہیں تھیں، یہ وہ عورتیں تھیں جن کے خاوند یا بھائی اس جنگ میں مارے گئے جنہیں روسی میڈیا نے بلیک ویڈو کا نام دیا، عورتوں کے خودکش حملوں کا ان کو کچھ فائدے تھے، ایک تو میڈیا کا دھیان بہت زیادہ ملتا دوسرا کسی کو شک نہ ہونے کی بنا پر مطلوبہ حدف کو نشانا بنانا آسان ہوتا، اس کے علاوہ یہ بھی واضح پیغام جاتا کہ انکی تحریک صرف مردوں تک محدود نہیں رہی، آج بھی بوکو حرام گروپ کی طرف سے عورتوں کو خودکش حملہ آور کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

خودکش حملہ آوروں کی مکمل تاریخ پر اگر بات کی جائے تو شاید ذہن میں یہ امر ابھر سکتی ہے کہ یہ ایک مذہبی جنونیت ہے لیکن دنیا میں آزادی پسند حلقوں نے بھی اپنے اوپر ظلم و بربریت کی انتہائی کو کمزور کرنے کے لئے خودکش حملے کئے، جس میں فلسطین کے اندر اسرائیلی بربریت پر جب 21

سالہ نوجوان محمد احمد مارمش خودکش کرتے ہیں، تو وہ ایک ویڈیو پیغام جاری کرتے ہیں جس میں کہتے ہین کہ میرا خودکش حملہ فلسطین میں بے گناہ لوگوں خاص طور پر بوڑھی عورتوں اور بچوں کا بدلہ ہے۔

مغربی بلوچستان میں گزشتہ ادوار بلوچ مزاحمت کار شہید مالک ریگی کے بھائی عبدالغفور ریگی نے ایرانی فورسز پر حملہ کر کے اس امر کی ابتداء کی تھی۔

مشرقی بلوچستان کے اندر جب آزادی کی تحریک شروع ہوئی تو ابتدائی ادوار میں شہید مجید بلوچ اول نے 2 اگست 1974 کو اس وقت کے ظالم حکمران ذولفقار علی بھٹو پر خودکش حملے کی ابتداء کی گو کہ اس حملے میں بھٹو محفوظ رہے لیکن اس جذبے کی بنیاد رکھی گئی کہ ''جب مقصد عظیم ہو تو جان کی کوئی اہمیت نہیں ہوتی''

اس کے بعد مشرقی بلوچستان پر پاکستانی قبضے کے خلاف اور پاکستان کے بنائے گئے ڈیتھ اسکواڈ پر کوئٹہ میں بلوچ سرمچار درویش بلوچ نے اس وقت کے بدنام زمانہ ڈیتھ اسکواڈ کے سربراہ شفیق مینگل پر ارباب کرم خان روڈ پر 30 دسمبر 2011 کو خودکش حملہ کر کے ثابت کیا کہ ہم فدائین ہیں. بلوچستان پر گزشتہ ستّر سالوں سے پاکستانی بربریت اپنے انتہاء کو پہنچ چکی ہے اور آج پاکستانی فورسز بلوچ نہتے ماؤں بہنوں بچوں کو پسِ زنداں ڈال کر اپنے گہناونے عزائم کو مزید تقویت دے رہے ہیں، اور ان تمام جبر وظلم میں پاکستان کے ساتھ چائینا مکمل شراکت دار ہے، کیونکہ چائینا بلوچستان میں بلوچ وسائل کو ہتھیانے کے عوض پاکستان پر اپنا افرادی و مالی قوت صرف کر رہا ہے بلوچستان پر چائینا کے اس لوٹ مار کے خلاف بلوچ مزاحمت کاروں نے ان پر بعض اوقات کاری ضربیں لگائیں، لیکن آج اس جذبے کو بی ایل اے شہید حمید برگیڈ کے کساں سال سپاہی فدائین ریحان جان بلوچ نے دالبندین میں چائینیز پر خودکش حملہ کر کے یہ ثابت کیا کہ مادرِ وطن پر آنچ آئے تو ہم جان کی بازی مکمل جزبے سے دیں گے۔

''کر چلے ہم فدا جان وتن ساتھیوں، اب تمہارے حوالے وطن ساتھیوں''

☆☆☆

شہید ریحان اسلم، قربانی کی نئی تعبیر

سنگر استال بلوچ

دنیا کی تحاریک میں بہت قربانیاں ہو چکی ہیں، جیسا کہ آپ نے سنا ہوگا کہ انقلابِ فرانس سے پہلے 3 فیصد ظالم یعنی حکم دینے والے اور 97 فیصد مظلوم جو حاکم کے کہنے کے بغیر سانس تک نہ لے سکتے تھے، انکا جینا اور مرنا تک بھی بادشاہوں کے حکم پر ہوا کرتا تھا، اسی طرح روس کے زار ایک خاندان ہونے کے باوجود پوری قوم پر حکمرانی کرتے تھے۔ دنیا کے جتنے بھی آزادی پسند تحاریک گذری ہیں، ان میں ظالم تعداد میں آٹے میں نمک کی مانند ہونے کے باوجود پوری اقوام پر قبضہ کرتے تھے۔ انہی مظلوم قوموں میں ایسے لیڈروں نے جنم لیا، جنہوں نے اپنا جینا، مرنا، محبت، عشق، زندگی سب کچھ اپنے قومی آزادی اور اپنے آنے والے مستقبل کیلئے قربان کر دیا اور ہمیشہ کیلئے امر ہو گئے۔ جن میں چی گویرا، بھگت سنگھ، فیڈل کاسترو، لینن اور کارل مارکس جیسے لیڈر سرفہرست ہیں۔

اب میں ریحان جان کی قربانی کس طرح بیان کروں، ریحان کی قربانی کو کیا نام دوں، سمجھ نہیں آتا ریحان کی قربانی استاد اسلم کی محنت ہے، یا اسکی قربانی کو اسکی بہادر ماں کے نام کروں، جس نے ریحان جیسا دلیر بیٹا پیدا کیا، یا اسکی قربانی کو عشق مادر وطن کا نام دوں۔ پھر ذہن میں سوال پیدا ہوتا ہے کہ ریحان کی عمر اتنی بھی نہیں تھی کہ استاد اسلم کی محنت اُسے اتنا پختہ بنا دے، بہادر تو بہت دیکھے ہونگے، اس عمر میں اتنی بہادری اور جوان مردی، ریحان جیسا بہادر شاید برسوں میں پیدا ہو۔

جتنا بھی سوچوں، جتنا بھی لکھوں، شاید تھک جاؤں، ہوسکتا ہے کہ قلم کی سیاہی بھی ختم ہو جائے، لیکن ریحان کی قربانی بیان کرنا، یا لکھنا ممکن نہیں۔ آخر اسکی قربانی کو کیا نام دوں؟ ریحان

نے توچی گویرا، لینن، بھگت سنگ اور دوسرے انقلابوں سے بڑھ کر قربانی کو ایک نیا نام دے دیا۔

ریحان جان شہید حمید کی طرح اپنے مادر وطن کیلئے بے حد محبت میں تھا، شہید حمید نے جس طرح پھانسی کے پھندے کو چوم کر اپنی شہادت اپنے مادر وطن بلوچستان کے نام کر دیا۔

ریحان جان نے شہید مجید اور شہید درویش جان کی طرح اپنے مادر وطن کیلئے فدائی حملے کو مسکراتے چہرے سے قبول کیا، اور یہ ثابت کر دیا کہ وطن مادر بلوچستان کی خاطر ہم نے قربانی دیا ہے، قربانی دے رہے ہیں اور اپنے مادر وطن کی آزادی تک دیتے رہینگے۔

''تو پہ کُشگ دستان مدار''
''ما ہم سراں بستگ کفن''

قربانی دینے کیلئے تو حضرت ابراہیم تیار تھے، لیکن وہ تو ایک حکم پورا کرنے کیلئے، اسے پتہ تھا کہ میرے بیٹے اسماعیل کی میت میرے سامنے ہوگا، پھر بھی ابراہیم کے ہاتھ کانپ گئے تھے۔ ہزاروں سلام استاد اسلم اور لمہ یاسمین کو جنہوں نے ریحان جان کو بلوچستان کا مقدس بیرک پہنا کر، اپنے مادر وطن کے نام خدا حافظ کہہ کر رخصت کر لیا، ان کو پتہ تھا کہ ریحان جان کی میت تک انکو نہیں ملے گی، عشق وطن بھی عجیب ہے۔

خدا نے اگر نبوت کا دروازہ بند نہ کیا ہوتا، تو میں ریحان کو اس دور کا نبی مانتا۔ ریحان نے یہ ثابت کر دیا کہ ہم خدا کی زمین پر کسی ظالم کی خدائی نہیں مانتے۔ اور اپنی مادر وطن کی خاطر ہم ایسی قربانی دے سکتے ہیں کہ قربانی کا نام بھی شرمندہ ہو جائے۔

☆☆☆

میں کیا لکھوں شہید ریحان جان کیلئے

حاجی بلوچ

میرے ہاتھ میں جو قلم ہے، اور میرے ذہن میں جو آپ کے لیے الفاظ ہیں، وہ تیری اس جراتمندانہ، بہادرانہ، فکرمندانہ عمل کا اور اتنے بڑے دل کے مالک کا حق کبھی ادا نہیں کر سکتے، کیا حوصلے تھے آپ کے اور کہاں سے لائے آپ نے یہ حوصلے، تاکہ ہم بھی اتنے بڑے حوصلوں کے مالک بن سکیں۔

آج میں یقین سے کہتا ہوں، پہلے ہم نے کتابوں میں اور چھوٹے پیمانے میں وطن کی محبت دیکھی ہے؛ لیکن آج شہید ریحان جان نے حقیقتاً ثابت کر دیا کہ وطن عزیز سے بڑھ کر کچھ بھی نہیں اور اتنے بڑے فکر کے مالک کو میں ہزار بار سلام کروں پھر بھی میں شہید کا حق کبھی ادا نہیں کر سکتا، جب تک میں اور باقی ہم فکر ساتھی شہید ریحان کے نظریات وافکار پر ایمان داری سے عمل پیرا نہ رہیں۔

آج اس تاریخ ساز دور میں شہید ریحان جان نے ایک تاریخی کردار ادا کیا، اور یہ ثابت کر دیا کہ تاریخ ساز کردار ادا کر کے ہی رہینگے؛ اور شہید ریحان جان نے ایک نیا تاریخ رقم کیا، اور ایک نیا پیغام دیا پاکستانی مرتد فوج کو اور چین کو۔ کب تک بلوچ قوم کا استحصال کرتے رہو گے؟ اور جب تک بلوچ قوم کا استحصال ہوتا رہے گا، ہمارے اس طرح کے حملے ہوتے رہینگے۔ ریحان نے ایک نیا پیغام دیا بلوچ قوم اور بلوچ نوجوانوں اور پوری دنیا کو کہ بلوچ اپنے وطن کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے۔

بقول واجہ بشیر زیب بلوچ کے اس طرح کی ماں باپ سجدے کے لائق ہیں، جو اپنے لخت جگر کو شہادت کی مبارک دیتے ہوئے رخصت کرتے ہیں، آج شہید کی ماں نے اس بہادر ماں کی

یاد دلائی جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عہد میں اپنے چار بیٹوں کو نبی کے سامنے پیش کرتی ہے اور بولتی ہے،'' اے اللہ کے نبی! یہ میرے چار بیٹوں کو آپ اپنے ساتھ جنگ میں لیجائیں تا کہ یہ شہید ہوجائیں اور ان کے فضل سے مجھے جنت نصیب ہو۔'' نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا'' آپ کے بیٹے ابھی تک عمر میں چھوٹے ہیں، اس لیے میں نہیں لے جاسکتا۔'' تو اس بہادر ماں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا'' آپ میرے بیٹوں کو ایسی جگہ استعمال کریں، تا کہ دین کا فائدہ ہوجائے اور میرے بیٹے شہید ہوجائیں۔'' یہ تھی بہادر ماں؛ آج شہید ریحان بلوچ کی ماں نے ثابت کردیا، 21 ویں صدی میں بھی بلوچوں کے اندر اس طرح کی مائیں زندہ ہیں، جو اپنے لخت جگروں کو وطن بلوچستان کے لیئے قربان کریں، اور بلوچستان کی آزادی تک قربان کرتے رہینگے۔

سلام استاد اسلم آپ کی تربیت کو، مجھے یقین ہے کہ آپ سب ساتھیوں کی بھی اپنے بیٹے کی طرح تربیت کرینگیاور ہم جیسے نالائقوں کو بھی اپنے تربیت کے ذریعے اتنے بڑے حوصلے کے مالک بنائیں گے۔

ایک بار پھر میں سلام کرتا ہوں شہید ریحان جان کو، اور شہید درویش جان کو، شہید مجید جان کو؛ باقی تمام شہیدوں کو۔

☆☆☆

عظیم باپ اور فرمانبردار بیٹا

ظفر پرچوودہار

کتنے دن ہوگئے، میں اپنے آپ میں لکھنے کی ہمت جمع کررہا تھا، کبھی تھوڑا لکھتا پھر مٹاتا، یہ صورتحال میرے ساتھ مسلسل رہی، تاریخ کے کتابوں میں ڈھونڈنے لگا، ادبی دوستوں سے پوچھتا رہا، کوئی ایسی قربانی، کوئی ایسا واقعہ نہیں ملا! صرف ایک دو ہی ایسے واقعات ملے جب کسے باپ نے اپنے نوجوان بیٹے کی قربانی دی ہے۔ وہ بھی اس عظیم باپ اور بیٹے کے قربانی کے برابر نہیں تھے۔

وسیم بریلوی صاحب نے کیا خوب کہا ہے،؛

کبھی لہو سے بھی تاریخ لکھنی پڑتی ہے
ہر ایک معرکہ باتوں سے سر نہیں ہوتا''

شاید استاد اسلم نے بھی یہ جان لیا تھا کہ، وقت کی نزاکت ہے کے بیٹے کی قربانی دوں، جس سے تحریک آزادی بلوچستان میں نئی روح پڑ جائے، ایسا ہی ہوا استاد کے فیصلے نے بلوچ سرمچاروں میں قربانی کا نیا جذبہ پیدا کردیا۔ استاد اسلم نے سائیں نواب خیر بخش مری کی روایت برقرار رکھتے ہوئے، انہی کی طرح لوگوں سے اپنے پیارے بیٹے کی شہادت کی مبارکیں وصول کیں۔ اتنا آسان نہیں ہوتا اپنے لخت جگر کو ایسے قربانی کے لیے اپنے ہاتھوں سے دولہے کی طرح سجا کر میدان جنگ میں بھیجنا، میدانِ جنگ بھی ایسی کے جہاں سے غازی بن کے واپس آنے کی کوئی امید نا ہو، پھر بھی اتنا بڑا آفیصلہ کرنا، سچ میں بڑا جگر چاہیئے!

حضرت ابراھیم نے اپنے بیٹے اسماعیل کو اللہ کے نام پے قربان کیا! حالانکہ اس واقعے میں بھی بہت جھول ہیں، لیکن استاد اسلم کا عمل شعوری تھا، وہ بھی دھرتی ماں کے لیئے، سچ آج بلوچستان

کی پہاڑوں کا قد اور بھی اونچا ہوگیا ہوگا، پہلے سائیں نواب اکبر بگٹی کی جان بازی سے اور آج ریحان کی شہادت سے۔

ویسے اس سے پہلے بھی غیرت مند بلوچ اپنے وطن کی خاطر لڑتے آئے ہیں، کبھی کوہ سلیمان کے سردار کوڑا خان کے روپ میں تو کبھی نواب نوروز خان بن کر یا میر لونگ خان مینگل ہی کیوں نا ہو، خان آف قلات کا وقت ہی کیوں نا ھو، بلوچ قوم ہمیشہ اپنی عزت و آبرو اور وطن کی آزادی کے لیے قربان ھوتی رھی ھے، لیکن استاد اسلم کی ہمت اور قربانی سب پے بازی لے گئی، آج کوئی عقل کا اندھا اس حقیقت سے بھلے انکار کرے، لیکن وقت بتائے گا کے لہو سے لکھی تاریخ کتنی عظیم ہوتی ھے۔

ایک سندھی آزادی پسند بھائی ہونے کے ناطے استاد اسلم بلوچ کو سلام پیش کرتا ھوں، فرمانبردار عظیم بیٹے ریحان کو بھی سلام پیش کرتا ہوں، کوئی تعزیت نہیں، مبارک پیش کرتا ہوں۔

☆☆☆

شہید ریحان

چاکر بلوچ

شہید ریحان بلوچ اور اس کی قربانی نے تحریک آجوئی کو تر و تازہ کر دیا، جب ہم اپنے بے مقصد زندگی کی سوچ سے نکل کر فکرِ آجوئی کی طرف آتے ہیں، تو اس دھرتی ماں کا درد ہمیں ایک گہری سوچ میں لے جاتی ہے اور ہمیں ہر وقت اس سوچ میں مبتلا کر دیتا ہے کہ ہم تحریک کے لیے کچھ ایسی قربانی دیں کہ جس سے ہم دھرتی ماں کا حق ادہ کر سکیں اور یہی سوچ ہمیں ایک دن عملاً کچھ کرنے کا موقع دے۔

انہی صفوں میں آج ہم شہید ریحان کی قربانی کو دیکھ سکتے ہیں، بلوچ لبریشن آرمی کے سپریم کمانڈر استاد اسلم بلوچ کے بیٹے نے کسی قربانی سے دریغ نا کرتے ہوئے اور درویش کی فکر کو ساتھ لیتے ہوئے، خوشی سے موت کو گلے لگاتا ہے۔ ریحان کا اختیار کردہ عمل، نوجوانوں کو ایک نئے رستے کے انتخاب کرنے کا درس دیتا ہے اور دشمن کو یہ پیغام بھی دیتا ہے کہ بلوچ سرزمین کے حقیقی وارث اب تک زندہ ہیں اور دشمن کو بلوچ ساحل و وسائل کو لوٹنے کا جواب دینے کا ہمت بھی رکھتے ہیں۔

اس نوجوان کی قربانی اس بات کی دلیل ہے کہ تحریک میں کوئی فیورٹ ازم نہیں، سب سنگتوں کو ایک نظر سے دیکھا جاتا ہے۔ آج مجید اول، درویش اور ریحان بلوچ کی شہادت نے بلوچ قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے اور یقیناً آج ہر نوجوان کی یہی دلی خواہش ہے کہ وہ بھی انہی صفوں میں شامل ہو سکے اور دھرتی ماں کا حق ادا کر سکے۔

شہید ریحان جان کی بہادری اس بات کا ثبوت ہے کہ وطن سے محبت کہاں تک لے جا سکتا ہے، یقیناً ریحان جان کی تربیت ہی ایسے گھرانے سے ہوا ہے، جہاں سلیکشن کے وقت اس کے

والد سب سے پہلے اپنے بیٹے کے نام کا انتخاب کرتا ہے اور اس کی عظیم ماں جو کن مشکلوں سے گذر کر اپنی اولاد کو بڑا کرتا ہے، آج وہی ماں خوشی خوشی اپنے بیٹے کو وطن کا فرض ادا کرتے وقت رخصت کرتا ہے اور بیٹا خوشی خوشی وطن کے لیے قربان ہو جاتا ہے۔

شہید ریحان نے 2012 سے فدائی کے لیے اپنا نام مجید بریگیڈ میں دیا تھا، دوست کی بہن جب اسے کہتا ہے بھائی تم کچھ تو سوچو اتنا بڑا فیصلہ کر رہے ہو، تمہاری منگنی بھی ہوئی ہے لیکن وہ بہن کو تسلی دے کر مسکراہٹ چہرے پر لا کر کہتا ہے دھرتی ماں سب سے اہم ہے۔

ریحان جان تم جیت گئے، آج تمہارے بہادری نے سنگتوں کو ایک نئے سفر پر گامزن کر دیا، واقعی ہم سوچ بھی نہیں سکتے ایک باپ سب سے پہلے اپنے بیٹے کا انتخاب کر سکتا ہے۔ آج ریحان کی قربانی ان تمام شہیدوں کے لواحقین کے لیے ایک بڑا حوصلہ ہے۔ ریحان کی شہادت پر آج دھرتی ماں بھی فخر کر رہا ہے کہ اس نے ایسے بہادر بیٹے کو جنم دیا۔

☆☆☆

یہ سلسلہ یوں ہی چلتا رہے گا

بہرام بلوچ

11 اگست بلوچستان کی آزادی کا دن ہے، بلوچ قوم نے اس دن بڑی مشکلات و مصائب، پُرکھٹن حالات و واقعات کے بعد اپنے وطن کو انگریز سامراج کے شکنجوں سے آزاد کروایا۔ بلوچ قوم اس دن کو ہمیشہ اپنی آزادی کے طور پر مناتے ہیں، لیکن بدقسمتی سے جس طرح اس دن کو منانے کا حق ہے، اس طرح منایا نہیں جا سکتا ہے، کیونکہ بلوچستان انگریزوں کے ہاتھوں سے نکل کر ایک اور سامراج کے ہاتھوں چڑھ گیا اور اسی طرح بلوچ قوم کی آزادی ایک بار پھر سلب کر دی گئی لیکن بلوچ قوم نے اس جبری قبضے کو مسترد کرتے ہوئے جہد آزادی کے راستے کو پھر اپنا لیا، یوں یہ بے حس اور لالچی سامراجی ملک نام نہاد اسلامی نام کا سہارا لیکر کر مسلمانیت کے نام کا ڈھنڈورا پیٹتا ہوا بلوچستان پر اپنے قبضہ کو دوام بخشنے کے لیے آج تک سرگرم ہے۔

ستر سالوں سے ریاست بلوچستان پر قبضہ جمائے رکھنے کیلئے مختلف حربے استعمال کر رہا ہے۔ بلوچ قوم نے نہ انگریزوں کے ظلم پر چُپ سادھ لیا اور غلامی قبول کی اور نہ نام نہاد اسلامی ریاست کے خلاف بغاوت ترک کر دیا۔ انیس سو اڑتالیس سے لے کر آج تک بلوچ قوم نے وہ اذیتیں سہہ لیئے ہیں کے تاریخ میں ایسے ظلم و جبر کے نظیر نہیں ملتی ہے، لیکن بلوچوں نے کبھی اپنے وطن کی آزادی پہ سمجھوتہ نہیں کیا۔ دشمن جس طرح ظلم کے پہاڑ ڈھائے جاتا ہے، بلوچ سینہ تان کر کھڑے ہو جاتے ہیں اور مقابلہ کرتے ہیں۔ دشمن نے کونسا ظلم نہیں کیا، گھروں کو جلا دیا گیا چھوٹے چھوٹے بچوں کو زندانوں میں بند کر دیا گیا، نوجوانوں کی مسخ شدہ لاشیں پھینک کر یہ خواب دیکھتا رہا ہے کہ پیچھے ہٹ جائینگے لیکن یہ خواب خواب ہی رہا۔ بلوچ قوم آگے بڑھتا جا رہا ہے اور اپنے وطن کے لیے کسی طرح کی قربانی سے پیچھے نہیں ہٹ رہا ہے۔

11 اگست 2018 کو بلوچستان کے علاقے دالبندین میں جو واقعہ پیش آیا اس نے مجھ سمیت ہر ذی شعور انسان کو جھنجھوڑ کے رکھ دیا۔ میں بیٹھا فیس بک دیکھ رہا تھا کہ دالبندین میں دھماکہ ہوا، تو دل کو تسلی ہوگیا، بلوچ تنظیموں نے کی ہوگی تھوڑی دیر بعد ایک اور خبر پڑھا کہ یہ دھماکہ بلوچستان میں سونا، تانبا، کوئلہ اور دیگر معدنیات کی لوٹ مار میں پاکستان کے ساتھ دینے والے چینی انجینئروں پہ ہوا ہے، تو دل اور خوش ہوا کہ چینی انجینئروں پر اس سے پہلے بھی کئی حملے ہو چکے ہیں، لیکن یہ بلوچستان کے معدنیات کی لوٹ مار اب تک ترک نہیں کرتے ہیں۔ لیکن میری ساری خوشی اچانک اس وقت ختم ہوگئی، جب میں نے تیسرا خبر پڑھا کہ یہ حملہ خودکش تھا۔ اور میں سوچنے لگا کہ یہ خودکش تو بلوچ نہیں کر سکتے ہیں، یہ دشمن کی کوئی نئی چال ہوسکتی ہے۔ کیونکہ بلوچ تنظیموں کی طرف سے یہ تاثر نہیں تھا مجھے۔ اس سے پہلے 2011 میں بلوچ راجی گل (بی ایل اے) کے ایک ساتھی درویش بلوچ نے بھی کوئٹہ میں ڈیتھ سکواڈ کے کیمپ پر فدائی حملہ کیا تھا، جس سے ڈیتھ سکواڈ کے بہت سارے بندے مارے گئے۔

البتہ اس سے پہلے والے فدائی حملے سے میں بے خبر تھا کہ 1974 میں مجید بلوچ نے ذولفقار علی بھٹو کے قافلے پر خود کو اُڑا دیا تھا۔ اس خبر نے مجھے کافی تشویش میں مبتلا کر دیا کہ آخر یہ کون ہے، جس نے اتنا بڑا رِسک لے کر اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھا، کچھ ہی دیر میں بلوچ لبریشن آرمی (بی ایل اے) کا بیان سامنے سے گذرا تو میں چونک گیا ریحان بلوچ کی تصویر دیکھ کر مجھے یہ یقین نہیں ہو رہا تھا کہ یہ فدائی ہوسکتا ہے۔ بلوچ راجی گل کی طرف سے یہ بیان دیا گیا تھا کہ دالبندین میں چینی انجینئروں پر فدائی حملہ کرنے والے ریحان بلوچ ہمارے مجید بریگیڈ کے ساتھی تھے، جس کی ذمہ داری ہم قبول کرتے ہیں۔

ریحان بلوچ نے تو وطن پر قربان ہو کر ایک نئی تاریخ رقم کر لی۔ خودکش حملہ کرنے والوں کو اکثر برین واش کر کے ان سے یہ کام لیا جاتا ہے، جو صرف مرنا جانتے ہیں، زندہ رہنے کی خواہش ختم ہوگئی ہو جاتی ہے۔ لیکن ریحان بلوچ نے جس بہادری سے خود کو وطن پر نثار کیا اس کی مثال نہیں ملتی ہے، ریحان بلوچ اپنے آخر میسج میں قابض ریاست کے ساتھ دینے والے چین کو تنبیہہ کرتے

ہوئے کہتا ہے کہ بلوچ کی مرضی ومنشاء کے بغیر بلوچستان کو لوٹنے کی اجازت کسی کو نہیں دینگے، اگر کوئی بلوچستان کے معدنیات کو لوٹنے کی کوشش کرتا ہے، تو اس کو ہمارے قہر کا سامنا کرنا پڑیگا۔ آہ! ریحان آپ جیسے جوان صدیوں میں پیدا نہیں ہوتے ہیں، آخری لمحات میں بھی آپ کے چہرے پر کوئی خوف کوئی جھجک تک نہیں تھا، دیکھنے میں یہ محسوس نہیں ہوتا کہ آپ دشمن کو زیر کرنے کیلئے فدائی کرنے جا رہے ہو۔

خوشی سے اپنے جسم پر بارود باندھ کر خود کو ختم کرنے کیلئے جگر چاہیئے ہوتا ہے۔ لیکن 22 سالہ نوجوان ریحان اسلم بلوچ کے دل میں وطن کی محبت نے موت کا ڈر ختم کر دیا تھا، وہ وطن سے انتہا کی حد تک محبت کرتا تھا، وہ دشمن کو دکھاتا ہے کہ بلوچستان پر جبری قبضہ کرنا کبھی بھی ہم قبول نہیں کریں گے، چاہے آپ جتنے ظلم وستم کر لو، جتنی بلوچ قوم کے خلاف طاقت کا استعمال کر لو، ہم ہرگز اس قبضہ گیریت کو پھلنے پھولنے نہیں دینگے، اس عزم کے ساتھ میرا ریحان جان بخوشی وطن کی خاطر جان دے کر ہمیشہ کیلئے امر ہو جاتا ہے۔

یوں ہی سوشل میڈیا پر اس نوجوان فدائی کی خبریں گردش کر رہے تھے، تو ایک اور تصویر میں نے دیکھا، جس پر لکھا تھا ایک عظیم باپ اپنے نڈر بیٹے کو مشن پر بھیجنے سے پہلے اس کے سر پہ بوسہ دے کر رخصت کر رہے ہیں، میں بار بار تصویر کو دیکھ کر حیرت میں پڑ جاتا، ایک والد اپنے لخت جگر کو ایسے کیسے خندہ پیشانی کے ساتھ رخصت کر کے فدائی کیلئے بھیجتا ہے۔ مجھے اپنی آنکھوں پر یقین نہیں آ رہا تھا، لیکن اس عظیم باپ اور عظیم بیٹے نے یہ دشمن پر ثابت کر دیا کہ وطن سے محبت کیسے کرتے ہیں۔

سلام اس باپ کو جو خود پہاڑوں پہ بیٹھ کر دشمن کے ہر ظلم وستم سہہ رہا ہے، اپنی زندگی وطن پر قربان کی ہے۔ اپنے بیٹے کو بھی وطن کے لیے نثار کر دیا ایسے باپ کی شان میں لکھنا، مجھ جیسے کم علم لوگوں کے پاس الفاظ نہیں ہے کہ میں کچھ لکھوں۔ اس سے بڑھ کر ایک اور تصویر نے مجھے رُلانے پر مجبور کر دیا، میری سانس رُک گئی، میری آنکھوں سے آنسو ٹپکنے لگے۔ آہ! یہ کیا دیکھ رہا ہوں، ایک ماں اپنے بیٹے کو وطن کی خاطر قربان ہونے کیلئے رخصت کر رہی ہے۔ اُف! کیا لمحہ تھا، جب ماں

بیٹے گلے لگ رہے تھے اور بیٹا ماں کو کہہ رہا تھا'' ماں دل چھوٹا مت کرنا'' اور ماں کہہ رہی تھی'' جا بیٹا میں نے تجھے وطن پہ قربان کر دیا ہے۔'' مجھ سمیت ہر زندہ دل انسان ماں بیٹے کی اس تصویر کو دیر تک نہیں دیکھ سکتا۔

ایسی ماں کی شان کو الفاظ میں بیان کرنا شائد مشکل نہیں ناممکن ہو، ایسے لمحات کو قلمبند کرتے ہوئے بڑے بڑے لکھاریوں کے قلم بھی رُک جائے، الفاظ ان کا ساتھ چھوڑ جائے۔ میرے پاس کوئی الفاظ نہیں۔ لکھنے کیلئے بس اتنا کہہ سکتا ہوں مات یاسمین تجھے لاکھوں سلام۔

☆☆☆

فکر آزادی کو سچ ثابت کرنا
فلسفہ فدائین

برزکوہی

سقراط نے علم فلسفہ کو سچ ثابت کرنے کے لیے زہر کا پیالہ پی کر جام شہادت نوش کیا، اسکندریہ کے فلسفی پروفیسر ہائی پیشیا کو فلسفے کو سچ ثابت کرنے کی پاداش میں ڈنڈوں سے مار مار کر شہید کیا گیا، پھر اس کی لاش کی چھوٹی چھوٹی بوٹیاں کی گئیں اور ان بوٹیوں کو گلی میں رکھ کر آگ لگایا گیا تاکہ خوف مسلط ہو، علم فلسفہ کی سوچ دم توڑ دے۔ اٹلی کے برونو کو کھمبے پر باندھ کر زندہ آگ لگائی گئی اور اس کی راکھ ہوا میں اڑا کر خوشیاں منائی گئیں۔

دنیا میں ایسے بے شمار انسان گزر چکے ہیں جو اپنے نظریہ و افکار کو دنیا میں سچ ثابت کرنے اور پھیلانے کی خاطر ہر قسم کی اذیت حتیٰ کہ موت کو بھی خوشی سے قبول کر چکے، تاکہ تاریخ میں وہ امر ہو جائیں اور ان کی فکر بھی زندہ اور سچ ثابت ہو۔ جس طرح سقراط نے سزا موت دینے والی جیوری سے اپنے خطاب میں کہا تھا'' یاد رکھو تم مجھے سزائے موت دیکر زندہ کر رہے ہو، اب میں اور میرا علم کبھی نہیں مریں گے کیونکہ میری تمام دلیلیں زندہ رہیں گی، اس لیے میں زندہ رہونگا۔''

بھگت سنگھ اور اس کے ساتھیوں نے دانستہ طور پر دشمن کو نقصان دیئے بغیر، صرف آواز کے بم اسمبلی میں گرا کر پھانسی کا تختہ بخوشی قبول کر کے اپنی قومی آزادی کی فکر کو اپنی قوم اور دنیا کے سامنے سچ ثابت کر دیا۔ اسی طرح بلوچ قومی **لیجنڈ** ریحان نے خود کو بارود سے بخوشی اڑا کر، بلوچ قوم خاص کر دنیا اور چین سمیت پاکستان جیسے دشمن کے سامنے قومی فکر کو سچ ثابت کر دیا کہ قومی آزادی کی فکر سچائی کی فکر ہے۔ اگر اس فکر میں سچائی نہیں ہوتی تو اپنی جان کو خود فدا کرنا دور کی بات،

باشعور انسان بغیر سچ اور حقیقت کے اپنی ایک انگلی بھی کٹا نہیں سکتا ہے۔

دنیا میں ہر سچائی کو صرف باتوں اور لفاظیت سے کوئی سچ ثابت نہیں کرسکتا، اگر اس طرح ممکن ہوتا تو حضرت محمد ﷺ پر خدا کا وحی اور قران پاک نازل ہوتے ہوئے بھی انہوں نے کیوں فکر اسلام کو سچ ثابت کرنے کے لیے جہاد شروع کے تکالیف اور مشکلات برداشت کیں؟ وہ بھی بیٹھ کر آرام سے صرف دعوے اور لفاظیت کے ذریعے اسلام کو سچا ثابت کرسکتا تھا حالانکہ آپ ﷺ پر خدا کا وحی نازل ہو چکا تھا پھر بھی سچائی کے لیے انہیں قربانی دینا پڑا تب جا کر اسلام کا پیغام دنیا کے کونے کونے میں پہنچا اور سچ ثابت ہوا۔ صرف باتوں دلائل اور لفاظیت سے ممکن ہوتا تو نبی کریم ﷺ بھی بیٹھ کر صرف سچ کا دعویٰ کرتا۔ قران پاک اور خدا کا رسول ہونے کے دلیل سے زیادہ طاقتور دلیل اور کیا ہوسکتا تھا؟

آج ہم جتنا بھی، جس حد تک یہ دلیل دیں کہ پاکستان بلوچستان پر قابض ہے، ہم بحیثیت بلوچ قوم بلوچ سرزمین کے مالک ہوتے ہوئے پاکستان کو اپنی سرزمین پر نہیں چھوڑتے اور چین بھی پاکستان کا ساتھ نہ دے اور بلوچ قوم کے وسائل کا لوٹ کھسوٹ بند کردے بلکل یہ فکر سچ اور سچائی پر مبنی ہے، کیا اس طرح کہنے اور دلیل پیش کرنے سے پاکستان اور چین بلوچ سرزمین کو چھوڑ دینگے؟ اور خود بلوچ قوم اس سچائی کو قبول کریگا؟ اگر جواب ہاں میں ہے تو پھر 70 سالوں سے کیوں ایسا نہیں ہوا؟ کیوں سننے والا کوئی نہیں؟ اگر سنتے بھی ہیں لیکن کوئی توجہ نہیں ہو رہا ہے؟ کیوں سارے ٹھوس دلیل اور تاریخی حقائق نظر انداز ہو رہے ہیں؟ کیوں بلوچ وسائل کے لوٹ کھسوٹ میں دن بدن اضافہ ہوتا جا رہا ہے؟ کیوں چین اور دیگر بیرونی سرمایہ کاروں کی سرمایہ کاری میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے؟ کیونکہ سب کچھ طاقت اور تشدد کی بنیاد پر ہو رہا ہے، طاقت کو طاقت اور تشدد کو تشدد ہی ختم کرسکتا ہے دنیا میں کوئی ایسی ایک مثال ہے؟ جو بغیر طاقت اور بغیر تشدد سے طاقت اور تشدد کو کوئی ختم کرسکا ہے؟ میرے خیال میں بالکل نہیں پھر بلوچ قوم کس طرح اور کیسے چین اور پاکستان کی طاقت اور تشدد کو صرف دعووں اور لفاظیت سے ختم کرسکتا ہے؟ یا پھر انتہائی چھوٹے چھوٹے کاروائیوں سے اتنے بڑے پیمانے پر طاقت اور تشدد کو ختم کرسکتے ہیں؟ یہاں رکاوٹ اور

پریشر کی حد تک بالکل کافی ہیں لیکن خاتمہ کرنا ناممکن نہیں۔

اگر ہم بحیثیت بلوچ قوم اور بلوچ جہد کار صرف اور صرف رکاوٹ اور پریشر گروپ یا ہر ایک اپنے آپ کو انفرادی طور پر تاریخ میں محدود سطح تک زندہ رکھنے کی خواہش مند ہے تو پھر جو چل رہا ہے، وہ صحیح ہے، پھر ہم تاریخ میں ضرور بالضرور اور ایک محدود سطح تک یاد رکھے جائینگے لیکن بطور کامیاب انسان اور کامیاب تحریک اور کامیاب قوم کے نام سے کبھی بھی نہ یاد رہینگے نہ ہی ہماری کامیاب تاریخ رقم ہوگی، تو پھر اس طرح کے سینکڑوں قوم اور تحریک پہلے بھی گزر چکے اور آج بھی گزر رہیں ہیں جنکی کوئی خاص تاریخی اہمیت نہیں ہے۔

میں تو سمجھتا ہوں آج شعور و علم کی سطح کی کمزوری اور پست ہونے کی وجہ سے ہم سوچ کے حوالے سے انتہائی محدود دائرے اور مقام پر کھڑے ہو کر اس محدود دائرے اور سطحی مقام کو وسیع اور اعلیٰ مقام تصور کر رہے ہیں حالانکہ حقیقت ایسا نہیں ہے۔

آج یہ بات روز روشن کی طرح عیاں اور شیشے کی طرح صاف اور واضح ہو چکا ہے، کچھ طبقے شعوری یا لاشعوری، دانستہ یا غیر دانستہ اوپر سے نیچے اور نیچے سے اوپری سطح تک مکمل ایک بلوچ قومی اور عوامی تحریک کی سوچ تک نہیں رکھتے ہیں یا ان کی سوچ اور اپروچ کی سطح یہاں تک ہے یا پھر سب کچھ جانتے ہوئے صرف اور صرف تحریک کی شکل اور نام پر بزنس یا وقت گزاری کرتے ہیں، جو قومی المیہ ہے۔

اس سوچ سے نہ تو دنیا کی توجہ بلوچستان پر مبذول ہوگا اور نہ دشمن سے چھٹکارہ حاصل ہوگا، البتہ دشمن کے لیے کم سطح پر تکلیف اور پریشانی ضرور ہوگا اور اس سطح کی تحریک کو دنیا کبھی بھی کھل کر اور بڑے پیمانے پر سپورٹ نہیں کریگا اور دنیا اتنا بے وقوف بھی نہیں کہ وہ پاکستان اور چین جیسی طاقتوں سے مفت میں دشمنی مول لے، جب تک دنیا کی طاقت آپ میں وہ قوت اور طاقت محسوس نہ کرلے، اس وقت تک عملاً اور مکمل مدد ممکن نہیں۔

البتہ صرف پریشر گروپ کی حد تک توجہ دینا اور مدد کرنا ممکن ہوگا، جو بلوچ قومی تحریک اور مجموعی بلوچ قوم کے لیے مفید ثابت نہیں ہوگا، البتہ کچھ لوگوں اور کچھ خاندانوں کے لیے ضرور فائدہ مند ہوگا۔

انفرادی، خاندانی اور گروہی فوائد کے لیے آج بلوچ تحریک میں کچھ طبقات اسی سوچ پر کاربند ہیں، جو انتہائی خطرناک ہیں، ایسی سوچ پر تحریک کو قومی اور عوامی تحریک کی شکل اور ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے، کچھ طبقات کبھی برداشت نہیں کرینگے، کیونکہ قومی اور عوامی تحریک کی شکل میں ان کی ذاتی، خاندانی اور گروہی مفادات کا تحفظ نہیں ہوگا، پھر پانے کے لیے ان کے پاس کچھ نہیں۔

پھر پاکستان اور چین جیسے بلوچ دشمن قوتوں کا ردعمل آخری حد تک ہوگا، اس خوف کے تناظر اور ذاتی خوشحال زندگی گذارنے کے نقطہ نظر سے پاکستان اور چین جیسی دشمن کو زیادہ تکلیف دینا، انکو ناگوار گذرتا ہے، بس ایک حد تک اور معمولی سطح پر دشمن کو دشمن کہنا اور اس کے خلاف کچھ نہ کچھ کرنے والا حکمت عملی کافی ہوتا ہے، اس سے بڑھ کر کچھ کرنے والے اور قدم اٹھانے والوں کا گلہ گھونٹنا، حوصلہ شکنی اور مخالفت کرنا اس سوچ کے تحت تاکہ قومی اور عوامی تحریک اور دشمن کو زیادہ سے زیادہ نقصان کی سوچ پروان نہ چڑھے جو کہ بلوچ تحریک میں انتہائی خطرناک سوچ اور حکمت عملی ہے۔ اسی خطرناک سوچ اور حکمت عملی کی وجہ سے تحریک سے وابستہ مخلص، قربانی کے جذبے سے سرشار جہدکاروں کے خلاف حربے، پروپیگنڈے، دیوار سے لگانے والے سازش، کردارکشی، الزام تراشی، حوصلہ شکنی، مخالفت درمخالفت جاری وساری ہے۔

بلوچ قومی **لیجنڈ** ریحان بلوچ نے قومی آزادی کی فکر کو مزید سچ ثابت کرنے کے لیے اور دشمن کو یہ پیغام دینے کے لیے پاکستان اور چین پر فدائی حملہ کرکے یہ ثابت کردیا کہ بلوچ اپنی سرزمین پر کسی کو برداشت نہیں کرتا، اب یہ سچ اور سچائی خود بلوچ معاشرے میں پروان چڑھ کر آئندہ مزید کئی ریحان جیسے سپوت پیدا کریگا اور دشمن کے خلاف مزید ایسے اقدامات سامنے آئینگے، تو بلوچ قومی تحریک اور بلوچ سیاست میں متوقع تبدیلیوں کے ساتھ مزید ردانقلابی قوتیں واضح ہوکر اصل قومی جہدوجہد کے سامنے رکاوٹ ہونگے، ان کو سمجھنا اور جاننا ہر مخلص ایماندار اور ہم خیال جہدکار کی ذمہ داری ہے، یہ اس وقت ممکن ہوگا، جب سطحی اور محدود سوچوں کا خاتمہ ہوکر شعور اور سنجیدگی اپنی بلندیوں پر ہو۔

☆☆☆

ریحان

مہاران بلوچ

کون ہے ریحان؟ دنیا کے ان گنت لوگوں میں سے اسی شخص کا نام کیوں سننے میں آیا؟ اس بھیڑ میں کیا کیا اس شخص نے کہ اسکا نام خوشبو کی طرح مہکنے لگا، وطن کی آب ہوا میں پھیلتی یہ خوشبو اپنے ہونے کا اعلان کرتا ہوا پھیل رہا ہے۔

کبھی اس شخص سے ملاقات نہیں ہوئی اور نہ ہی اس نام کے بارے میں سنا تھا۔

11 اگست کے دن صبح میں نے فیسبک کھولا اور 11 اگست کے کمپین کے حوالے سے کچھ پکچرز اپلوڈ کیے تو تب ہی مجھے ایک سنگت شاہ دوست کا فیسبک اسٹیٹس نظر آیا' رخصت اف اوارون سنگت' میں نے چیک کرکے لائیک کردیا اور اپنے کام میں مصروف ہوگئی، شہید امیر جان کی شہادت کے بعد یہ الفاظ ہر زبان پر عام رہے، ہر سنگت کی گفتگو کا اختتام انہی الفاظ میں ہوتا تھا، تب یہ خیال نہ آیا کہ آج کے یہ الفاظ عظیم مقصد پر کامیاب ہونے کے لیے جانے سے پہلے کے الفاظ ہیں، یہی ہوا اور پھر کچھ دیر بعد فون چیک کیا تو شاہ دوست نام کے اسٹیٹس دیکھ کر حیران رہ گئی، دوستوں سے معلوم کرنے کے بعد پتا چلا کہ ہمارا ہنس مکھ مہربان مخلص ساتھی شاہ دوست ہم سے ہمیشہ کے لیے بچھڑ گیا ہے فیس بک چیک کرنے کے بعد جب ریحان جان کی تصویر پر نظر پڑی تب وقت تھم سا گیا کہ ہمارا شاہ دوست ایک فدائین ہے۔ وہ اس قدر عظیم حوصلہ وہمت کا مالک نکلا کہ اس نے مقصد کو ہر چیز پہ فوکیت دیتے ہوئے قوم کی خاطر اپنی جان قربان کرگیا۔

شاہ دوست ایک فیسبک آئی ڈی جس سے تعلق بغیر کسی کام ضرورت کے پڑا تھا نظریہ فکر ایک ہونے کے سبب ایک میسنجر گروپ جہاں ضیاء شعبان کے نام سے، جاوید سارنگ کے نام سے اور ریحان شاہ دوست کے نام سے ایڈ تھے۔ جن سے ہمیشہ گفتگو ہوتا رہا جنہیں دیکھے بغیر ہم

نے اپنی ننگ ناموس ،اپنے وطن مادر کے رکھوالے مان کر انکے دیوان سے لطف اندوز ہوتے رہے، وہ بھی ہمیں دنیا کے عظیم رشتوں میں پروکر ہمارے ہرلفظ ہر بات کی رہنمائی کرتے رہے ان سے الفاظ کے رشتوں نے ہمیں زندگی کے معنوں سے آگاہ کر رکھا، یہ وہ لوگ ہیں جنہیں دیکھے بغیر ہم نے خون کے رشتوں سے مظبوط رشتے بنائے تھے یہ انکے سچے پن اور مخلصی ہی تھی جس نے نہ صرف مجھے اس قابل بنایا بلکہ مجھ جیسے کئی لوگوں کو انسان بننے کا رستہ دکھایا۔

جب وہ اس قدر کامیاب ہوجاتے ہیں کہ اپنی ذمہ کا ہر کام مکمل کرتے ہیں تو ایسے دیوانے اپنی جان سے گذر کر مکمل ہوجاتے ہیں۔انہیں زندگی سے بس یہی سروکار ہوتا ہیں کہ انکی سانسیں وطن کے بزگ لوگوں کے کام آجائیں، وہ اپنی شناخت مٹا کر ہماری شناخت کو پہچان بخشتے رہے ہیں وہ ہر دور میں زندہ رہنے کا ہنر پاتے ہیں۔

جاتے جاتے ہمیں جگا کے گیا وہ شاہ دوست ایک عظیم ہستی کا بیٹا اور میرے وطن کا ہمدرد اور سچا سپاہی رہا، وہ کوئی اور نہیں ریحان تھا جسے ہم شاہ دوست کے نام سے جانتے تھے وہ الوداع کہہ کر چلا گیا تھا اسے واپس نہیں آنا تھا، وہ اپنا فرض پورا کر کے وطن کا قرض اتار کر مادر وطن پر جان نچاور کر چکا تھا وہ جانتا تھا کہ آج اس لمحے کے بعد اسے آزاد ہی ہونا ہے اور وہ اس میں کامیاب ہوگیا وہ خود آزاد ہوکر ہمیں آزاد ہونے کا رستہ دیکھا گیا، ایسے رستوں کا چناؤ کرنے والے ہی اصل رہنما ہوتے ہیں وہ عملی طور پر کر دکھاتے ہیں اور ایسے رہنماؤں کی پیروی کرنے والے کبھی رستہ نہیں بھٹکتے۔

اس عظیم ہستی نے اپنے عمل سے اور بہادری سے بتا کے گیا ہے کہ وہ وطن کا غمخوار ہے، ایسے لوگ وطن کے حلالی فرزند کہلاتے ہیں۔

آج میں نے جان لیا کہ یہ سچا جہد کار اور مادر وطن کا سپاہی جو اتنی کم عمری میں مادر وطن کے عشق میں اپنی جان کی پرواہ کیے بغیر اتنا بڑا فیصلہ لیا مجھے سنگت کی شہادت پر فخر ہے، وہ جاتے جاتے یہ بتا کے گیا ہے کہ وطن کے لیے کسی بھی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کرنا چاہیے۔،فدائیں ریحان کوئی اور نہیں وطن کا حقیقی سپوت تھا، اس نے اپنے لوگوں کو اپنے کردار سے آگاہ کرتے ہوئے انہیں راہ

راست پر لانے کے لئے فدائی حملے کو چنا، ریحان جان نے اپنے اس فدائی حملے سے بلوچ تحریک اور بلوچ نوجوانوں میں ایک نئی روح پھونک دی۔ جاتے جاتے کہہ گیا ''رخصت اف اوارون سنگت آک'' یہ خوبصورت الفاظ ظاہر کرتے ہیں ریحان نے اس کمسن عمر میں اتنا بڑا فیصلہ خوشی خوشی قبول کرلیا، اس نے اپنی زندگی اپنے مقصد کی خاطر بخوشی قربان کردیا۔ وہ رخصت کر کے نہیں گیا اسے یقین تھا کہ وہ اسی مٹی میں رہے گا آنے والے ہزاروں سالوں تک وہ ہر ایک کی زبان پر، اس مٹی پر چلتی ہواؤں میں، شانتل کی آواز میں، چٹانوں کے سینے میں ،حانی کی یادوں میں ۔۔۔زندہ رہے گا۔

اسے یقین تھا کہ میرے اس عمل اور اس نظریے سے ہزاروں ریحان پیدا ہونگے اور ایسے ہی مادر وطن کے لئے دشمن کو نیست نابود کرنے کے لئے اپنی جانوں کا نظرانہ پیش کرتے رہیں گے اور اگر کبھی کمزور پڑیں گے تو میرا بہادرانہ عمل اور نظریہ انہیں درس سمت دیتا رہے گا اور وہ ہر وقت دشمن پر قہر بن کر ٹوٹنے کے لیے تیار رہیں گے۔

مجھے یقین کامل ہے کہ ریحان آج اپنے باقی ساتھیوں سے بغل گیر ہوکر ہمیں اور ہمارے اعمال کو دیکھ رہا ہوگا، وہ دیکھ رہا ہوگا کہ وہ کس قدر دشمن کو خوفزدہ کر کے چلا گیا، وہ دیکھ رہا ہوگا کہ اس نے کس قدر اپنی قوم کو جگا کر چلا گیا، وہ دیکھ رہا ہے مسکرا کر کیونکہ وہ کامیاب ہوکر چلا گیا، وہ دیکھ رہا ہے میرے الفاظ کس قدر اسکی قربانی کے سامنے حقیر نظر آرہے ہیں، پر آپ عظیم ہو، آپ کی قربانی کے لیے آسمان وزمین پر ایسے گراں قدر الفاظ نہیں جو آپ کی شخصیت کو بیان کر سکے یہ الفاظ آپ کی شخصیت کے ذرہ برابر بھی نہیں۔

میں قوم کی ایک بیٹی اور آپ کی نظریاتی بہن کے چند الفاظ جو دل پر بوجھ بن کر پڑے تھے میرے الفاظ آپ سے معذرت خواہاں ہیں اور نم آنکھیں اس غرور میں ہیں کہ مجھے اس سفر میں ریحان جیسا بھائی ملا۔

☆☆☆

تم کامیاب ہوگئے ریحان

عائشہ بلوچ

ریحان جان اس شخصیت کا نام ہے، جس نے اس چھوٹی سی عمر میں وہ کر کے دکھایا، جو میری سوچ سے بہت آگے ہے۔ ریحان جان نے یہ ثابت کر دیا کہ سوچ کا عمر سے کوئی تعلق نہیں، واقعی ریحان جان تم نے جو کہا وہ کر کے دکھایا مجھے یاد ہے آج بھی جب تم بارہ سال کے تھے تب تم نے کہا تھا کہ میں انشااللہ فدائی حملہ کرونگا، دشمن پر۔۔۔ میں بہت زیادہ ہنسی تھی اور میں نے کہا تھا ریحان بولنا بہت آسان ہے اور تم خود بھی میرے ساتھ ہنسے تھے، اپنی صفائی میں اور کچھ بھی نہیں کہا تم نے۔

ریحان جان آج میں بہت شرمندہ ہوں، تمہارے عمل و سوچ کے سامنے، تم نے جو کہا وہ کر دکھایا۔ اس دن کے بعد کبھی بھی تم نے مجھ سے اس بات کا ذکر نہیں کیا اور نہ کبھی بڑی بڑی باتیں کی، پر میں تو اس بات کو مزاق سمجھ کر بھول گئی تھی لیکن تم نہیں بھولے تھے، کیونکہ تم مذاق نہیں کر رہے تھے۔ تمہارا مقصد تب ہی سے تمہارے ساتھ تھا، آج تمہارے بارے میں لکھنے کو بہت دل کرتا ہے، مگر بہت مشکل سے لکھ پاتی ہوں، میں جانتی ہوں تمہارا عمل میری لفظوں کا محتاج نہیں، بچپن سے لیکر تمہارے الوداع کہنے تک کا سفر بہت یاد آتا ہے، ایک ساتھ اسکول جانا، مستی مذاق، لڑنا جھگڑنا سب کچھ تمہاری وہ پیاری باتیں، گھر میں داخل ہوتے ہی میرا نام لینا آج بھی تمہاری آواز میرے کانوں میں گونجتی ہے، ریحان بہت زیادہ فخر ہے مجھے تم پر، تم نے ہم سب کو حوصلہ دیا ہے، ہمیں جذبہ دیا وطن سے کس حد تک محبت کرتے ہیں وہ سکھایا ہے۔

میری مایوسی کو توڑ دیا تم نہ، میرے اس کمزور دل کو مضبوط کر دیا، اپنے عمل سے۔ پہلے بھی تم عظیم تھے جب بھی کوئی تمہیں ڈانٹتا تھا، تم مسکراتے کسی کی ناراضگی کو بھی مسکرا کر سہہ لیتے۔ تم نے کبھی بھی کسی کو ناراض نہیں کیا، تمہاری مخلصی ہی تمہارے عظیم ہونے کا ثبوت ہے۔

میں نے تم سے کہا تھا نا، کہ میں تمہارے بغیر کیسے رہونگی لیکن آج تم میرے ساتھ ہو، تم زندہ ہو میری سوچ میں میری باتوں میں میری یادوں میں تمہاری باتیں ہمیشہ میرے ذہن میں ہیں، تمہارا وہ مسکراتا چہرہ ہمیشہ میرے سامنے ہے۔ میں نے کبھی بھی تمہیں مایوس نہیں دیکھا، ایک بار پوچھا بھی تھا تم سے، ریحان تم ان حالات میں مایوس نہیں ہوتے؟ تمہارا مسکرا کر جواب دینا کہ ''نہیں بلکل بھی نہیں۔'' تب میں نے کہا تھا

''ارے تم تو بہت ہی بے پروا ہو۔''

تب بھی تم نے مسکرا کر کہا تھا'' اس میں پرواہ کی کیا بات ہے؟'' تم بالکل بھی بے پروا نہیں تھے، پھل آج یہ ساری باتیں بہت تکلیف دیتی ہیں، جب بھی میں تمہارے مقصد تمہارے عمل کے بارے میں سوچتی ہوں، دماغ کام کرنا چھوڑ دیتا ہے، ہاتھ لرز جاتے ہیں اور جب ماں باپ کے بارے میں سوچتی ہوں کہ کیسے انہوں نہ تمہیں ہنستے مسکراتے رخصت کیا اور آج تم پر فخر کر رہے ہیں تو میرا حوصلہ خود مضبوط ہو جاتا ہے، دل خود بہ خود بڑا ہو جاتا ہے۔ ریحان جان! تمہاری سوچ آج ہر جگہ موجود ہے۔ سب میں ایک نیا جذبہ پیدا ہو گیا ہے، تم کامیاب ہو گئے، میرے پُھل پوری طرح سے کامیاب۔

☆☆☆

حوصلوں کا نام ریحان

علیزہ بلوچ

کیا بیان کروں میں اس ریحان کو، جس نے جرات و بہادری اور قربانی کی نئی مثال قائم کردی۔ مقابلہ کرنے کے لیئے عقلمندی کے علاوہ بہادری بھی ضروری ہے. اور بہادری میں اکثر اوقات جنون اور جذبے کا بھی بہت دخل ہوتا ہے، جو عقل اور سمجھ و بوجھ کے معیارات سے ماورا ہوتے ہیں. جرات اور بہادری کی مثال قائم کرتے ہوئے ریحان نے جس طرح مادر وطن سے اپنی محبت، اپنے عشق کا اظہار کیا وہ تاریخ رہتی دنیا تک یاد رکھے گی۔

میں اتنی بڑی ادیب تو نہیں ہوں کہ ریحان جیسے عظیم ہستی کے بارے میں لکھنے کی جرات کروں اور نہ ہی ایسے عظیم لوگ میرے چند لفظوں کے محتاج ہیں اور یہ بھی ایک سچ ہے کہ یہ چند الفاظ میرے جذبات اور احساسات کو بیان نہیں کر پائیں گے، مگر ایک سچ یہ بھی ہے کہ دل کسی کی نہیں سنتا۔ بس یہی حال میرے دل کا بھی ہے کہ میں اپنے ٹوٹے پھوٹے الفاظ لے کر اپنے جذبات کا ذکر کرنے کے لیے میں نے اپنے دوست، اپنے بھائی، اپنے سرمچار، اپنے راہشون، اپنے ریحان کی یاد میں قلم اٹھالیا۔

ریحان! میری کیا اوقات کہ میں آپ کی شان میں کچھ لکھ سکوں، میں کیسے بیان کروں کہ آپ کے، اماں یاسمین کے اور استاد کے اس عمل نے مجھ میں اور مجھ جیسے کئی کمزور دل لوگوں کے دلوں میں کتنی مضبوطی، کتنی ہمت، کتنا حوصلہ پیدا کیا ہے، وطن سے محبت کی ایک نئی قوت جگا دی ہے ہم سب کے اندر۔

کتنے عظیم ہیں وہ ماں باپ، وہ بہن بھائی جنہوں نے آپ کو مسکرا کر رخصت کرتے ہوئے خوشی سے وطن پر قربان کر دیا۔ میں بیان کرنے سے قاصر ہوں کہ وہ لمحہ کتنا خوبصورت ہوگا، جب

ماں اپنے لخت جگر کو مادر وطن کی بیرک میں لپیٹ کر ایک دولہے کی طرح سجا کر گلے لگاتے ہوئے اسکے مشن میں کامیابی کی دعا کرتے ہوئے اسے رخصت کرتی ہے اور اسکی آنکھوں میں آنسو کا ایک قطرہ تک نہیں ہوتا۔ کیسی کیفیت ہوگی وہ صرف اماں یاسمین ہی جانتی ہے۔ کتنی عظیم ہستی ہے بی بی یاسمین اپنے لخت جگر کو ایک ایسے مشن پر بھیج کر کامیابی کی دعا کرتی ہے کہ جہاں اسے یہ پتہ بھی ہے کہ وہ واپس نہیں آئے گا۔ 5 دن پہلے آخری دیدار آہ۔۔۔ میرے الفاظ ساتھ نہیں دے رہے، آگے میرے الفاظ گونگے ہو گئے ایک ماں کی بہادری اور دلیری کے آگے الفاظ میرا ساتھ نہیں دے رہے۔۔۔

یہی تو ہوتی ہے محبت، یہی ہے مادر وطن سے محبت کی انتہاء، نسلوں تک ایسے بہادر لوگوں کے قصے مائیں اپنے بچوں کو سنایا کریں گی، بلکہ مائیں ایسے ہی اپنے بچوں کو خوشی خوشی وطن پر قربان ہونے کے لیئے بھیجا کریں گی۔

اگر اسی طرح ہر ماں بہادری سے اپنے بچے کو وطن کی ننگ و ناموس، وطن کی آزادی، اسکی حفاظت اس کے پرامن مستقبل کے لیے قربان کرتی گئیں، تو یقین سے کہا جا سکتا ہے کہ کوئی بھی طاقت ہمیں ہمارے اپنے ملک بلوچستان میں غلام نہیں رکھ سکتا۔ ہر ماں کو اماں یاسمین جیسا بہادر ہونا چاہیئے تاکہ وہ ریحان جیسے بہادر بیٹے جنم دے کر انکی تربیت اسی بہادری سے کر سکے۔

موت تو برحق ہے، زندگی فانی ہے۔ سانسوں کا تسلسل ایک نہ ایک دن ٹوٹتا ضرور ہے۔ اگر مر ہی جانا ہے تو کیوں نہ کوئی عظیم کام کر کے ہی دنیا سے رخصت ہوا جائے، اپنے آنے والی نسلوں کو آزادی کی فضا میں سانس لینے کے لیے کسی طور پیچھے نہ ہٹیں، کچھ اچھا کر کے ہی دنیا چھوڑ جائیں، مگر یقیناً ایسا کرنے کے لئے بہادری اور بلند حوصلے کی ضرورت ہے جو ریحان نے اپنے عمل سے ظاہر کر دیا۔

شاہ دوست کے نام سے جانے جائے والے آئی-ڈی کے ذریعے ایک ایسا دوست جس کا کبھی گمان بھی نہیں ہوا کہ اتنا عظیم کام کر جائے گا کہ سب کو حیران کر دے گا۔ جب کبھی وہ کٹھی میٹھی تکرار یاد آتی ہے تو بس دل سے آہ نکلتی ہے کہ کیسا بہادر اور عظیم دوست ہمارے بیچ تھا، جس نے کبھی بھی محسوس ہونے نہیں دیا کہ وہ چھوٹی سی عمر میں اتنا بڑا کام کر جائے گا کہ بڑے بڑوں کی عقل دنگ

رہ جائے گی۔آج فخر سے کہتی ہوں کہ اس بہادر اور عظیم ریحان کی میں بھی دوست رہ چکی ہوں میں سوچتی ہوں میں کتنی کمزور ہوں، یادوں کے آنے سے رو پڑتی ہوں اور اسے دیکھو وہ کتنی عظیم ماں ہے، رخصت کرتے ہوئے روئی تک نہیں۔نہیں میں کمزور نہیں پڑ سکتی ریحان کی قربانی اس لیے نہیں تھی کہ میں یا مجھ جیسے کمزور پڑ جائیں، اس نے تو حوصلہ بخشا ہے، اس نے تو نئی راہ دکھائی ہے اس کی راہ پر چل کر بہادری کا مظاہرہ کرنا ہوگا کہ ہمارے لوگوں کی مایوسی ختم ہو اور اس نے ایسے مشکل وقت میں اپنی جان کا نظرانہ دے کر تحریک میں ایک نئی جان ڈال دی ہے مایوسیوں کو ختم کیا ہے۔

آج تک حضرت ابراہیم کی قربانی یاد کر کے اسکی مثال دیا جاتا تھا، مگر آج کے بعد بی بی یاسمین اور استاد اسلم بلوچ کی قربانی کے مثال دیئے جائیں گے۔حضرت ابراہیم کی یاد میں عید قربان منایا جاتا ہے اور ریحان کی قربانی کو یاد کر کے 11 اگست بطور عید منائی جائے گی۔۔میں سمجھتی ہوں استاد اسلم نے حضرت ابراہیم سے بڑھ کر قربانی کی مثال قائم کی ہے کیونکہ جب حضرت ابراہیمؑ، حضرت اسماعیلؑ کی قربانی دے رہے تھے تو انہوں نے اپنی آنکھیں بند کی تھیں جبکہ استاد اسلم یہ دیکھ رہے تھے کہ کس طرح انکا بہادر بیٹا دشمن کو شکست دینے جا رہا ہے۔یقیناً اللہ تعالیٰ کو بھی اس وقت استاد کا یہ سچا اور مخلص جذبہءِ قربانی بہت پسند آیا ہوگا۔

حالات کو تبدیل کرنے اور بہتر بنانے والے اگر میدان عمل میں داخل ہونے کی زبردستی نہ کریں، تو صدیوں بلکہ قرنوں تک حالات ''جوں کے توں'' رہ جائیں، کہیں کوئی خلاف ورزی نہیں ہوگا، نہ ہی کوئی جرات انکار کرے گا اور کہیں کوئی موجود کو غیر موجود نہ کرے تو دنیا میں کوئی انقلاب نہ آئے، کوئی تبدیلی نہ آئے کوئی بہتری وجود میں نہیں آسکتی تھی۔

مشکل وقت کو حوصلے، دانش مندی اور قربانی سے جس طرح استاد نے عظیم امکانات میں تبدیل کیا بالکل اسی طرح جس طرح اندھیری رات میں چمکنے والے ان گنت ستارے اپنے خون سے سحر پیدا کرتے ہیں۔زندہ قومیں آفات اور مسائل سے گھبرانے کے بجائے ان کے اسباب کے scientific تجزیے اور ان کے حل پر اپنی توجہ مرکوز رکھتی ہیں۔

☆☆☆

ریحان دیکھ رہا تھا

جلال بلوچ

ریحان کی گہری نظریں قومی تحریک کے ہر چھوٹے بڑے مسئلے اور معاملے پر جمے ہوئے تھے، ریحان غور اور مشاہدے کی صلاحیت رکھتا تھا۔ریحان چھوٹی سی عمر میں بھی بڑے سے بڑے بتوں کو شکست فاش دینے کی اہلیت رکھتا تھا، ریحان نیک اور بد کی تمیز فلسفیوں سے زیادہ جانتا تھا۔اس لئے تو وہ ریحان سے **لیجنڈ** ریحان بن گیا۔

ریحان دیکھ رہا تھا، ریحان ہر وہ چیز محسوس کر رہا تھا، جو ہر کوئی سوچ نہیں سکتا، ریحان غلامی کی شدت درد کو انتہاء کی حد تک محسوس کر کے اپنے احساسات میں شامل کر چکا تھا۔ریحان اس لیئے عظیم بنا کے وہ چھوٹے عمر میں وہ کر گیا جو لوگ پوری عمر حتیٰ کہ بڑھاپے میں بھی نہیں کر سکتے بلکہ اس عمل کے بارے میں سوچ کر کانپ اٹھتے ہیں۔ریحان بھی ایک عام انسان اور عام بلوچ تھا، مگر ریحان آج خاص ہے وہ اس لیئے کہ ریحان کی سوچ خاص اور عظیم تھی۔

ریحان وہ تھا جو عام بلوچ کے گھر پیدا ہوا، ایک عام اور غلامی کی زندگی بسر کرنے والا عمر میں چھوٹا، مگر عمل میں سب سے بالغ و پختہ تھا۔ریحان ایک سوچ، فکر، نظریہ و فلسفہ تھا مگر ریحان چپ تھا، ریحان دیکھ رہا تھا۔

ریحان نے ہر وہ غیر ضروری تنقید برائے تنقید دیکھا تھا، ریحان نے دشمن کا ہر دیا ہوا درد سہہ کر محسوس کیا تھا، ریحان جانتا تھا میری پرورش ایک غلام قوم و غلام سماج میں ہوا ہے۔ریحان نے بے شمار شہیدوں کی خون کی خوشبو کی مہک بہت ہی نزدیک سے سونگا ہوگا، ریحان نے ہر ماں کا درد محسوس کیا ہوگا جن کے لال اور پیارے بچے آج تک زندانوں میں قید و بند کی زندگی گزار رہے ہیں۔ریحان نے ان ماوں کا سینے میں چھپا ہوا درد محسوس کیا ہوگا، جن کے پھول سے پیارے بچے انکے آنکھوں کے سامنے شہید کر دیئے گئے ہیں۔ریحان دیکھ رہا تھا۔

ریحان ہر اس بہن کی پیروں کی تھکان شدت سے محسوس کر چکا تھا، جو اپنے باپ کی تلاش میں کئی سالوں سے گلیوں، سڑکوں، عدالتوں ہسپتالوں، شہر شہر بھٹک چکے ہیں۔ ریحان ہر اس بہن کی پکار کانوں میں لیئے سن رہا تھا، جو اپنے بھائیوں کی خاطر چیخ چیخ کر رو پڑی۔ ریحان دیکھ رہا تھا۔

ریحان ہر اس باپ کی فریاد سن رہا تھا، جو اپنے لاڈلے بچوں کے یاد میں آہ کر کے نکالتے تھے، اس لیئے ریحان عظیم بنا اور ریحان **لیجنڈ** کہلایا۔ ریحان وہ سسکیاں با آسانی محسوس کر گیا، جو شہیدوں کے بیواؤں کے دل سے نکلتی ہیں، ان بے بس آہوں کو لیکر ہمیشہ اشکبار ہوا ہوگا، جن بہنوں کے شوہر ٹارچر سیلوں میں بند ہیں، جن کو کئی سالوں سے کچھ پتا نہیں زندہ بھی ہیں یا مسخ کر کے پھینک دیئے گئے ہیں۔ ریحان دیکھ رہا تھا۔

ریحان ہر اس پتھر، سونے و چاندی کی آہ و پکار سن رہا تھا، جو سرزمین بلوچستان سے کرید کر نکالا جاتا اور بلوچ کو اس کی کوئی بھی پرواہ نا تھا، ریحان ساحل سمندر کی اس گہرائی سے واقف ہو چکا تھا، جس ساحل سے پاکستان سمیت دشمن چین بھی اس کی ہر ایک آمدنی سے لطف اندوز ہوتے، ریحان لیاری کی ان مظلوم بلوچوں سے واقفیت رکھتا تھا، جن کو اکیسویں صدی میں غلامی جیسے طوق لعنت سے مدہوش دیکھا جا سکتا۔ ریحان دیکھ رہا تھا۔

ریحان اس لئے عظیم نہیں بنا کے اس نے وطن کی خاطر جان قربان کیا، بلکہ اس لئے عظیم ہے کیونکہ یہ سب احساس ایک فلسفی و زانتکار کے اندر بھی موجود نہیں تھے، جتنے ریحان نے اپنے سینے میں چھپا کر خود کو فولاد کی طرح مظبوط کیا تھا، واقعی ریحان شہنشاء شہیدان کہلاتا ہے۔ کردارِ ریحان نے جنگل کی آگ کی طرح بلوچستان سمیت دنیا میں موجود مظلوم قومی تحریکوں کو اپنے لپیٹ میں لے لیا ہے، ریحان دیکھ رہا تھا۔

ریحان کی شعور نے اس انتہاء کو چھوا ہے، جو بلکل عظمت کی راہ دکھاتا ہے، ریحان بھی اپنے ماں، باپ، بہن، بھائی سے بے انتہاء مہر و محبت کرتا تھا، لیکن ریحان نے تمام مظلوم بلوچستان کو محسوس کیا ہوا تھا، اس لیئے اس نے اپنے راہ کا انتخاب کیا، اس لیئے وہ **لیجنڈ** کہلایا۔ ریحان اب ہر نوجوان کیلئے ایک احساس ہونا چاہیئے جو اس کے فکر و فلسفے کو انتہاء تک پہنچانے میں کوئی کمی نا چھوڑے اس گلزمین بلوچستان کیلئے فدا ہوں، اس مٹی میں گل ہو کر سما جائیں۔ پھر یہاں سے ہی کامیابی ضرور بلوچ قوم کی قدموں کو چوم لیگی۔ ☆☆☆

حئی سے ریحان تک

بیرگیر بلوچ

ملن سے ہجر تک حئی سے ریحان تک زندگی نے وہ سکھایا جو سمندر کی گہرائیوں تلک میسر نہ ہو دونوں نے ایک بات سکھائی کہ وقت آن پہنچنے پر اپنے مقصد کی خاطر جان سے بھی گزر جاؤ، انہوں نے سکھایا کہ جہد کے رستے میں ہر کام خود کرو، خود آگے بڑھو، خود محنت کرو خود ٹارگٹ کو پہنچو اور جب وطن مادر کی راہ میں تمھاری جدو جہد لہو کا تقاضہ کرے تو بلا جھجک اس پر عمل پیرا ہونے کے لیے تیار رہو۔

حئی کہتا تھا'' میں کیوں کسی اور دوست کو کہوں کہ یہاں پر دشمن پہ وار کیا جا سکتا ہے جبکہ میں خود کام کا حصہ ہوں۔'' ریحان سکھا گیا کہ جہاں دشمن پر وار کرنے کا سوچتے ہو وہاں تک جانا کس قدر آسان ہے۔ حئی بچپن سے جوانی پھر اس بھری جوانی میں شہادت اس کے بعد اب تک ساتھ رہ کر ہر لمحہ سکھاتا گیا۔

ریحان چار سال پہلے کسی کام کے سلسلے میں فون پر رابطہ کر کے سنگتی کے دروازے سے داخل ہو کر رہنما بن گیا۔ جہد کے اس سفر میں کئی ایسے دوست جدا ہو گئے جن سے کبھی نا ملا یا گفتگو نہیں ہوئی تھی، مگر ہر ایک سے سوچ و نظریہ، احساس کا رشتہ بندھ رہا ہے اور ہر ایک کی جدائی نے روک کر لمحوں کے چاشنی کو افسردہ کر دیا ہے. انہی احساسات نظریہ و فکر سے دامن گیر سنگتوں میں ایسے دوستوں سے بھی مراسم رہے، جو اپنے کام اپنے مخلصی اپنے ذمہ داری اور اپنے گفتگو سے اپنے حیات میں ہی آپ کو اپنا گرویدہ بنا دیتے ہیں.

ایسے ہی دوستوں میں سے پہلا دوست سنگت حئی جسکے سنگتی نے مجھے یہاں تک لایا، جس کے بہادری نے مجھے قائل کیا جس کے کام کرنے کے طریقے نے مجھے ہمیشہ حوصلہ بخشا، میں نے بہت

پہلے ایک آرٹیکل میں ذکر کیا تھا کہ حئی میرے لیئے وہ ساتھی رہا ہے جس کے ساتھ موت سے بھی ڈر نہیں لگتا تھا۔ ریحان وہ سنگت ہیں، جس نے سکھایا کہ مر کر بھی دشمن کو ہرایا جاسکتا ہے۔

اس سفر کے دوران ہر وہ لمحہ جب آپ کا قریبی ساتھی آپ سے جدا ہو جائے وہ لمحہ بیان وگمان سے بہت آگے ہے، وہ لفظ نہیں ملتے آپ کو جو آپ اپنے ساتھی کے لیے محسوس کرتے ہو وہ لمحے آئینے کی مانند آپ کے سامنے آن کھڑے ہوتے ہیں تب بھی آپ اس درد کو لفظوں کی شکل میں قطعی طور پر بیان نہیں کر سکتے، وہ پل جوان ساتھیوں کے ساتھ کٹے تھے وہ احساس وہ خوشی وہ قہقہے الفاظ کو ساگر کے لہروں سے لڑ کر بھی چھڑا لو تب بھی وہ ذکر ادھورا رہ جائے گا۔

میں کبھی ضیاء کو بیان نہیں کر سکا
میں کبھی اس حئی کو بیان نہیں کر سکا جسکے ساتھ میں نے جنگ لڑنا سیکھا.
میں کبھی امتیاز کے مہربان لفظوں کو پنے پر اتار نہیں سکا
میں کبھی جاوید کے قہقہے کو سنا نہ سکا
میں کبھی سلیمان کے میٹھے الفاظ کو بیان نہ کر سکا
اور نہ کبھی امیر کے محبت بھرے مجلس کو لکھ سکا
نہ ہی کبھی صدام عرف عرفان کے گفتگو کے ان لمحوں کو بیان کر سکا جس کے قہقہوں میں سفر آسان ہوتا تھا۔

ایسے ان گنت ساتھی جو سفر کے راہی رہے، لمحہ بہ لمحہ انکی جدائی نے جو درد دیا، وہ بس اس منزل تک پہنچنے پہ مکمل ہوگا یا تو ہم لڑ کر مرینگے یا پھر اس روشن صبح تک چلینگے جس کا وعدہ ان شہدا سے کیا ہے۔ اس کے علاوہ کچھ بیان کرنا ان ساتھیوں کے متعلق وہم گمان سے باہر ہے.

جس قدر ان ساتھیوں کے جدائی نے غمزدہ کیئے رکھا ہے، اس سے بڑھ کر ہر ایک ساتھی کی قربانی نے اس جذبے اس حوصلے کو اور اڑان بھرنے میں سہارا دیا ہے۔ انگنت انمٹ ساتھیوں کی قربانی و چنا ہوا راستہ ایک آزاد وطن کا خواب ایک خالص تحریک جو ہم سے ہر لمحہ لہو کی مانگ کی ہے اور جہاں لہو کی مانگ ہو وہاں جان کی پروا نہیں کی جاتی. یہی ریحان کا فلسفہ ہے۔

ایسا ہی ہوا جب تحریک 2011 میں دشمن کے غضب کا شکار ہو رہا تھا، جہاں ساتھی اٹھائے اور لاشوں میں تبدیل کیئے جا رہے تھے، جب دشمن بدمست ہو کر گلی کوچے، گیابانوں کو جلا رہا تھا تب اس خوف کے عالم میں سینوں میں بھڑکتی آگ کو بھڑکانے کے لیے شہید درویش سامنے آیا اور لہو کے ایندھن سے آگ کو بھڑکا دیا اسی طرح، اس بار اپنوں کے کرم نوازی سے تحریک سرد خانوں کی نظر ہو رہی تھی، دشمن عالمی سطح پر متحرک ہو کر چائنا کی سربراہی میں اپنے قبضے کو دوام بخش رہا تھا تو ریحان سر بہ کفن دالبندین کے میدان میں اتر کر دشمن کے خلاف کارروائی میں اپنے سر کا سودا لگا کر تحریک وجہد میں ایک نئی روح پھونک دی۔

سنگت ریحان کی جانبازی، ہمت وحوصلہ اسکے لفظوں، اسکی آنکھوں میں بخوبی دیکھا جا سکتا ہے، بس ضرورت اس امر کی ہے کہ وہ آنکھیں میسر ہو، جو اس فیصلے کے اثرات دشمن کے شکست بھرے آنکھوں میں دیکھ سکے. اس فہم کی ضرورت ہے جو ریحان کی جدوجہد کے زریعے دشمن کو بتا سکے کہ تمھارا یہاں کچھ بھی نہیں.

ہم میں سے ہر ایک ساتھی نے اپنے کام اپنے زمہ داری اپنی آخری سانس تک لڑنے کا عہد کر چکا ہے، اسی طرح ریحان نے بھی اپنے آخری سانسوں کا سودا دشمن کو یہ پیغام دینے کے لیے لگایا کہ یہاں ہم میں سے ہر وہ ساتھی تمہارے شکست کا سبب بنے گا جس نے یہ رستہ اختیار کیا ہے۔ ریحان سمیت سب کو معلوم تھا کہ یہ کاروائی آخری نہیں نہ ہی دشمن کو یہ سمجھ لینا چاہیئے.

تحریکیں ایسے مشن کا انتخاب ہی اس لیئے کرتے ہیں کہ دشمن کو خوفزدہ کر کے شکست سے دوچار کر کے کمزور کیا جائے. ایسے انتہائی حملوں سے دشمن کو بتایا جاتا ہے کہ ہم ہی اس وطن کے سچے عاشق ہیں. تحریک اپنے سفر میں ہر وہ عمل کارآمد بناتی ہے جس سے دشمن کو نقصان اور تحریک کو فائدہ پہنچے، ہر شہید سنگت نے اسی غرض سے قدم بہ قدم مشکلات کو. مسکرا کر اس لیئے قبول کیا کے تحریک کو دوام بخشا جائے۔

ریحان نے مجید بریگیڈ کا انتخاب کر کے وطن مادر سے اپنے محبت کا اظہار و دشمن سے نفرت کا جو پیغام دیا ہے ایسے ہی عظیم فیصلے ایسے عظیم قربانیوں کے بدولت ہی آج دنیا کے نقشے پر آزاد ریاستیں قائم

ہوئے ہیں۔ ریحان کی قربانی دشمن کے لیئے خوف کی علامت ہے اور یہ خوف اسے بلوچ کے ہر فرزند سے لاحق رہے گی۔

ریحان کی قربانی سے تحریک میں جو جان آئی ریحان کی قربانی سے لوگوں میں جو امید ابھر آئی ہے ریحان کی قربانی سے ماؤں کے جو حوصلے بلند ہوئے ہیں، ریحان کا مشن انہی بدلاؤ کے آنے سے مکمل ہوا ہے. ریحان سمیت تمام دوست اور تمام شہدا اس دن جیت کی خوشی منائیں گے جب سارے بلوچ اس جنگ کو اپنا سمجھیں گے۔.

ریحان نے اس جنگ کے کامیابی میں ارادوں کو اس قدر مضبوط کر دیا ہے، جواب نہ کسی سردار میر و سرکار کے بس میں ہو کے ایسے مظبوط ارادوں کا رستہ روک سکے. اس جنگ کے اثرات اب دشمن کے خلاف اٹھنے والے ہر قدم کی رہنمائی اس وقت تک کرتے رہیں گے جب تک شکست دشمن کا مقدر نہ بنے۔

ہر اس مسافر کا رہنما ریحان بنے گا جو اس چنے ہوئے رستے پر دشمن کے خلاف مورچہ زن ہوگا

ہر اس لفظ کا استاد ریحان ہوگا جو دشمن کے خلاف لکھا جائے گا

ہر اس عمل کا کردار ریحان ہوگا جو دشمن کے تابوت میں کیل کی. مانند ٹھوکی جائے گی

زندہ ریحان سے زیادہ خطرناک وہ ریحان ہوگا جو دشمن کے خلاف دالبندین کے میدان میں شکست کا علان کر کے فنا ہو گیا

ریحان دشمن کے لیے شکست کا علامت ہے کیونکہ وہ پیدا ہی دشمن کو شکست دینے کے لیئے ہوا تھا اس نے زندگی کے تھوڑے ہی وقتوں میں ہر دل میں وہ جگہ بنائی کے انکے حیات میں ہی انکے اپنائیت کا احساس ہو جاتا تھا۔

